ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | بدھ 07 ربیع الثانی 1447 یکم اکتوبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 86
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# کوئٹہ میں دہشتگردی کی شدید مذمت، بلوچستان کو پرامن اور محفوظ صوبہ بنانے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا، میر سرفراز بگٹی

ریاست مخالف عناصر کا ایجنڈا محض معصوم شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا اور خوف و ہراس پھیلانا ہے مگر قوم کا عزم اور اتحاد دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ناکام بناتا رہے گا

**دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان جس جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں وہ نہ صرف قابل تحسین بلکہ قوم کے لیے باعث فخر ہے**

ریاست ہم سب کی ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، فورسز نے بروقت کارروائی کر کے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جس پر پوری قوم اپنے غیور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے

**عوام اور سکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہم شہداء کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے وزیراعلیٰ کی شہداء کے بلند درجات اور زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں کسی صورت عوام اور ملک کے حوصلے کو پست نہیں کرسکتیں یہاں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف عناصر کا ایجنڈا محض معصوم شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا اور خوف و ہراس پھیلانا ہے مگر قوم کا عزم اور اتحاد دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ ناکام بناتا رہے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے کے فوراً بعد سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کر کے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، جس پر پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے انہوں نے کہا کہ فورسز کی قربانیاں اور عوام کا تعاون دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سب سے بڑی طاقت ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو پرامن اور محفوظ صوبہ بنانے کے عزم پر ہم سب متحد...

بقیہ نمبر 01 صفحہ 07

## پاکستان نے جدید ترین کروز میزائل "فتح 4" کا کامیاب تجربہ کرلیا

فتح 4 دشمن کے میزائل ڈیفنس سسٹم کو چکمہ دینے اور انتہائی درستگی سے ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

**صدر، وزیراعظم، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور تینوں سروسز چیفس کی کامیاب تجربے پر مبارکباد**

راولپنڈی، اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے ملکی ماہرین کا تیار کردہ فتح 4 گراؤنڈ لانچ کروز میزائل کا کامیاب تجربہ کرلیا، آئی ایس پی آر کے مطابق میزائل 750 کلومیٹر تک ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے، آرمی راکٹ فورس کمانڈ کی استعداد کار میں مزید اضافہ ہوگا، جدید ایویونکس، نیویگیشن سسٹمز سے لیس میزائل ٹیرین ہگنگ خصوصیات کے باعث دشمن کے میزائل ڈیفنس سسٹم کو چکمہ دینے اور انتہائی درستگی سے ہدف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے، پاکستان آرمی کے روایتی میزائل سسٹمز کی رینج، مہارت، بقا کی صلاحیت کو تقویت ملے...

(بقیہ نمبر 03 صفحہ 07)

دھماکے کی شدت سے روزنامہ مشرق کی عمارت کے دروازے ٹوٹ کر سڑک پر پڑے ہیں

## کوئٹہ دھماکے میں روزنامہ مشرق کی عمارت کو شدید نقصان، فرنیچر، کمپیوٹر اور ادارے کی گاڑی تباہ ہوگئی

خودکش اور دہشت گردانہ حملے اور دھماکے کی وجہ سے روزنامہ مشرق کے دفتر کے تمام شیشے، کھڑکیاں، دروازے اور دیگر قیمتی سامان تباہ

**روزنامہ مشرق کے دفتر کے باہر کھڑی دفتر کی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی دفتر کا مرکزی دروازہ دھماکے کی شدت سے روڈ پر جا گرا**

کوئٹہ (آن لائن) ایف سی ہیڈکوارٹر پر خودکش حملے کے دوران ایوان مشرق کی بلڈنگ مشرق کے دفتر کی کھڑکیاں، دروازے، شیشے اور قیمتی سامان سمیت گاڑی تباہ ہوگئی ... دھماکہ اتنا شدید تھا ...

(بقیہ نمبر 02 صفحہ 07)

خودکش حملے کے بعد دہشتگردوں نے ایف سی ہیڈکوارٹر میں داخل ہونے کی کوشش کی جسے جوانوں نے ناکام بنا دیا، دھماکے سے کئی گاڑیاں تباہ، قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے، خضدار میں فورسز کا آپریشن، فتنہ الہندوستان کے 7 دہشتگرد ہلاک

# کوئٹہ: ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب خودکش دھماکہ، اہلکاروں سمیت 12 شہید، درجنوں زخمی، 5 حملہ آور ہلاک

منگل کو صبح ساڑھے گیارہ بجے کے قریب دہشت گردوں نے بارود سے بھری گاڑی ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب دھماکے سے اڑا دی 3 جوانوں سمیت 12 شہری شہید جبکہ 37 زخمی ہوگئے

**دھماکے کے بعد دہشت گردوں نے ایف سی ہیڈکوارٹر میں داخل ہونے کی کوشش کی تاہم ایف سی اہلکاروں نے بروقت جوابی کارروائی کرتے ہوئے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا**

دھماکے کے بعد لوگ خوف کے مارے گھروں سے باہر نکل آئے، ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے 15 دستی بم، 3 انڈر بیرل گرنیڈ لانچر اور 4 کلاشنکوفیں قبضے میں لے لی گئیں

**زہری کے پہاڑی علاقوں میں دہشت گرد مقامی آبادی کو ہراساں کرنے کی سرگرمیوں میں ملوث تھے، فورسز نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کر کے 7 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + این این آئی) کوئٹہ میں فرنٹیئر کور ہیڈکوارٹر پر خودکش حملے میں تین ایف سی اہلکاروں سمیت 12 افراد شہید جبکہ 37 افراد زخمی ہوگئے جبکہ سکیورٹی فورسز نے ایف سی ہیڈکوارٹر میں داخلہ ہونے کی کوشش کرنے والے 5 دہشت گردوں کو فائرنگ کر کے ہلاک کردیا۔ سکیورٹی فورسز کے ذرائع نے بتایا کہ منگل کو صبح ساڑھے گیارہ بجے کے قریب دہشت گردوں نے گاڑی میں نصب دھماکہ خیز مواد کے ذریعے ایف سی ہیڈکوارٹر پر...

(بقیہ نمبر 04 صفحہ 07)

کوئٹہ: ایف سی کیساتھ فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کی لاشیں اور ان سے برآمد ہونے والا اسلحہ و گولہ بارود

## شرپسندوں کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے، جعفر خان مندوخیل

**گورنر بلوچستان کی پشین اسٹاپ ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب دھماکہ کی مذمت**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشین اسٹاپ ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب دھماکہ کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔ گورنر بلوچستان نے ہدایت کی کہ فوری طور پر تمام زخمیوں کو تمام طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں نے دہشت گرد حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قانون...

(بقیہ نمبر 06 صفحہ 07)

## کوئٹہ میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر خودکش حملے کے بعد شہر میں سکیورٹی انتہائی سخت

اہم سرکاری عمارتوں اور رش والی جگہوں پر سادہ کپڑوں میں بھی اہلکاروں کو تعینات کر دیئے گئے

**مشکوک افراد اور گاڑیوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت، شہر میں پولیس کے مسلح دستے گشت کر رہے ہیں**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر خودکش حملے کے بعد کوئٹہ میں سکیورٹی کو مزید سخت کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ منگل کو کوئٹہ میں دہشت گردوں کے ایف سی ہیڈکوارٹر پر حملے کے بعد کوئٹہ میں ریڈزون، اہم سرکاری عمارتوں اور بازاروں میں سکیورٹی مزید سخت کردی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اہم سرکاری عمارتوں اور رش والی جگہوں پر سادہ کپڑوں میں بھی اہلکاروں کو تعینات کر کے مشکوک افراد اور گاڑیوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ شہر میں پولیس کے دستے گشت کر رہے ہیں۔ پولیس ذرائع نے شہریوں سے بھی اپیل کی...

(بقیہ نمبر 07 صفحہ 07)

## گاڑی کا فیول ٹینک پھٹنے سے ریسکیو عملہ بھی متاثر

**پی ڈی ایم اے کی ٹیموں نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے میں منگل کے روز ہونے والے بم دھماکے کے بعد پیدا ہونے والی سنگین صورتحال میں پروونشل...

(بقیہ نمبر 05 صفحہ 07)

## ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، آئی ایم ایف کا پھر ڈومور

ڈیلرز، لافرمز، سونے چاندی کا کاروبار کرنے والوں کی نگرانی، سرکاری خریداری کے عمل میں شفافیت کیلئے الیکٹرانک سسٹم نافذ کیا جائے

**ممکنہ تجارتی منی لانڈرنگ کے خطرات واثرات پر رپورٹ طلب، غیر مالیاتی کاروبار، پروفیشنلز کی سخت نگرانی کی ہدایت بھی کردی، ذرائع**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف نے پاکستان سے ٹریڈ بیسڈ منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کا مطالبہ کردیا، عالمی مالیاتی فنڈ نے کہا کہ ڈیلرز، لافرمز، سونے چاندی کا کاروبار کرنے والوں کی نگرانی، سرکاری خریداری کے عمل میں شفافیت کیلئے...

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 07)

## استعفے تو شروعات ہیں ابھی مزید جھٹکے لگیں گے، اپوزیشن کے پی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ڈاکٹر عباداللہ نے ردعمل دیتے ہوئے کہا استعفے تو شروعات ہیں ابھی مزید جھٹکے لگیں گے، سب کو...

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 07)

## کوئٹہ دھماکے کے بعد لاپتہ رکشہ ڈرائیور کا والد اپنے بیٹے کو تلاش کرتا رہا

**میرا بیٹا رکشہ چلاتا ہے رکشہ دھماکے سے کچھ فاصلے پر کھڑا ہے، والد کی فریاد**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ دھماکے کے بعد لاپتہ رکشہ ڈرائیور کا والد ہسپتال میں اپنے بیٹے کو تلاش کرتا رہا اور دہائیاں دیتا رہا مجھے پتہ نہیں کہ میرا بیٹا زخمی ہوا ہے یا مر چکا ہے مجھے بتایا گیا کہ میرے بیٹے کو سول ہسپتال لایا گیا ہے کوئٹہ میرا بیٹا رکشہ چلاتا ہے رکشہ دھماکے سے...

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 07)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج کوئٹہ کی ہونہار طالبات کو اپنے ساتھ کھڑا کر کے ان کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں

## پنجاب میں بلدیاتی انتخابات نہ کرانے پر الیکشن کمیشن کا اظہار افسوس

**کیس 8 اکتوبر کو سماعت کیلئے مقرر، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب ذاتی حیثیت میں طلب**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات نہ کرانے پر الیکشن کمیشن نے افسوس کا اظہار کردیا، چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے عدم انعقاد پر اہم اجلاس ہوا، سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بریفنگ دی، اعلامیہ میں کہا گیا الیکٹورل گروپس کی 2 بار رجسٹریشن ہو چکی، پنجاب میں بلدیاتی قانون سازی پر کام جاری ہے، پنجاب حکومت سے کئی بار خط و کتابت اور میٹنگز کیں، الیکشن کمیشن نے قانون سازی نہ ہونے پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے بلدیاتی انتخابات نہ کرانے کا کیس 8 اکتوبر کو سماعت کیلئے مقرر کر دیا اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔

## کوئٹہ میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر خودکش حملے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر خودکش حملے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایک سوزوکی گاڑی اچانک ایف سی ہیڈکوارٹر کے دروازے کی جانب مڑتی ہے اسکے بعد زوردار دھماکہ ہوا اور آگ کے شعلے اور دھوئیں اور مٹی اڑتی نظر آتی ہے۔ سکیورٹی فورسز کے ذرائع نے بتایا کہ دہشت گردوں نے دھماکہ خیز مواد سے بھری گاڑی ایف سی ہیڈکوارٹر کے دروازے...

(بقیہ نمبر 08 صفحہ 07)

## امریکہ انتہا پسندی اور ڈنڈے والی سیاست نہ کرے، فضل الرحمن

فلسطینیوں پر زبردستی کوئی فیصلہ مسلط نہیں کیا جا سکتا، اسرائیل ناجائز ریاست، کبھی قبول نہیں کریں گے

**امریکی صدر کی ڈنڈا اٹھا کر بات منوانے کی روش اخلاقی ہے نہ سیاسی، امیر جے یو آئی کی پریس کانفرنس**

لاہور (بیورو رپورٹ) جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ امریکہ انتہا پسندی اور ڈنڈے والی سیاست نہ کرے، امریکی صدر کی ڈنڈا اٹھا کر بات منوانے کی روش اخلاقی ہے نہ سیاسی، حماس کے بغیر مسئلہ فلسطین حل نہیں ہوسکتا، پریس کانفرنس کرتے...

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 07)

## عراق بھجوانے میں ملوث 2 اشتہاری ملزمان کو گرفتار

**ملزمان سال 2023 سے اے ایچ ٹی سی کوئٹہ کو مطلوب تھے**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ نے کارروائی کرتے ہوئے معصوم شہریوں کو غیر قانونی طور پر عراق بھجوانے میں ملوث 2 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان بشارت...

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 07)

## فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا میری تعریف کرنا کسی اعزاز سے کم نہیں، ڈونلڈ ٹرمپ

غزہ میں 3 ہزار سالہ جنگ ختم کراؤں گا، حماس کے پاس امن تجاویز کا جواب دینے کیلئے 3 سے 4 دن ہیں

**بھارت پاکستان جنگ میں 7 طیارے گرائے گئے، 20 نکاتی منصوبہ مشرق وسطیٰ میں "تاریخی تصفیہ" ثابت ہوسکتا ہے**

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا میری تعریف کرنا کسی اعزاز سے کم نہیں، حماس کے پاس امن تجاویز کا جواب دینے کیلئے 3 سے 4 دن ہیں، امریکی فوجی جنرلز سے خطاب میں ٹرمپ نے سید عاصم منیر کی تعریف...

(بقیہ نمبر 09 صفحہ 07)

## کوئٹہ دھماکے کے بعد ٹراما سینٹر قیامت صغریٰ کا منظر

**زخمیوں کی کراہیں اور لواحقین کی سسکیاں، طبی عملے نے کئی زندگیاں بچالیں**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں دہشتگردی کے خونریز حملے کے بعد سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر میں دلخراش مناظر دیکھنے کو ملے۔ ہر طرف زخمیوں کی چیخ و پکار، شہداء کے لواحقین کے آنسو اور...

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 07)

## گورنر بلوچستان کا سی ایم ایچ کوئٹہ کینٹ اور ٹراما سینٹر کا دورہ

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سی ایم ایچ کوئٹہ کینٹ اور ٹراما سینٹر سول ہسپتال جناح روڈ کا علیحدہ علیحدہ دورہ کیا جہاں انہوں نے آج پشین اسٹاپ ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب دھماکے...

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 07)

## خودکش حملے میں 25 سے 30 کلو بارودی مواد استعمال ہوا

**حملہ دو گاڑیوں میں کیا گیا، دہشت گردوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر خودکش حملے میں 25 سے 30 کلو بارودی مواد اور 2 گاڑیاں استعمال کی گئی، دہشت گردوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مطابق ایف سی ہیڈکوارٹرز پر خودکش حملے اور دھماکے کی ابتدائی تحقیقات مکمل کرلی گئی ہیں۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مطابق دھماکے...

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 07)

## پی ٹی آئی نے معین ریاض قریشی کو پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر مقرر کردیا

لاہور (بیورو رپورٹ) معین ریاض قریشی کو پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف مقرر کردیا گیا، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ کے مطابق سابق قائد حزب اختلاف ملک احمد خان بھچر اپنا مقدمہ لڑ رہے ہیں۔

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 07)

## ضمنی انتخابات 2 اکتوبر 2025 کو منعقد ہوں گے

**بلدیاتی اداروں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کے الیکشن کیلئے انتظامات مکمل**

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اعلامیہ کے مطابق بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بلدیاتی اداروں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی خالی نشستوں پر ضمنی انتخابات جمعرات، 2 اکتوبر 2025 کو منعقد ہوں گے۔ ان انتخابات میں ضلع سوراب کی...

(بقیہ نمبر 10 صفحہ 07)

## ٹرمپ منصوبے پر فلسطینی رہنماؤں نے خوشی کا اظہار کیا، اعظم نذیر تارڑ

**ماتم کرنے کی بجائے خوش ہونا چاہیے، اسلامی بلاک میں پاکستان کو اہم کردار ملا**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے دعویٰ کیا ہے کہ ٹرمپ کے امن منصوبے پر فلسطین کے کلیدی رہنماؤں نے خوشی کا اظہار کیا ہے، سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا اسلامی بلاک میں پاکستان کو اہم کردار ملا، فلسطین کے مناظر دیکھ کر ہر درد دل رکھنے والا پریشان ہے، ماتم (واویلا) کرنے کی بجائے خوش ہونا چاہیے، جانب سے مزید...

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 07)

## عمران خان کی جج ہمایوں دلاور کیخلاف درخواست خارج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جج ہمایوں دلاور کیخلاف درخواست خارج کردی، جسٹس اعظم خان نے کیس پر سماعت کرتے ہوئے قرار دیا درخواست گزار کی جانب سے مزید...

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 07)

## چیف جسٹس، سربراہ آئینی بنچ آکر ساتھ بیٹھنا چاہیے، جسٹس محسن اختر کیانی

**یونین کا معاملہ نہیں اصول کی بات، ججز کو کٹہرے میں کھڑا ہو کر ملزم جیسا ہی محسوس ہوا**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا ہے چیف جسٹس، آئینی بنچ کے سربراہ کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں آکر ساتھ بیٹھنا چاہیے، تمام مسائل حل ہوں گے، ججز کو کٹہرے میں کھڑا ہو کر ملزم جیسا ہی محسوس ہوا...

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 07)

## معاہدے پر عملدرآمد، امریکہ نے 100 ایرانی شہریوں کو ملک بدر کردیا

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) معاہدے پر عملدرآمد، امریکہ نے 100 ایرانی شہریوں کو ملک بدر کردیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق نیویارک ٹائمز نے رپورٹ کیا ایرانیوں کو لیکر امریکی چارٹرڈ...

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 07)

## جی ایچ کیو حملہ کیس، 13 گواہوں کے بیان دوبارہ لینے کیلئے درخواست دائر

**وکلا کی عدم موجودگی میں ریکارڈ بیانات کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، وکلائے صفائی کا موقف**

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) وکلائے صفائی نے جی ایچ کیو حملہ کیس میں عمران خان کی غیر موجودگی میں ریکارڈ 13 گواہوں کے بیان دوبارہ لینے کی درخواست دائر کردی گئی، عدالت نے سماعت جج امجد علی شاہ کی طبیعت ناسازی کی وجہ سے 7 اکتوبر تک ملتوی کردی، وکلائے صفائی کی درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا گواہوں نے کیا کہا؟ عمران خان نے کچھ...

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 07)

## غزہ کا مسئلہ صرف اسرائیل اور امریکہ حل نہیں کرسکتے، محمود خان اچکزئی

اگر مذاکرات اچھے ماحول میں ہوں تو انسان کو اللہ تعالیٰ نے عقل و فہم دی ہے وہ اس کا علاج نکال سکتا ہے

**حوالدار سپیکر اور شہباز اینڈ کمپنی زور کی بنیاد پر 25 کروڑ انسانوں کا مینڈیٹ چھین کر قابض ہوگئے**

اسلام آباد (پ ر) باجوڑ، خیبر ہر جگہ بچوں کو مارا جا رہا ہے یہ قتل عام نہیں چلے گا، ملک میں آئین بحال کیا جائے، پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنایا جائے، جو بھی ادارے اس جعلی حکومت کو سپورٹ کر رہے ہیں، یہ آئین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں، پشتون، بلوچ، سندھی، پنجابی...

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 07)

## طویل بندش کے بعد پاک افغان بارڈر انگور اڈہ گیٹ کھول دیا گیا

**اقدام عوام کیلئے معاشی بہتری و روزگار کے مواقع بھی فراہم کرے گا، مقررین**

چمن (بیورو رپورٹ) طویل بندش کے بعد پاک افغان بارڈر انگور اڈہ گیٹ باضابطہ طور پر کھول دیا گیا، افتتاحی تقریب میں رکن قومی اسمبلی زبیر وزیر، بریگیڈیئر عمران، ڈپٹی کمشنر ساؤتھ وزیرستان لوئر مسرت زمان نے خصوصی طور پر شرکت کی، قومی مشران، علماء کرام، طلبا اور عوام کی بڑی تعداد بھی موجود تھی، مقررین نے کہا انگور اڈہ بارڈر کا دوبارہ کھلنا نہ صرف...

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 07)

## لکپاس ٹنل پر قائم ایف سی چیک پوسٹ منتقل کرنے کیلئے ایک مہینے کی استدعا منظور

بلوچستان ہائیکورٹ میں آئینی درخواست کی سماعت، فرنٹیئر کور پس کے نمائندہ نے عدالت کو یقین دہانی کروادی

**چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان پر مشتمل دو رکنی بینچ نے دائر آئینی درخواست کی سماعت 30 اکتوبر تک ملتوی کردی**

کوئٹہ (خ ن) لکپاس ٹنل پر عوام کی آزادانہ آمد و رفت کو یقینی بنانے اور شاہراہ پر ٹریفک کی بہاؤ میں رکاوٹوں کے خاتمے کے لیے عدالت عالیہ بلوچستان میں لکپاس ٹنل پر قائم ایف سی چیک پوسٹ سے متعلق دائر آئینی درخواست میں فرنٹیئر کور پس کے نمائندے نے...

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 07)

## سعودی ولی عہد نے وزیراعظم کی دورہ پاکستان کی دعوت قبول کرلی

**شہزادہ محمد بن سلمان 31 دسمبر سے پہلے پاکستان آئیں گے، اہم منصوبوں کا اعلان متوقع**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے وزیراعظم شہباز شریف کی دورہ پاکستان کی دعوت قبول کرلی، حکام وزارت خارجہ کے مطابق شہزادہ...

(بقیہ نمبر 32 صفحہ 07)

## قطر اور مصر نے حماس کیساتھ مجوزہ امن منصوبہ شیئر کردیا

**منصوبے کا جائزہ لیکر جواب دیں گے، غیر ملکی ادارے کی حکمرانی قبول نہیں، حماس**

غزہ (بیورو رپورٹ) قطر اور مصر نے حماس کیساتھ مجوزہ امن منصوبہ شیئر کردیا، حماس نے جواب دیں گے، غزہ پر غیر ملکی ادارے کی حکمرانی قبول نہیں، تجاویز کا مثبت طرز عمل میں جائزہ لیکر جوابی حکمت عملی سے آگاہ کریں گے۔

## ارسا نے ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس 7 اکتوبر کو طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ارسا نے ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس 7 اکتوبر کو طلب کرلیا، ترجمان کے مطابق اجلاس چیئرمین ارسا صاحبزادہ شبیر کی زیر صدارت...

(بقیہ نمبر 33 صفحہ 07)

## پیکا ایکٹ کے تحت صحافیوں کو جاری نوٹسز معطل، فریقین سے جواب طلب

پشاور (بیورو رپورٹ) پیکا ایکٹ کے تحت صحافیوں کو جاری نوٹسز معطل، فریقین سے جواب طلب کرلیا گیا، درخواست پر سماعت پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس اعجاز...

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 07)

## پی ٹی آئی نے سپیکر ڈائس کے سامنے اپنی عوامی اسمبلی لگالی

**اسد قیصر نے سپیکر کے فرائض سرانجام دیئے، اراکین کی تقاریر، قراردادیں منظور**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نے قومی اسمبلی میں احتجاج کرتے ہوئے محمود اچکزئی کی قیادت میں سپیکر ڈائس کے سامنے اپنی عوامی اسمبلی لگالی، اسد قیصر نے سپیکر کے فرائض سرانجام دیئے، اراکین نے تقاریر کیں، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی جانب سے...

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 07)

## پیپلز پارٹی مریم نواز کی تقاریر پر ناراض، قومی اسمبلی سے واک آؤٹ، حکمران اتحاد سے علیحدگی کی دھمکی دیدی

پانی دریائے سندھ اور پاکستان کا ہے، تقریروں سے افسوس ہوا، حکومت کو کندھا دینے کے طعنے مل رہے ہیں، نوید قمر

**معاملہ وزیراعظم کے سامنے اٹھانے کا فیصلہ، حکومت ہماری مرہون منت، عزت نہ ملی تو دوسرا آپشن سوچ سکتے ہیں، ذرائع پی پی**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی مریم نواز کی تقاریر پر ناراض، قومی اسمبلی سے واک آؤٹ، حکمران اتحاد سے علیحدگی کی دھمکی دیدی، سردار ایاز صادق کی زیر صدارت اجلاس ہوا تو پی پی رکن سید نوید قمر نے نکتہ اعتراض پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی حالیہ...

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 07)

کوئٹہ دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو ہسپتال میں طبی امداد دی جارہی ہے

## سکیورٹی اداروں اور عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، آئی جی پولیس

بزدلانہ حملے پولیس اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے حوصلے پست نہیں کرسکتے، محمد طاہر کی بات چیت

**عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے**

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے منگل کے روز پشین اسٹاپ پر ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب ہونے والے دھماکے کی جگہ کا دورہ کرتے ہوئے جائے وقوعہ کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایا، دیگر اعلیٰ پولیس افسران اور...

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 07)

# پنجگور میں ٹریفک حادثے کی فوٹیج منظر عام پر آگئی

## ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک گاڑی ٹائر نکلنے پر مسافر بس سے ٹکرائی

## حادثے کے بعد دونوں گاڑیوں میں خوفناک آگ لگ گئی ریسکیو آپریشن مکمل

# ہسپتالوں میں مریضوں کو دوائی میسر نہیں، جمہوری وطن پارٹی

## بجٹ کا کڑنے بلوچستان کے محکمہ صحت کو مکمل طور پر ذاتی کاروبار بنا ڈالا ہے

# بلدیاتی اداروں میں کام بند ہیں عوام پریشان: ذوالفقار شاہ

# لسبیلہ میں سرکاری ملازمتوں کیلئے انٹرویو کو کئی ماہ گزرنے کے باوجود آرڈر نہ ہو سکے

# صوبائی وزیر ظہور بلیدی کی ضلع کیچ کے شہید بینظیر بھٹو سکالرشپ کے تحت منتخب 10 ذہین طلبہ کو مبارکباد

# پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو ترجیح دی جا رہی ہے شاہ زیب کاکڑ

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر کھلی کچہریاں شروع ہیں، کمشنر کوئٹہ

## غیرقانونی ٹیوب ویل کی تنصیب پر پابندی عائد کی گئی ہے، صحافیوں سے گفتگو

# موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات خطے کیلئے بڑا چیلنج: طیب لہڑی

## فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے قائم خواتین فارمر فیلڈ سکول کے دورہ پر گفتگو

# ن لیگ خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، جمال شاہ کاکڑ

## ہر فورم پر پاکستان کی شاندار نمائندگی سے قوم کا سر فخر سے بلند ہے

# پیپلز پارٹی کسانوں اور ہاریوں کیلئے ہمیشہ کوشاں رہی: صادق عمرانی

## کوشش ہے کہ زمینداروں کو بروقت پورا پانی مہیا کیا جائے، سینئر صوبائی وزیر

# بلوچستان کی تمام جماعتوں میں ہم آہنگی پیدا ہوگی سردار صالح بھوتانی

# بلوچستان کا بلدیاتی نظام بے اختیار ہے لیاقت بلوچ

# لارڈ میکالے کی پیدا کردہ تفریق کا دندان شکن جواب دینگے، حافظ حبیب الرحمٰن

# بی اے پی میں میرٹ کو فوقیت دی جاتی ہے: جمشید کمار

# بی اے پی خدمت کے تسلسل کو مزید بڑھائے گی: ربابہ بلیدی

## خواتین کی شمولیت بی اے پی کی پالیسیوں کا اہم حصہ ہے، مشیر وزیراعلیٰ

# کیچ کلچرل فیسٹیول کی تیاریاں جوش و خروش سے جاری

## شہر بھر میں پمفلٹ تقسیم، بینرز، پوسٹرز اور اسٹیکرز آویزاں کیے جا رہے ہیں

# بی اے پی میں ورکر اور قیادت میں کوئی فرق نہیں: زبیدہ جلال

## عام انتخابات میں بلوچستان عوامی پارٹی حصہ لے کر کامیابی حاصل کرے گی

# کسان اتحاد کا گندم کاشت سے پہلے حکومت کو ریٹ متعین کرنے کا الٹی میٹم

## TENDER NOTICE

TSE-252609883173 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Roads) Communication Works, PP&H Department District Hub invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs 1000/- and Bid Security 2%**

| S.No | Name of Work | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | Repair/ Restoration of Abbas Goth Causeway Gadani. | 10,000,000 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 7,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **17 October, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **17 October, 2025 till 12:00 PM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **01:00 PM Address:** Behind Allied Bank MAIN RCD ROAD TEHSIL HUB DISTRICT HUB

Phone no: 0853363462 Fax no: 0853363122

Email: xenroadhub@gmail.com

**Executive Engineer-Roads CW, PP&H Department District, Hub**

**PRQ No.1648/30-9-2025**



## NOTICE INVITING TENDER

**Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It Is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** THE EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender 2000 PKR and Bid Security 3%

| S.No | Name of Work/s | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | REHABILITATION AND ADDITIONAL WORK ST. LUKE'S CHURCH BASTI PACHIT (UP&DD) QUETTA **TSE-252609880103** | 9,900,581 |
| 2 | REHABILITATION AND ADDITIONAL WORK OF JUM KHANNA BALMIK MANDIR QUETTA **TSE-252609880133** | 9,900,921 |
| 3 | ADDITIONAL WORK OF ARYA SAMAJ MANDIR MUSAFIR KHANA MANDIR, CHOHAR MALL DHARAM SHALA QUETTA **TSE-252609880173** | 34,652,504 |
| 4 | Installation of Solar Street Lights in Barshor and Rehabilitation of Religious Institute at Killi Villa and Adda Bazar, Pishin **TSE-252609879563** | 69,300,000 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The specific criteria for each TSE mentioned in the bidding document **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **16 October, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **16 October, 2025 till 09:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **10:00 AM Address:** New Zarghoon Road **Phone no:** 0819211904

**Fax no:** 0819211904 **Email:** engr.inam2011@gmail.com

**EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA**

**PRQ No.1652/30-9-2025**



## NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Irrigation Division Loralai invites sealed percentage rate tenders based on composite schedule of rates (CSR 2023), Government of Balochistan amended up to date from interested contractors /firms for the works listed below:-

**Tender Fee 1000/- and Earnest Money 2% of Bid Cost for each work**

| S.No | Name of Works. | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BUND / WALL KILLI KACH AREA DISTRICT LORALAI **TSE-252609882393** | 29,717,777 |
| 2 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BUND / WALL KILLI SHAH KAREZ DISTRICT LORALAI **TSE-252609882653** | 17,000,000 |
| 3 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BUND KILLI NIGANG AREA DISTRICT LORALAI **TSE-252609882573** | 15,000,000 |
| 4 | CONSTRUCTION OF WATER CHANNEL OVER RIVER DRAZNDA DISTRICT LORALAI **TSE-252609882063** | 15,000,000 |
| 5 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL KILLI MAHOL AREA DISTRICT LORALAI **TSE-252609882973** | 15,000,000 |
| 6 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL KILLI SURKI JANGLE DISTRICT LORALAI **TSE-252609882923** | 14,500,000 |
| 7 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL KILLI CHIRGI AREA DISTRICT LORALAI **TSE-252609882473** | 14,000,000 |
| 8 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION SCHEME KILLI MINARA DISTRICT LORALAI **TSE-252609882483** | 13,000,000 |
| 9 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL KILLI SHAH KAREZ SULMAIN KHEL DISTRICT LORALAI **TSE-252609883023** | 12,000,000 |
| 10 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL KILLI CHINJAN AREA DISTRICT LORALAI **TSE-252609881973** | 10,530,000 |
| 11 | CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL KILLI ZARH KAREZ DISTRICT LORALAI **TSE-252609883033** | 10,000,000 |

**Eligibility of bidders**: - Registrations with relevant taxation department i.e (NTN), Income Tax / Sales Tax Department, Balochistan Revenue Authority (BRA) updated. Registration with Pakistan Engineering Council in Relevant Category C-5 and Above for Serial No 1, C-6 and Above for Serial No 2 to 11. Discipline Code **CE-04 (v) (Irrigation Only)** valid for the year 2025-26. The **Technical Proposal** shall consist of the Following Documents: - Name of Firm / Contractor with year of establishment along with postal address and telephone number. Name of Technical Supervisory staff/Management Staff along with their qualifications/ Experience and proof of their stay with the firm, with fresh affidavit **(duly attested by first class Magistrate)** as per criteria specified in bidding data. Detail of Works Machinery as per details mentioned in bidding documents. Complete with all respect giving their model, make, condition and location. No of Projects completed (Details should be given as per criteria Specified in bidding documents). Fresh Registration / Clearance from income tax Department and BRA Original must be shown on submission/Opening the technical Proposals. As per BPPRA rule 25 sub rule (2) serial 3 only one bid can be submitted against one NTN. Under taking on judicial paper **(duly attested by First Class Magistrate)** that the firm has never been black listed and involved in litigation. It is mandatory that the Contractor must submit the original fresh PEC valid registration i.e. 2025-26 with Pakistan Engineering Council (PEC) on the time of submission / opening the Technical Proposals. Non satisfactory performance in past or present with any executing agency will lead to the disqualification of Firm /Contractor. Detail of bases of evaluation of technical proposal is referred to the bidding documents (IB-3-3.2). **The Financial Proposal** shall consist of the Following Documents: - Detail BOQ with Quoted Rates in sealed envelope mentioned the name & Title of scheme. Bid Security @ 2 % of bid quoted amount must be in the form of call deposit from the Firm Account in favor of the office Name of the under signed from a scheduled bank of Pakistan. **No any Bank Drafts & Banker Cheque will be acceptable. TENDER DOCUMENTS:** The bidders can obtain the bidding document from the address mention above on production of green Challan of (Rs) Mentioned against Each work deposited in the head of account C-03434 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from the Website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk), during working hours, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. **DEADLINE OF SUMBISSION:** Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in two separates envelopes clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **15th October, 2025 at 12:00 PM. OPENING:** The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day **15th October, 2025 at 1:00 PM.** Before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend. The Second sealed envelope containing "financial bids" of technically responsive / qualified bidders will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the technical bids. In case of any holiday or force majeure the opening willing be on the next official day. **Bids Validity: Ninety (90) days. Place of issuance and submission will be:-** Address: Office of the Executive Engineer Irrigation Division Loralai Office Telephone No.0824-410813 email address: engrkarimkakar@gmail.com **Terms and Conditions:** Terms and conditions are mentioned (incorporated) in bidding documents.

**Executive Engineer Irrigation Division Loralai**

**PRQ No.1650/30-9-2025**



## NOTICE INVITING TENDER

The procurement of works listed below for which Notice Inviting Tender on sealed percentage rates based on CSR 2023 Govt: of Balochistan are invited from interested Contractors / Firms with detailed terms & conditions are given below.

**The tender fee Rs.1000/- will be deposited through green challan in the National Bank of Pakistan Pishin Branch under the head of account C-02716 (Building CWPP&H Receipt), Earnest Money 3% of the Bid cost in the shape of a call deposit, RELEVANT CATEGORY C-6 & Above and DATE OF COMPLETION 30th June 2026**

| S.# | NAME OF WORK. | E/COST |
|---|---|---|
| 1. | Rehabilitation of RHC Karbala and veterinary Hospital Karbala, tehsil Pishin district Pishin PSDP No 1785 (Z2025.0275) **TSE-252609880593** | RS, 10,000,000/- |

**Eligibility of Bidders** Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Presence in Active Taxpayer List (ATL) is mandatory. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency in Pakistan. Balochistan Revenue Authority (BRA) Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 80% Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category. CDR 3 Assignment of similar nature of work and complexity completed in previous 3 years 100% of the Estimated Cost Green Chalan **Method of Procurement** Single Stage, Two Envelope Procedure. **Bid Security** The bid must include a Call Deposit Receipt (CDR) in the amount specified, issued in the name of the undersigned, from a scheduled bank under the contractor's title account. Fake Call Deposits will result in blacklisting of the firm. **Tender Documents** Can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Last Date for Bid Submission:** 14th **October, 2025, by 11:00 AM. Tender Opening:** 14th October, 2025, at 12:00 PM Financial bids opening date will be announced later. **Additional Conditions** Bid security (CDR) for technically non-responsive bidders will be returned within 30 days. Bid Validity Period: 90 days. An affidavit on non-judicial stamp paper (PKR 100/-) must declare: The firm has never been blacklisted. All documents and information submitted are true and correct. Documents will be verified from relevant authorities. Contractors who failed to complete previous projects without valid reasons are ineligible to participate. **For any queries, please contact the Executive Engineer, Building Communication Works, PP&H, District Pishin Office through one of the following: Contact Number: 03013239187**

**EXECUTIVE ENGINEER-BUILDING Communication Works PP&H District Pishin.**

**PRQ No.1631/30-9-2025**



## NOTICE INVITING TENDER

Only electric bid will be submitted. No physical bid is required **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, it is mandatory for All Bidders to Get Registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Jhall Magsi invites bids from Eligible Bidders for Execution of following works for the year 2025 based on Composite Schedule Rates (CSR) 2023 on Percentage Rates.

The tender fee 2000/- will be deposited through green challan in National Bank of Pakistan Jhal Magsi Branch under the head of account **C-02716 (Communication Receipt), Earnest Money 2% of Bid cost in shape of call deposit, RELEVANT CATEGORY C-4 and Above**

| S.No. | NAME OF WORK. | E/COST |
|---|---|---|
| 1 | CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD FROM HATHYARI TO SANJRANI LINK ROAD (PHASE-I) DISTRICT JHAL MAGSI **PSDP No:1329 Z2025.0817 TSE-252609882503** | 148.528 M |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of bidders:** - The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Last Three Years Turnover of at least 103,969,600 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Bidder Requires to Submit Rs 2000/- Green Challan Bidder is required to Submit Original Scan Copy of CDR 2% of Total Cost Under taking on judicial stamp paper (duly attested by First Class Magistrate) that the firm has never been involved in litigation with any Government / Semi Government Organization Original Authority letter on Judicial Stamp Paper duly attested by 1st class magistrate. Firm that has completed at least Three (03) Contract with a value not less than 70 % of Estimated Cost during last Three (03) years Audit Report last Previous 3 Years CDR, Green Challan and All Above mentioned Original Affidavit must be reached to Office of the Executive Engineer(Road) CWPP&H Department District Jhall Magsi Before Opening Time. **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 %specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **20 October, 2025 till 12:00 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **01:00 PM on EPPS System Address: Executive Engineer(Roads) CWPP&H Department District Jhal Magsi Phone no:0837-430089**

**Email: saqib.sarwar@gmail.com**

**Executive Engineer (Road) C W, P P & H Department District Jhall Magsi**

**PRQ No.1656/30-9-2025**



## NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Public Health Engineering Division Quetta are invites the tenders from the approved Government Manufactures of Pipe/ Suppliers. **Bid Security 2% in shape of Call deposit**

| S# | NAME OF WORK | | | E/Cost | T/Fee |
|---|---|---|---|---|---|
| 1- | **PROVIDING AND LAYING OF PIPE LINE FOR WATER SUPPLY SCHEME SERA KHULA TO QUETTA CITY PSDP NO.4810** | | | | |
| i. | Providing of Pipe Line 16400-Rft **TSE-252609879783** | 200mm | 1-Job | 36.602-M | 2000/- |

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **ELIGIBILITY**: - a. Three Years Relevant Work Experience in PHE Department. b. Turn-Over of at least three years showing financial capacity of the firm. c. The Firm must have registration with tax authorities i.e (NTN Sales tax department and Baluchistan Revenue Authority/BSTS) valid registration with Pakistan Engineering council in relevant category who have deposited enlistment/renewal fee for the year 2025-2026. Tender fee deposited in head of account C0272602 through green challah form original in State Bank of Pakistan/National Bank of Pakistan Quetta Rs, 2000 of each work detail given as above. d. only manufacturer will be allowed to participate in the bidding process, in case of dealership, agreement between manufacturer and Supplier duly attested on Judicial stamp paper dully attested by the court of Law. e. Audit Report Last 3 Years f. The firm either blacklisted nor involved in any Litigation / Arbitration (Attach all certificates and the affidavit (on non-judicial stamp paper) of not blacklisting) not involved in any litigation / arbitration). g. for supply of pipe company/ firm must be Manufacture and PSQCA certified must be ISO certified and quality certified authority and ISO Quality Certificate for the last 2 years. h.Completion certificate of same nature at least last 3 year work order work of same geographic. i.Bank guarantee are CDR rate offer below 10% of Estimated Cost must be submitted with financial bid. j. All the Pages must be signed and Marked From start to end. k. The detail of each works are available on B-PPRA website. l.CDR, Green Challan and All Above mentioned Original Affidavit must be reached to Office of the Executive Engineer PHE Division Quetta Before Opening Time. **Method of Procurement:** - Single stage, Two Envelop procedure will be adopted. **Bidding/Tender documents:** - **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk Last Date of bid submission: Bid can only be submitted electronically latest by 17 October, 2025 till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System. Address:- office of the Executive Engineer PHE Division jail road near Marker Factory Quetta. Telephone No.9201431 and 9201228 E-mail Address:- XEN-phequetta@gmail.com. CONDITIONS. **Full terms and conditions/site of the detail works can be seen BPPRA Website.**

**Executive Engineer PHE Division Quetta**

**PRQ No.1644/30-9-2025**

## بلوچستان حکومت کا امراض قلب کیلئے جدید ہسپتال قائم کرنیکا اعلان

### پاکستان بالخصوص بلوچستان میں دل کی بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے، بخت محمد کاکڑ

### دل کی بیماری کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا مسئلہ ہے وزیر صحت

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے عالمی یوم قلب کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا بھر میں امراض قلب تیزی سے بڑھتے ہوئے صحت کے بڑے چیلنجز میں شمار ہو رہے ہیں، بدقسمتی سے پاکستان بالخصوص بلوچستان میں بھی دل کی بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے جس کی بڑی وجوہات میں غیر متوازن غذا، ورزش کی کمی، ذہنی دباؤ، تمباکو نوشی اور بلڈ پریشر شامل ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کو یہ سمجھنا ہوگا کہ دل کی بیماری کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا مسئلہ ہے کیونکہ صحت مند دل ہی ایک صحت مند معاشرہ تشکیل دے سکتا ہے، اس دن کا مقصد عوام میں شعور اجاگر کرنا اور انہیں صحت مند طرز زندگی اپنانے کی طرف راغب کرنا ہے بخت محمد کاکڑ نے اعلان کیا کہ بلوچستان حکومت امراض قلب کے مریضوں کے علاج ومعالجے کیلئے بڑے اقدامات کر رہی ہے، جن میں بلوچستان میں ایک جدید امراض قلب ہسپتال کے قیام کا منصوبہ بھی شامل ہے، اس ہسپتال میں عالمی معیار کی سہولتیں، جدید تشخیصی لیبارٹریز، انجیو پلاسٹی اور اوپن ہارٹ سرجری یونٹس، اور ماہر امراض قلب ڈاکٹروں کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ صوبے کے ضلعی ہسپتالوں میں کارڈیالوجی یونٹس کے قیام پر بھی کام جاری ہے تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام کو فوری اور موثر علاج میسر آ سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نہ صرف علاج معالجے کی سہولیات فراہم کر رہی ہے بلکہ بیماری کی روک تھام کے لیے آگاہی مہمات بھی چلائی جائیں گی تاکہ عوام اپنی روزمرہ زندگی میں احتیاطی تدابیر اختیار کر کے دل کی بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔ وزیر صحت نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنی صحت کا خیال رکھیں، متوازن غذا اور باقاعدہ ورزش کو زندگی کا حصہ بنائیں، تمباکو نوشی اور غیر صحت مند عادات کو ترک کریں تاکہ بلوچستان کو ایک صحت مند معاشرہ بنایا جا سکے۔

## ''بلوچی ماں'' کے نام سے کھجور کا حلوہ مارکیٹ میں لانچ

### تربت سے تعلق رکھنے والی نوجوان خاتون نے یہ بیڑہ اٹھایا ہے: ویلتھ پاکستان

### تین روزہ بین الاقوامی ڈیٹ شو میں مخصوص حلوہ پیش کر کے پہچان کرائی گئی، رپورٹ

کراچی (آئی این پی) بلوچستان کے ایک پسماندہ علاقے تربت سے تعلق رکھنے والی 24 سالہ کاروباری شخصیت عارفہ صالح نے حال ہی میں کراچی میں منعقدہ تین روزہ بین الاقوامی ڈیٹ شو میں اپنا مخصوص حلوہ پیش کر کے فوڈ انڈسٹری میں پہچان حاصل کی۔ کھجور کے پیسٹ سے تیار کردہ پروڈکٹ کو مقامی طور پر "بلوچی ماں" کہا جاتا ہے بلوچستان کی کھجوریں باقی پاکستان کی کھجوروں کے مقابلے میں ایک منفرد ذائقہ رکھتی ہیں، جس کی وجہ سے عارفہ کا حلوہ مارکیٹ میں نمایاں ہے میلے کے دوران عارفہ نے ممکنہ خریداروں کے ساتھ کاروباری روابط قائم کئے۔ اس نے تقریباً 40 کلو حلوہ فروخت کیا اور ڈیرہ غازی خان کے ایک ممتاز کھجور کے تاجر کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے، جس کا مقصد اپنی مارکیٹ تک رسائی کو بڑھانا ہے انہوں نے ویلتھ پاکستان سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میرا حلوہ ایک ذائقہ دار پروفائل پیش کرتا ہے جو اسے روایتی اقسام سے الگ کرتا ہے، جس سے تقریب میں مقامی اور بین الاقوامی شرکا کی توجہ مبذول ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس کا کاروبار خطے میں بڑھ رہا ہے، لیکن اسے کئی چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں ناقابل بھروسہ انٹرنیٹ، بجلی کی کمی اور ٹیکنالوجی کی کمی شامل ہیں۔ "ہمیں انٹرنیٹ کی ناکامی کی وجہ سے آن لائن کاروبار کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خلیفہ انٹرنیشنل ایوارڈ فار ڈیٹ پام اینڈ ایگریکلچرل انوویشن نے ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے تعاون سے اس میلے کا اہتمام کیا تاکہ کھجور کی مصنوعات کو فروغ دیا جائے اور متعلقہ ٹیکنالوجیز کی نمائش کی جائے، جس کا مقصد کھجور کی کاشت اور مارکیٹ کو فروغ دینا ہے۔ منتظمین کے مطابق سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے کسانوں اور تاجروں نے کھجور کی مختلف مصنوعات پر مشتمل سٹالز لگائے۔ مراکش، متحدہ عرب امارات، اردن، موریطانیہ، مصر اور دیگر ممالک کے وفود نے بھی شو میں شرکت کی۔

## بلوچستان نجی ہسپتالوں کیلئے ایلائزا ٹیسٹنگ لازمی قرار دیدیا گیا

### سرکاری ونجی ہسپتالوں/لیبارٹریز میں کلچر سینسٹیویٹی ٹیسٹنگ متعارف

### عطائیت کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی، بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کے دفتر میں بی ایم سی ہسپتال کوئٹہ کے شعبہ پیتھالوجی کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر سید ہاشم اسحاق کے خط کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے میں صحت کے معیار اور مریضوں کی حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے متعدد اہم فیصلے کیے گئے، ان فیصلوں کے مطابق تمام نجی ہسپتالوں کے لیے فوری طور پر ایلائزا ELISA ٹیسٹنگ اپنانا لازمی قرار دیا گیا۔ ہسپتالوں کو ایلائزا ELISA پر منتقل ہونے کے لیے مہلت دی جائے گی تاہم شیڈول کے مطابق خریداری کے عمل کا آغاز ضروری ہوگا مرحلہ وار عملدرآمد کا آغاز ٹرٹری کیئر ہسپتالوں سے کیا جائے گا، جس کے بعد خضدار، لورالائی اور تربت کے ٹیچنگ ہسپتالوں کو شامل کیا جائے گا۔ منتخب سرکاری و نجی ہسپتالوں/لیبارٹریز میں کلچر سینسٹیویٹی ٹیسٹنگ متعارف کرائی جائے گی۔ عطائیت کے تحت چلنے والی غیر قانونی لیبارٹریوں کے خلاف سخت کارروائی

## کیسکو نے تمام زرعی کنکشنز منقطع کرنیکا کام مکمل کرلیا ہے ترجمان

### زرعی صارفین ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبوں کی واپسی میں تعاون کریں

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی وصوبائی حکومت کی جانب سے صوبہ کے تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے بعد کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے ان تمام زرعی کنکشنز منقطع کرنے کا کام مکمل کرلیا ہے۔ سولرائزیشن منصوبہ کی تکمیل کے سلسلے میں صوبہ کے بعض علاقوں میں زمینداروں کی جانب سے کیسکو ٹیموں کو زرعی ٹرانسفارمرز اور دیگر برقی آلات واپس نہیں کئے جارہے ہیں۔ سولرائزیشن منصوبہ کے مطابق حکومت کی جانب سے رقوم کی وصولی کے بعد تمام زمیندار اپنے زرعی ٹرانسفارمرز، کھمبے اور دیگر برقی آلات کیسکو کو واپس کرنے کے پابند ہیں اور زرعی صارفین نے اس معاہدے کیمطابق زرعی ٹیوب ویل کنکشنز سے منسلک برقی آلات، ٹرانسفارمرز اور کھمبے کیسکو ٹیموں کو واپس کرنے ہونگے کیونکہ صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان زرعی سولرائزیشن اور بجلی چوری کی روک تھام کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 بھی منظور ہو چکی ہے اور اس قانون کے تحت جن زمینداروں کو رقم مل چکی ہے

## جامعہ بلوچستان میں انڈر گریجوایٹ ایچ ای سی فور سکالر شپ کیلئے ایک روزہ آگاہی سیشن

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) جامعہ بلوچستان میں انڈرگریجویٹ ایچ فوراسکالرشپس کے تحت طلبہ و طالبات کے لیے ایک روزہ آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ یہ سیشن پراجیکٹ بعنوان "بلوچستان کے طلبہ و طالبات کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مواقع کی فراہمی فیز III" کے تحت منعقد کیا گیا، جسے سٹوڈنٹس افیئرز جامعہ بلوچستان اور ہائرایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) پاکستان کے اشتراک سے منعقد ہوا۔ سیشن کی صدارت پراجیکٹ ڈائریکٹر ہائیرایجوکیشن کمیشن بہرام جان اور محمد افضل نے کی۔ انہوں نے طلبہ کو سکالرشپ کے مکمل طریقہ کار، اہلیت، مالی معاونت اور دیگر اہم امور پر تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ سیشن کے دوران طلبہ نے مختلف سوالات کیے، جن میں سکالرشپ کی پالیسی، تعلیمی کارکردگی کی شرائط اور مستقبل کے مواقع سے متعلق نکات شامل تھے۔ ڈائریکٹر جنرل سٹوڈنٹس افیئرز ڈاکٹر ناصر کیازئی نے اس موقع پر ایچ ای سی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے سیشنز طلبہ کو باخبر بنانے اور ان کی تعلیمی ترقی میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

## کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص سے جاں بحق

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص سے جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے علاقے زرغون آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری نے جائے وقوعہ پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لینے کے بعد شواہد اکٹھے کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

## انتہاپسندی کا مستقل حل صرف طاقت یا جنگ نہیں، پروفیسر ابراہیم

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) برائٹ اسٹار ڈیولپمنٹ سوسائٹی بلوچستان (BSDSB) نے اقوام متحدہ کے دفتر برائے منشیات و جرائم (UNODC) اور نیکا کے تعاون سے نصیر آباد ڈویژن کے صدر مقام ڈیرہ مراد جمالی میں ایک روزہ آگاہی و ثقافتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد بلوچستان بالخصوص نصیرآباد ڈویژن میں بڑھتی ہوئی انتہا پسندی کے تدارک اور نوجوانوں میں امن، برداشت، اور ثقافتی ہم آہنگی کو فروغ دینے پر آگاہی فراہم کی گئی تقریب میں نصیرآباد ڈویژن سے تعلق رکھنے والے قبائلی عمائدین، سیاسی وسماجی رہنما، سول سوسائٹی نمائندگان، تعلیمی اداروں کے اساتذہ، طلبہ و طالبات، اور مختلف قومی و بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔

## بلوچستان، 570 ایکڑ رقبے پر کاشت منشیات کی فصل کا خاتمہ

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ بلوچستان اور اے این ایف کی مشترکہ منشیات خاتمہ مہم کے دوران صوبہ میں 570 ایکڑ رقبے پر محیط منشیات کی فصل کا خاتمہ کر دیا گیا۔ سرکاری اعلامیہ کے مطابق پورے صوبے میں اب تک پانچ سو ستر ایکڑ رقبے پر کھڑی منشیات کی فصل تلف کردی گئی۔ منشیات کی کاشت کاری کیخلاف مزید 13 مقدمات درج کرلئے گئے ہیں، جس سے مقدمات کی مجموعی تعداد 19 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 8 ایکڑ ہائبرڈ پوست سمیت 111 ایکڑ منشیات کی فصل تلف کی گئی۔

## سرعام نوکریوں کی فروخت سے پڑھے لکھے نوجوان دربدر

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہونے کے باوجود جیالے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، سرعام نوکریاں فروخت ہو رہی ہیں جسے پڑھے لکھے نوجوانوں میں مایوسی بڑھ رہی ہے اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو آئندہ انتخابات کے موقع پر صوبے میں کوئی پیپلز پارٹی کا نام لینے والا نہیں ہوگا۔

## بلوچستان بھر میں بے روزگاری سنگین رخ اختیار کرگئی، آغا شاہ حسین

### بارڈر کی مسلسل بندش سے عوام کو بھوک کی کھائی میں دھکیل دینا ہے

پنجگور (نامہ نگار) پیپلز پارٹی مکران ڈویژن کے سیکرٹری آغا شاہ حسین نے کہا ہے کہ بارڈر کی مسلسل اور طویل بندش سے پنجگور سمیت بلوچستان بھر میں بے روزگاری ایک سنگین رخ اختیار کرگئی ہے اہل بلوچستان کے روزگار کا واحد زریعہ پاک ایران بارڈر ہے ایک ماہ سے اہلیان پنجگور روزانہ سرکاری نوٹیفکیشن کی راہ تک رہے ہیں تاکہ بارڈر لسٹ جاری ہو جائے اس کی بنیاد پر وہ بارڈر جاکر اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا انتظام کر سکیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت روزگار کا اگر کوئی زریعہ ہے تو وہ سرحدی روزگار ہے سرحدوں سے روزگار بند کرنے کی مثال آئی سی یو میں پڑے مریض کی طرح ہے اگر آکسیجن ہٹا دیا جائے تو مریض گھٹ گھٹ کر مرجاتا ہے اسی طرح بارڈر کو مسلسل بند کرنا عوام کو بھوک وافلاس اور بے روزگاری کی کھائی میں دھکیل دینا ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی بارڈر کو مسلسل بند کرنے کی پالیسی کو عوام کا معاشی قتل عام سمجھتی ہے اور میں اس کی بھرپور مزمت کرتا ہوں اور حکومت وقت اور دیگر کنسرنڈ اداروں سے مطالبہ کرتا ہوں کہ خدارا عوام کی مشکلات کا ادراک کرکے سرحدی روزگار کو چلنے دیں اور بارڈر کو پبلک کے روزگار کے لیے فوری طور پر کھول دیا جائے تاکہ مجبور اور لاچار لوگ جو بارڈر پر محنت مزدوری کرکے بچوں کو دو وقت کی روٹی کھلانا چاہتے ہیں انکی مشکلات میں کمی آئے۔

## پاکستان امن قائم کرنے کیلئے مذاکرات کا حامی: یعقوب ناصر

### لورالائی بائی پاس لورالائی فورٹ منرو کی سڑکوں کی تعمیر اولین ترجیح ہے

لورالائی (نامہ نگار) رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب ناصر نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھ کر انجام دے رہا ہوں ترقیاتی منصوبے عوام کے ضروریات کو مدنظر اور انکے خواہشات پر بنانے کیلئے عوامی رابطہ مہم پر ہوں انہوں نے کہا کہ لورالائی بائی پاس لورالائی فورٹ منرو کی سڑک کی تعمیر میری اولین ترجیحات میں شامل ہیں جنگی منظوری وفاق نے دیدی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت ملک بھر کے متاثرین کی مکمل بحالی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ سب سے پہلے نقصانات کا تخمینہ لگایا جا رہا ہے تاکہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں متاثرہ افراد کو جلد از جلد ان کے نقصان کا ازالہ کر سکیں۔ اس سلسلے میں مرکزی وصوبائی حکومت کے رابطے جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں پاکستان نے عالمی سطح پر اپنی خارجہ پالیسی کے ذریعے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں پاکستان کے امریکہ اور چین سمیت بڑے ممالک سے تعلقات میں نمایاں بہتری آئی ہے جبکہ سعودی عرب کے ساتھ ہونے والے حالیہ معاہدے بھی عالمی سطح پر پاکستان کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چار روزہ جنگ میں بھارت کو شکست دینے کے بعد بھی پاکستان امن قائم کرنے کے لیے مذاکرات کا حامی ہے اور وزیر اعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ میں اپنی تقریر کے دوران اس موقف کو دوٹوک انداز میں پیش کیا۔ وزیراعظم کی عالمی رہنماؤں بشمول امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقاتوں اور چین کیساتھ ہونیوالے نئے اقتصادی معاہدوں کو پاکستان کے مستقبل کیلئے "گیم چینجر" قرار دیا۔

## منفی سیاست کرنیوالے عوام کو مزید گمراہ نہیں کرسکتے: جمال شاہ کاکڑ

### ن لیگ خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، رکن قومی اسمبلی کا بیان

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے ہر قومی اور بین الاقوامی فورم پر پاکستان کی شاندار نمائندگی کر کے قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ ان کی مدبرانہ قیادت، سنجیدہ سیاسی بصیرت اور انتھک محنت نے دنیا کے سامنے پاکستان کا مثبت اور باوقار تشخص اجاگر کیا ہے۔ بے سروپا الزامات اور منفی سیاست کرنے والے عناصر عوام کو مزید گمراہ نہیں کر سکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم نے مشکل معاشی حالات میں بھی عوام کو ریلیف دینے کیلئے جس ہمت اور عزم کے ساتھ اقدامات کیے ہیں، وہ ان کی عوامی خدمت کے جذبے کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ شہباز شریف کی قیادت میں ملک ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن ہے، اور مسلم لیگ (ن) بلوچستان ان کے وژن کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے سیاسی مخالفین کے بے بنیاد پروپیگنڈے کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ عوام باشعور ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کیلئے کون مخلصانہ جدوجہد کر رہا ہے۔ بے سروپا الزامات اور منفی سیاست کرنے والے عناصر عوام کو مزید گمراہ نہیں کر سکتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، اور وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملک میں ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جدوجہد جاری رہے گی۔

## لائیوسٹاک کا شعبہ دیہی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، فیصل جمالی

### محکمہ میں مزید اصلاحات اور جدید اقدامات متعارف کرائے جائیں گے

اوستہ محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل جمالی نے کہا ہے کہ محکمہ لائیو اسٹاک میں بہتری لانے اور کسانوں کو جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے ٹھوس اور جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لائیو سٹاک کا شعبہ دیہی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اور اس کی ترقی نہ صرف مویشی پال طبقے کو فائدہ پہنچائے گی بلکہ صوبے کی مجموعی معیشت میں بھی بہتری آئے گی۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت کسان دوست پالیسیوں پر عمل پیرا ہے اور جلد محکمہ میں مزید اصلاحات اور جدید اقدامات متعارف کرائے جائیں گے۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ وہ ذاتی دلچسپی لے کر محکمہ کی کارکردگی میں بہتری کے لیے فیلڈ وزٹس، جائزہ اجلاسوں اور شفافیت کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ ان کے مطابق، لائیو اسٹاک کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل کو موثر انداز میں استعمال میں لایا جارہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور مسائل کے مستقل حل پر یقین رکھتی ہے، اور اسی جذبے کے تحت محکمہ لائیو اسٹاک کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے ہر ممکن کوششیں جاری رہیں گی۔

## 111 ایکڑ رقبے پر پھیلی پوست تلف، 8 ایکڑ ہائبرڈ فصل بھی ختم

### ضلع لورالائی، چمن، دکی، پشین، قلات، قلعہ عبداللہ میں اے این ایف کی کارروائی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی ہدایت کی روشنی میں صوبے کے مختلف اضلاع میں ضلعی انتظامیہ نے ریجنل ڈائریکٹوریٹ اینٹی نارکوٹکس فورس بلوچستان کے ساتھ مل کر منشیات کے خاتمے کی مہم 2025 کے تحت بڑی کامیابی حاصل کی اب تک صوبے بھر میں مجموعی طور پر 570 ایکڑ رقبے پر کاشت شدہ چرس و دیگر منشیات کا خاتمہ کیا جا چکا ہے جبکہ صرف گزشتہ روز 111 ایکڑ رقبے پر پھیلی ہوئی فصل کو تلف کیا گیا اس کے ساتھ ساتھ 8 ایکڑ ہائبرڈ پوست بھی ختم کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع دکی میں 6.8 ایکڑ رقبے پر کارروائی کی گئی جہاں کوئی مقدمہ درج نہیں ہوا۔ ضلع لورالائی کے علاقے نالی اعظم، تحصیل میختر میں آج 13 ایکڑ رقبے پر پھیلی ہوئی منشیات کی فصل کو تباہ کیا گیا جس کے بعد مجموعی طور پر 125.2 ایکڑ رقبے پر پھیلی ہوئی منشیات کے فصل کو ختم کیا جا چکا ہے۔ یہاں کارروائی میں 2 ٹریکٹر استعمال ہوئے جبکہ کوئی گرفتاری یا ایف آئی آر درج نہیں ہوئی۔ ضلع چمن میں 25 ایکڑ رقبے پر

## پاکستان سے واپس جانیوالوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے: امتیاز علی بلوچ

چمن (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر امتیاز علی بلوچ نے نادرا کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد طاہر کے ہمراہ پاک افغان بارڈر زیرو پوائنٹ پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے افغان مہاجرین کے لیے قائم کردہ ہولڈنگ کیمپ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے کیمپ میں قائم نادرا سینٹر اور دیگر فراہم کردہ سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے تمام سہولیات کو تسلی بخش قرار دیا اور متعلقہ عملے کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ پاکستان سے واپس افغانستان جانے والے افغان مہاجرین کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق کیمپ میں افغان مہاجرین کو مزید سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔ ہولڈنگ کیمپ میں مہاجرین کی انٹری اور سفری دستاویزات مکمل کرنے کے بعد، انہیں باب دوستی کے راستے افغانستان روانہ کیا جاتا ہے۔

## بی اے پی کے بانی سعید ہاشمی کی پارٹی کے نومنتخب مرکزی اور صوبائی عہدیداروں کو مبارکباد

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی وسینیٹر سعید احمد ہاشمی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹراپارٹی انتخابات میں نوابزادہ خالد مگسی کو مسلسل دوسری بار صدر اور منظور کاکڑ کو جنرل سیکرٹری اور سردار محمد صالح بھوتانی کو دوسری بار صوبائی صدر اور دیگر عہدیداروں کو منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اس پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گی ایک بیان میں سینیٹر سعید ہاشمی نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹراپارٹی انتخابات ایک احسن اقدام ہے جس سے پارٹی کے کونسلرز کو اپنی مرضی کی قیادت کے انتخاب کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹراپارٹی انتخابات میں پارٹی کے مرکزی اور صوبائی عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بی اے پی کے نومنتخب عہدیداران بلوچستان عوامی پارٹی کو صوبے میں فعال اور منظم بنانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے اور پارٹی نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اس پر پورا اتریں گی۔گی۔

## دالبندین میں ایک ہوٹل تین ہول سیلر ٹریڈرز کو جرمانے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے دالبندین میں ہوٹلوں، تھوک دکانوں اور بیکنگ یونٹس کا معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران صفائی اور خوراک کے معیار میں سنگین خلاف ورزیاں سامنے آئی ہیں فوڈ سیفٹی حکام کے مطابق مختلف وجوہات پر ایک ہوٹل، تین ہول سیلر ٹریڈرز اور ایک بیکنگ یونٹ پر جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ آٹھ مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے کارروائی ضلعی انتظامیہ کی موجودگی میں عمل میں لائی گئی۔ معائنے کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ بعض ہوٹلوں میں کھانے کی تیاری میں مضر صحت رنگ استعمال ہو رہے تھے، فریزرز گندے اور کچن میں صفائی کے انتظامات نہایت ناقص تھے، جبکہ اشیا کی ذخیرہ اندوزی غیر معیاری طریقے سے کی جا رہی تھی۔ اسی طرح بیکنگ یونٹس میں ورکرز کی ذاتی صفائی نہایت خراب پائی گئی، ناخن بڑھے ہوئے اور گندے تھے، بیکنگ پروسیس میں نان فوڈ گریڈ کلرز کا استعمال اور مکھیوں کی بھرمار موجود تھی۔

## کرائم برانچ کے لاک اپ سے ملزموں کے فرار میں صداقت نہیں ڈی آئی جی کرائم برانچ

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی کرائم برانچ بلوچستان کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک بیان میں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی خبر کی سختی سے تردید کی گئی ہے جس میں کہا گیا کہ کرائم برانچ کے لاک اپ سے ملزمان فرار ہوگئے ہیں پریس ریلیز کے مطابق اس خبر میں کسی قسم کی صداقت نہیں ہے مزید وضاحت کرتے ہوئے بتایا گیا کہ پشین میں دوہرے قتل کیس میں ملوث دو ملزمان سے کرائم برانچ تحقیقات کر رہا ہے۔ تاہم تفتیشی افسر نے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کرتے ہوئے اور لیگل ونگ کے مشورے کو نظر انداز کرتے ہوئے ملزمان کو دفعہ 169 کے تحت ڈسچارج کیا۔ اس غیر ذمہ دارانہ اقدام پر متعلقہ تفتیشی افسر کو معطل کر دیا گیا ہے اور اس کے خلاف باقاعدہ انکوائری شروع کردی گئی ہے۔ پریس ریلیز کے مطابق اس خبر میں کسی قسم کی صداقت نہیں ہے مزید وضاحت کرتے ہوئے بتایا گیا کہ پشین میں دوہرے قتل کیس میں ملوث دو ملزمان سے کرائم برانچ تحقیقات کر رہا ہے۔

## بلوچستان یونیورسٹی ایڈمنسٹریٹو آفیسرز کی نئی منتخب کابینہ کی حلف برداری

### پروقار تقریب میں ڈین فیکلٹی پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ مہمان خصوصی تھے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان یونیورسٹی ایڈمنسٹریٹو آفیسرز ایسوسی ایشن کی نئی منتخب کابینہ کی حلف برداری تقریب نہایت جوش وخروش اور وقار کے ساتھ منعقد ہوئی اس پروقار تقریب میں ڈین فیکلٹی پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ مہمان خصوصی تھے، ان کے علاوہ اس تقریب میں یونیورسٹی آف بلوچستان کے معزز اساتذہ کرام، آفیسرز صاحبان، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے معزز نمائندگان، ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی بمعہ کابینہ ممبرز، بلوچستان گرینڈ الائنس کے صدر پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ پاکستان ورکرز فیڈریشن کے صدر پیر محمد کاکڑ بمعہ تنظیمی عہدیداران، سیسا بلوچستان کے صدر محمد حنیف ہنگورئی بمعہ رفقاء اور دیگر اعلیٰ تعلیمی اداروں کے معزز افسران، اساتذہ کرام، اور ملازمین و میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔

## میرے نام سے من گھڑت بیانات منسوب کئے جارہے ہیں، دھنیش کمار

### صوبائی حکومت کی اتحادی ہے وزیر اعلیٰ کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، سینیٹر بی اے پی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سینیٹر دھنیش کمار نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میرے نام سے بعض میڈیا پلیٹ فارمز پر بلوچستان کی صوبائی حکومت کے خلاف من گھڑت بیانات منسوب کئے جارہے۔ میں یہ وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ میں نے ایسا کوئی بیان نہ دیا ہے اور نہ ہی اس حوالے سے مجھ سے کوئی بات کی گئی ہے۔ یہ خبر من گھڑت اور حقائق کے بالکل منافی ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی صوبائی حکومت کی اہم اتحادی ہے اور ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کارکردگی سے مطمئن ہیں۔ میری سیاست اور بیانات ہمیشہ پارٹی پالیسی، ادارہ جاتی وقار اور بلوچستان کے عوام کے وسیع تر مفاد کو سامنے رکھ کر دیے جاتے ہیں۔ بے بنیاد خبریں پھیلانے والے عناصر سے گزارش ہے کہ غیر مصدقہ اور جھوٹی اطلاعات کی اشاعت سے گریز کریں

## بلوچستان یوتھ سوشو اکنامک ڈیولپمنٹ پروگرام کامیابی سے جاری

### پروگرام کو ایک فکری ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے، ترجمان یوتھ افیئرز

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی خصوصی دلچسپی اور وژن کے تحت نوجوانوں کی معاشی ترقی کے لیے شروع کیا گیا تاریخی منصوبہ "بلوچستان یوتھ سوشو اکنامک ڈیولپمنٹ پروگرام" کامیابی سے جاری ہے۔ ترجمان محکمہ بلوچستان یوتھ افیئرز کے مطابق اب تک صوبے کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کے 20 ہزار سے زائد طلبا و طالبات کو لیڈرشپ، معاشی خودمختاری، شہری تعلیم اور دیگر اہم شعبوں پر تربیت دی جا چکی ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو نہ صرف ہنر اور رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے بلکہ انہیں ایک بااختیار اور مثبت معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لیے عملی مواقع بھی دیے جا رہے ہیں

## انٹر یونیورسٹی میگا سپورٹس ٹورنامنٹ کا انعقاد یکم اکتوبر سے ہوگا

### پورے بلوچستان سے 1400 سو سے زائد کھلاڑی شرکت کریں گے مینا مجید

### ٹورنامنٹ کا مقصد نوجوانوں کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو ابھارنا ہے، صوبائی مشیر

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ یکم اکتوبر سے انٹر یونیورسٹی میگا سپورٹس ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا جا رہا ہے ٹورنامنٹ کا مقصد نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو ابھارنا ہے پورے بلوچستان سے 1400 سو سے زائد کھلاڑی شرکت کریں گے تمام کھلاڑیوں کی اخراجات محکمہ کھیل برداشت کرے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹری اسپورٹس درا بلوچ کے ہمراہ سول سیکرٹریٹ میں نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں یکم اکتوبر سے سات اکتوبر تک انٹر یونیورسٹی ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا جا رہا ہے اس ٹورنامنٹ میں کرکٹ بیڈمنٹن ٹیبل ٹینس، ہاکی، فٹ بال سمیت دیگر کھیل شامل ہونگے انہوں نے کہا کہ اس میگا ایونٹ میں 1420 کھلاڑی میں 500 سے زائد خواتین حصہ لیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کا مقصد نوجوانوں میں قومی جذبہ پیدا کرنا ہے اور وہ ہر کھلاڑی کو سہولیات فراہم کر رہی ہیں صوبائی مشیر کھیل نے کہا کہ لورالائی، قلات اور رخشان ڈویژن میں اسپورٹ فیسٹیول جبکہ انٹر اسکول ٹورنامنٹ بھی منعقد کیے جائیں گے اس موقع پر سیکرٹری کھیل درا بلوچ نے کہا کہ پورے سال کے لیے کھیلوں کا بجٹ 30 کروڑ روپے مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کھلاڑیوں کو سپورٹ کرنے کے لیے ایک انڈومنٹ فنڈ قائم کیا جا رہا ہے اور مختلف گیمز کے لیے 86 کوچز کی بھرتی بھی کی جائے گی جو اسکولوں میں بچوں کو تربیت فراہم کریں گے۔

## بارڈر کی بندش کسی صورت قبول نہیں، سینیٹر جان محمد بلیدی

تربت (نامہ نگار) بارڈر کی بندش کسی صورت قبول نہیں بلاجواز بارڈر کو بند کرکے مسائل پیدا نہ کئے جائیں، بلوچستان خصوصاً مکران کے عوام کا نان ونفقہ بارڈر کاروبار سے منسلک ہے، بارڈر کمیٹی کے مطالبات کے ساتھ ہیں ضرورت پڑی تو بھرپور احتجاج کا بھی فیصلہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی اور نیشنل پارٹی کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری میر حمل بلوچ اور میر بہار بلوچ سے بارڈر کمیٹی کے وفد نے ملا سلیم، حاجی نیاز احمد شہبے زئی، یزیر احمد، مولانا محمد اکرم کی سربراہی میں ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کاروبار کو قانونی و آئینی تحفظ فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی وجہ کے بغیر بارڈر کو بار بار بند کرکے لوگوں کے روزگار کے ساتھ مذاق کیا جارہا ہے سرحدی کاروبار یہاں پر بسنے والے عوام کا آئینی وقانونی حق ہے دنیا بھر میں سرحدوں پر آباد آبادی کو ایک دوسرے کے ساتھ کاروبار کی مکمل آزادی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بارڈر کاروبار کو قانونی و آئینی تحفظ فراہم کرکے کاروبار کو درپیش مسائل کو حل کرنے کی ضرورت ہے۔

## اوستہ محمد محلہ حسین آباد گزشتہ 15 سالوں قدرتی گیس سے محروم

اوستہ محمد (نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع اوستہ محمد کے گنجان آباد علاقے محلہ حسین آباد کے مکین گزشتہ 15 سالوں سے قدرتی گیس جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، جس کی وجہ سے علاقے میں شدید عوامی بے چینی پائی جارہی ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق، ملک کے دیگر علاقوں کی طرح وہ بھی اس سہولت کے حق دار ہیں، لیکن افسوس کہ اب تک نہ تو کسی منتخب نمائندے نے اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیا اور نہ ہی سوئی سدرن گیس کمپنی نے کوئی عملی اقدام اٹھایا۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ سردیوں کا موسم قریب ہے، اور گیس کی عدم دستیابی ان کے لیے ہر سال کی طرح ایک کرب ناک آزمائش بننے جارہی ہے۔ گیس کی عدم دستیابی، روزمرہ زندگی متاثر عوامی حلقوں نے شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ انہیں کھانا پکانے، گرم پانی حاصل کرنے، بچوں اور بزرگوں کی دیکھ بھال، اور دیگر گھریلو ضروریات کے لیے مہنگے اور غیر محفوظ متبادل ذرائع استعمال کرنا پڑ رہے ہیں

## نوجوان طلباء معاشرتی تبدیلی کیلئے کلیدی کردار ادا کریں، خرم شہزاد

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بدعنوانی کے خلاف جاری آگاہی مہم کے سلسلے میں، نیب بلوچستان نے 29 ستمبر 2025 کو ایف جی بوائز ڈگری کالج کوئٹہ کینٹ میں "بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کے کردار اور نیب کے کام کا طریقہ کار" کے حوالے سے ایک آگاہی لیکچر کا انعقاد کیا لیکچر کا بنیادی مقصد نوجوانوں بالخصوص طلباء کو بدعنوانی کے مضر اثرات سے آگاہ کرنا اور بدعنوانی سے پاک معاشرے کی تعمیر کیلئے اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا تھا۔ نیب بلوچستان کے افسران کے ایک وفد نے ایڈووکیٹ افشاں بانو، سپیشل پراسیکیوٹر نیب اور خرم شہزاد ڈپٹی ڈائریکٹر نیب کی قیادت میں طلباء اور فیکلٹی کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے نیب کے وژن، مشن اور بدعنوانی کی لعنت کے خاتمے میں طلباء کے اہم کردار پر تبادلہ خیال کیا۔ نیب افسران نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان طلباء معاشرے میں تبدیلی کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کریں


## TENDER NOTICE

**Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Deputy Conservator of Forest Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.2000/- & Bid Security 2% for each work**

| S.No | Tender Name | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | 4th Year (Maintenance and Silvicultural Operation) Block plantation Maslakh Range Phase II TSE- 252609879923 | 2,600,000 |
| 2 | 3RD year (Maintenance and Silvicultural Operation) Phase II TSE- 252609879893 | 2,600,000 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-252609879923, TSE- 252609879893) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be purchased from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 13 October, 2025 at 09:00 AM and will be opened on same day at 09:30 AM. **Address:** Quetta
Phone no: 0819202606 Fax no: 0819201139
Email: saleemjzehri@gmail.com

**PRQ No.1635/30-9-2025** **Deputy Conservator of Forest Quetta**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## TENDER NOTICE

The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R KHUZDAR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs 500/- and Bid Security 2%**

| S.No | Name of Work | |
|---|---|---|
| 1 | CONSTRUCTION OF POLICE LOCKUP AT CITY POLICE STATION DISTRICT KHUZDAR PSDP NO. 2421Z2025.0207 **TSE-252609879373** | 9,901,137 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required Turn over of at least 6,930,795 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **17 October, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **17 October, 2025 till 11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:00 PM Address:** OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW PP&H DEPARTMENT KHUZDAR DC COMPLEX KHUZDAR
**Phone no:** 3337898665 Email: saleemrazzaq361@gmail.com

**PRQ No.1640/30-9-2025** **EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT KHUZDAR**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## CORRIGENDUM

The office of Municipal Committee Hurramzai notice inviting tender (NIT) Published in daily Newspapers on date_23/9/2025 Vide AB No 283-22-9-2025 is extended to 10 October 2025.
Other terms and condition will remain the same.

**AB No.314/30-9-2025** **CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE HURAMZAI**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## TENDER NOTICE

**TSE-252608829623 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer (Building), Sariab CW, PP&H Department, District Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates
**Tender Fee Rs 1500/- and Bid Security 2%**

| S.No | Name of Work | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | ESTABLISHMENT OF MODEL DRUG REHABILITATION CENTRE, FOR WOMEN AT QUETTA. | 104,718,579 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 85,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bid Security of 2% of the Estimated Cost in the shape of Deposit at call, Bank Guarantee by a Scheduled Bank in Pakistan Power of Attorney) on the company letterhead authorizing a person to submit the Bid. The bid must accompany a power of Attorney issued by authorized representative of the Firm/company having the name and CNIC No of the person Rs.1500/- deposit in the Account C-02716 in NBP or Government treasury inshape of Green Challan (non-refundable) in favor of the undersigned **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 15 October, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: XEN Buildings Sariab Quetta
Phone no: 0819213555 Email: xen.p2qta@gmail.com

**PRQ No.1637/30-9-2025** **Executive Engineer (Building), Sariab CW, PP&H Department, District Quetta**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## TENDER NOTICE

The Executive Engineer Buildings CW, PP&H Department District Kech (Turbat) invites sealed percentage tender based on Composite schedule of rates 2023, Government of Baluchistan (G.O.B) amended upto-date from interested Government Contractors/Firm who renewal for the year 2026, for the work listed below: - The Tender Fee Rs: 1000/- Deposited in shape of Green Challan In Head of account (02716), Earnest Money 2% and Time limit 12 Months for each work

| S.No | Name of Work | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | REHABILITATION OF GOVERNMENT GIRLS HIGHER SECONDARY SCHOOL AT MENAZ BULLEDA DISTRICT KECH TSE-252609881763 | 19.70 M |
| 2 | B.O.Q FOR THE RENOVATION OF GOVERNMENT GIRLS HIGH SCHOOL AT GOMAZI DISTRICT KECH TSE-252609881793 | 9.99M |
| 3 | CONSTRUCTION OF ADDITIONAL CLASS ROOM, TOILETS BLOCK & BOUNDARY WALL AT GOVERNMENT BOYS MIDDLE SCHOOL DALE SAR MAND DISTRICT KECH TSE-252609881823 | 19.99 M |

The Procurement shall be carried in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules 2014. **ELIGIBILITY: -** Completed 01(One) Similar nature of work in last five years. Turn-over of last three subsequent years 70 % of the tender cost. The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category and discipline and registration with tax authorities i.e (NTN and Sales tax Department) where applicable. **METHOD OF PROCUREMENT: -** Single stage one envelope procedure **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: - Issuance :-** the Firms/Bidders can download biddings document from www.bppra.gob.pk , or can obtain from the office of the employer, from the date of publications of the tender notice on website or leading newspapers before the deadline of the submission of the bid **(on production of green challan amounting to Rs: 1000/ deposited in the head of account (C-02716) through Government Treasury & National Bank Pakistan. Submission: -** Last Date of submission will be **20-10-2025** at (12.00 PM) **Opening: -** The Tender will be opened on 20-10-2025 at (1.00 P.M) Address: - Executive Engineer Building CW, PP&H Department District Kech (Turbat)

**PRQ No.1636/30-9-2025** **Executive Engineer Building CW, PP&H Department District, kech**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## RE-TENDER NOTICE

**The Notice Inviting Tender (NIT) published in the leading newspapers under TSE No. 252609860523 and PRQ No. 1317/17-09-2025 dated 18th September, 2025 stands cancelled.**

**TSE-252609881693** Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Therefore **The Executive Engineer Irrigation Division Awaran** hereby **Re-invites** bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates
**Tender Fee 1000/- and Bid Security 3%**

| S.No | Name of Work | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | CHECK DAM SESTAGAN UP-GRADATON & REVAMPING DISTRICT AWARAN. | 10,000,000 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List 0 The bidder firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan o Balochistan Revenue Authority Registration is required o The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work o Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Up to 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems). Turnover of at least 7,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement** :Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security**: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of Tender Documents:** From the date of publication of NIT to 22 October, 2025 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 22 October, 2025 till 11:30 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 12:30 PM Address: irrigation office main Awaran road Awaran.
Phone no: 03337717515 Email: zafar.pandrani@gmail.com

**PRQ No.1630/30-9-2025** **EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIVISION AWARAN**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

# مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ یکم اکتوبر 2025ء

## بلوچستان کی ترقی: اقتصادی رابطہ کمیٹی کا مستحسن فیصلہ، امید کی کرن !!

گزشتہ روز اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے اجلاس میں اہم فیصلے ہوئے ہیں اور وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے جو اجلاس کی صدارت کر رہے تھے دوٹوک عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے معاشی منظرنامے کو بدلنے اور عوام کے لئے وسیع تر فوائد پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی و اقتصادی خوشحالی آئے گی۔ ای سی سی نے جن اہم فیصلوں کی منظوری دی ہے اور جن امور پر غور کیا ہے اس کی تفصیلات وجزئیات میں جانے سے قبل اس رائے کا اظہار ضروری ہے کہ وسائل اور مواقع سے مالامال ہونے کے باوجود ماضی میں نے بہتر منصوبہ بندی نہیں کی جس کی وجہ سے مسائل کا جنم ہوا اور رفتہ رفتہ چھوٹے چھوٹے مسائل بھی بڑھ کر گھمبیر و سنگین رخ اختیار کر گئے۔ ان مسائل سے نمٹنے اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لئے موجودہ حکومت غیر معمولی اقدامات اٹھا رہی ہے حکومت نے اقتصادی وترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے غیر معمولی اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا جو سلسلہ جاری رکھا ہے اس سے نہ صرف معیشت کو استحکام حاصل ہوگا بلکہ معیشت و معاشرت کو درپیش بہت سے مسائل اپنے آپ ختم ہو جائیں گے۔ وزیر خزانہ نے دوٹوک انداز میں مسائل کے حل کے لئے اقدامات کا عزم ظاہر کیا ہے ان کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق اہم معاہدوں کی منظوری اور متعلقہ مالیاتی امور پر غور کیا گیا۔ ای سی سی کے اس فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے ہم امید کرتے ہیں کہ آنے والے برسوں میں نہ صرف بلوچستان میں تعمیر وترقی کا سفر تیز ہوگا بلکہ معدنی وسائل سے فائدہ اٹھانے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ ریکوڈک منصوبہ دنیا کے سب سے بڑے تانبے اور سونے کے ذخائر میں سے ایک ہے یہ منصوبہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لئے ایک سنہری موقع ہے جس سے عالمی سطح پر معدنیات کی تجارت میں پاکستان کا حصہ بڑھ سکتا ہے۔ ریکوڈک کے ذریعے بلوچستان کے معدنی وسائل کا بھرپور استعمال، نہ صرف صوبے کی معیشت کو فروغ دے گا بلکہ عوام کے لئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ای سی سی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان کے معاشی منظرنامے کو بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، بلکہ پاکستان کے عوام کے لئے وسیع تر فوائد پیدا کرے گا۔ اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی واقتصادی خوشحالی کی توقع ہے اور یہ ملک کی معیشت میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ای سی سی کی جانب سے اس منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق حتمی معاہدوں اور مالی ذمہ داریوں کی منظوری کا فیصلہ اس بات کا غماز ہے کہ حکومت اس تاریخی منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے پرعزم ہے۔ اجلاس میں پٹرولیم ڈویژن کی سمری کی منظوری کے ساتھ ساتھ اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ اگر معاہدوں کی حتمی دستاویزات میں کوئی بنیادی تبدیلی سامنے آتی ہے، تو انہیں دوبارہ ای سی سی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ حکومت کی طرف سے ایک مضبوط عزم کا اظہار ہے کہ ریکوڈک جیسے اہم منصوبے کو عملی شکل دی جائے گی۔ وزیر خزانہ نے یہ بھی کہا کہ اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے صوبے اور ملک کی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئے گی اور یہ خطے کی سماجی واقتصادی ترقی کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہوگا ریکوڈک منصوبے کے ساتھ بلوچستان میں ترقی کی ایک نئی لہر آنے کی توقع ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف معدنی وسائل کے بھرپور استفادے کا موقع فراہم کرتا ہے، بلکہ اس کے ذریعے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی بہتری آئے گی اس کے علاوہ، اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے بلوچستان میں دیگر اقتصادی سرگرمیاں بھی فروغ پائیں گی، جیسے کہ صنعتوں کا قیام، ہنرمند افراد کی تربیت اور ماہر فنی افرادی قوت کی ترقی وغیرہ۔ اجلاس میں وزارت ریلوے کی سمری پر بھی غور کیا گیا جس میں ریکوڈک مائننگ کمپنی کے ساتھ ریلوے ڈیولپمنٹ ایگریمنٹ اور برج فنانسنگ ایگریمنٹ شامل تھے۔ ان معاہدوں کے تحت 390 ملین امریکی ڈالر کی برج فنانسنگ فراہم کی جائے گی تاکہ بلوچستان کی کانوں سے برآمدی مواد کی ترسیل کے لئے 1350 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک بچھایا جا سکے۔ ای سی سی نے اس تجویز کی منظوری دیتے ہوئے وزارت ریلوے کو ہدایت کی کہ دونوں معاہدوں کی دستاویزات وزارت خزانہ کے ساتھ شیئر کی جائیں تاکہ ان کا تفصیلی جائزہ لیا جا سکے۔ اس کے علاوہ، وزارت ریلوے اور وزارت خزانہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ مارچ 2026ء تک منصوبے کی پیش رفت اور عمل درآمد سے متعلق رپورٹ ای سی سی میں پیش کریں۔ ریلوے کی ترقی نہ صرف اس منصوبے کی کامیابی کے لئے اہم ہے، بلکہ یہ بلوچستان کے عوام کے لئے ترقی کے نئے راستے کھولے گی۔ جدید اور موثر ٹرانسپورٹ سسٹم کی تعمیر سے نہ صرف برآمدات میں اضافہ ہوگا، بلکہ بلوچستان کے اندرونی علاقوں تک رسائی بھی بہتر ہوگی، جس سے صوبے کے معاشی استحکام میں مزید بہتری آئے گی۔ موجودہ حکومت بلوچستان کی ترقی کے لئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے اور ریکوڈک منصوبہ اس کا اہم جزو ہے۔ حکومت نے اس منصوبے کے حوالے سے جو اقدامات اٹھائے ہیں، وہ اس بات کا غماز ہیں کہ حکومت بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے نہ صرف سنجیدہ ہے بلکہ بہترین حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔ یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان کی ترقی کے لئے جو اقدامات کئے ہیں، ان سے صوبے کی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئے گی۔ ریکوڈک منصوبے کی تکمیل کے بعد بلوچستان کے لوگ اپنے معاشی اور سماجی حالات میں بہتری دیکھیں گے۔ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان کے لئے، بلکہ پورے پاکستان کے لئے خوشحال مستقبل کی نوید ثابت ہوگا ای سی سی نے بلوچستان کے عوام کے لئے ایک روشن اور تابناک مستقبل کی راہ ہموار کرنے کے فیصلے کی منظوری دی ہے اور ہمیں یقین ہے کہ موجودہ حکومت کی حکمت عملی اور ریکوڈک منصوبے کی کامیاب تکمیل سے بلوچستان میں معاشی ترقی کی ایک نئی لہر آئے گی، جو نہ صرف صوبے کی معیشت کو مستحکم کرے گی بلکہ ملک کے اقتصادی منظرنامے میں بھی اہم تبدیلی لائے گی۔ نیز ہمیں امید ہے کہ یہ منصوبہ نہ صرف معدنی وسائل سے بھرپور استفادے کے مواقع فراہم کرے گا بلکہ تیز رفتار ترقی کی راہ بھی ہموار کرے گا۔ حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات بلوچستان کے عوام کے لئے ایک خوشحال مستقبل کی ضمانت ہیں اور ہم اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ بلوچستان کا مستقبل روشن اور تابناک ہے۔

## سعودی عرب اور پاکستان دفاعی معاہدہ اور بھارت کی بے چینی

بیداری — رجنیش کمار

سعودی عرب اور جوہری ہتھیاروں سے لیس ملک پاکستان کے درمیان بدھ کو ہونے والے ایک باہمی سکیورٹی معاہدے پر نہ صرف انڈین حکومت نے اپنا ردعمل دیا ہے بلکہ ملک کے دفاعی ماہرین بھی اس معاہدے پر بات کرتے اور اس پر اپنے خدشات کا اظہار کرتے نظر آ رہے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان یہ سکیورٹی معاہدہ اسرائیل کی جانب سے قطر کے دارالحکومت دوحہ پر حملے کے بعد طے پایا ہے اور پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر دیگر عرب ممالک بھی ایسا کوئی اشارہ دیتے ہیں، تو جیسا باہمی معاہدہ سعودی عرب کے ساتھ ہوا ہے پاکستان باقی (ممالک) کو بھی اس میں شامل کرنے پر غور کر سکتا ہے۔ اس معاہدے کو نہ صرف دونوں ممالک کے لیے اہم قرار دیا جا رہا ہے بلکہ ماہرین کے مطابق مستقبل میں اس کے مغربی ایشیا اور جنوبی ایشیا پر بھی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ سعودی عرب سے ہونے والے معاہدے کے بعد جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک کسی بھی جارحیت کے خلاف مل کر کام کریں گے اور اگر کسی بھی ملک کے خلاف جارحیت کو دونوں ممالک کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔ اگرچہ اس معاہدے کی زیادہ تفصیلات ابھی سامنے نہیں آئی ہیں تاہم پاکستانی وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ اس معاہدے کی کوئی ذیلی یا خفیہ شرائط نہیں ہیں۔
اس معاہدے کے بعد انڈیا میں پوچھا جانے والا سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ اگر انڈیا مستقبل میں پاکستان کے خلاف 'آپریشن سندور' جیسا کوئی اقدام کرتا ہے تو کیا سعودی عرب پاکستان کا ساتھ دے گا؟ یہی سوال جب ہم نے سعودی عرب میں انڈیا کے سابق سفیر تلمیذ احمد سے پوچھا گیا تو انھوں نے کہا کہ 'فی الحال ایسا نہیں لگتا کہ یہ معاہدہ انڈیا کے لیے کوئی بڑا دھچکا ہے، لیکن اگر ہم اسے طویل مدت میں دیکھیں تو یہ انڈیا کے لیے کسی بھی طرح سے اچھا نہیں ہے۔' تلمیذ احمد کہتے ہیں کہ 'پاکستان مغربی ایشیا میں بہت زیادہ متعلقہ ہوتا جا رہا ہے جبکہ دوسری جانب انڈیا فی الحال کہیں نظر نہیں آتا۔ خلیجی ممالک اپنی سلامتی کے لیے پاکستان، ترکی اور چین کی طرف دیکھ رہے ہیں، اور یہ تینوں ممالک اب خطے میں بہت اہم ہو چکے ہیں۔ آپریشن سندور کے دوران بھی یہ تینوں ممالک انڈیا کے خلاف صف آرا نظر آئے، اس لیے یہ اگر مستقبل کی بات کی جائے تو یقینی طور پر یہ انڈیا کے لیے ایک دھچکا ہو سکتا ہے۔' جنوبی ایشیائی سیاست کے تجزیہ کار مائیکل کوگل مین نے اپنے ایک تبصرے میں کہا ہے کہ 'پاکستان نے نہ صرف ایک نئے باہمی سکیورٹی معاہدے پر دستخط کیے ہیں، بلکہ ایک ایسے ملک (سعودی عرب) کے ساتھ کیے گئے ہیں جو انڈیا کا بڑا شراکت دار بھی ہے۔ اگرچہ یہ معاہدہ مستقبل میں انڈیا کو پاکستان پر حملہ کرنے سے نہیں روک پائے گا، مگر یہ ضرور ہے کہ اس نے پاکستان میں ایک اچھی پوزیشن میں لا کھڑا کیا ہے۔' انڈیا کی وزارت خارجہ نے بھی اس معاہدے پر ردعمل ظاہر کیا ہے۔ جمعرات کو جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ 'ہم انڈیا کی قومی سلامتی کے ساتھ ساتھ علاقائی اور عالمی امن کے لیے اس معاہدے کے مضمرات کا مطالعہ کریں گے۔ حکومت انڈیا کے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔' ماہرین کے مطابق اس انڈین ردعمل کا واضح مطلب یہ ہے کہ انڈیا بھی اس معاہدے کے اپنے ملک کی قومی سلامتی پر پڑنے والے ممکنہ اثرات کی بات کر رہا ہے۔ سابق انڈین سیکریٹری خارجہ کنول سبل اس صورتحال کو بہت سنگین سمجھتے ہیں۔
کنول سبل نے لکھا کہ 'اس معاہدے کا مطلب ہے کہ اب سعودی عرب کے فنڈز پاکستان کی فوج کو مضبوط کرنے کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ بظاہر پاکستان کھلے عام عرب ممالک کو اسرائیل کے خلاف جوہری سکیورٹی فراہم کرنے کی بات کر رہا ہے۔'
یاد رہے کہ الجزیرہ ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں پاکستانی وزیر دفاع خواجہ آصف سے پوچھا گیا کہ کیا اس معاہدے کے تحت سعودی عرب کو پاکستان کے جوہری ہتھیاروں تک رسائی ہوگی؟ اس پر خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ 'یہ معاہدہ دفاع کے لیے ہے جس کا مقصد ہرگز جارحانہ نہیں۔۔۔ پاکستان کی دفاعی صلاحیتیں اس معاہدے کے تحت سعودی عرب کے لیے بھی کسی بھی ممکنہ صورتحال میں مددگار ہوں گی، لیکن میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں آخری بار جوہری ہتھیاروں کا استعمال ہیروشیما پر ہوا تھا اور خوش قسمتی سے اب دنیا ایٹمی جنگوں سے محفوظ ہے اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی ایسا کچھ نہیں ہوگا۔' پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان شراکت داری کوئی نئی بات نہیں ہے لیکن کہا جا رہا ہے کہ اس شراکت داری میں اس معاہدے کے تحت ہونے والا ممکنہ اضافہ انڈیا کے لیے مزید پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ امریکہ کی ڈیلاویئر یونیورسٹی میں بین الاقوامی تعلقات کے پروفیسر مقتدر خان کا کہنا ہے کہ 'یہ واضح ہے کہ اگر انڈیا پاکستان پر حملہ کرتا ہے تو سعودی عرب اپنی فوج نہیں بھیج سکتا، لیکن اس کے پاس پیسہ ہے۔ سعودی عرب پاکستان کی فوج کو مضبوط کرنے کے لیے مالی مدد فراہم کر سکتا ہے۔ سعودی عرب کے پاس امریکی ٹیکنالوجی ہے اور وہ پاکستان کو بھی فراہم کر سکتا ہے۔ یقیناً یہ انڈیا کے لیے بہت بڑا نقصان ہوگا۔' مقتدر خان کہتے ہیں کہ 'سوال یہ پیدا ہو سکتا ہے کہ سعودی عرب نے یہ معاہدہ کیوں کیا، لیکن اس کے قطعی جواب موجود ہیں۔ پہلا، خلیجی ممالک اب امریکہ پر بھروسہ نہیں کرتے۔ دوسرا، پاکستان نے آپریشن سندور کے دوران انڈیا کے حملے کا پوری عزم کے ساتھ مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں پاکستان ایک اہم ملک کے طور پر ابھرا جس پر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان جو پہلے اپنی پوزیشن کھو رہا تھا، اب وہ ایشیا میں دوبارہ اہمیت حاصل کر رہا ہے۔ جبکہ دوسری طرف انڈیا کا معاملہ الٹا نظر آتا ہے۔' سٹریٹجک امور کے ماہر برہما چیلانی کی رائے ہے کہ وزیراعظم مودی جو گذشتہ کئی برسوں سے سعودی عرب کو اپنی جانب راغب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکل پا رہا۔ چیلانی نے لکھا کہ 'مودی نے سعودی عرب کو خوش کرنے میں برسوں گزارے ہیں۔ انھوں نے سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو ایک سٹریٹجک پارٹنرشپ تک پہنچانے کی کوشش کی اور سعودی عرب کے دورے کیے۔ گذشتہ برس نریندر مودی کی سالگرہ کے موقع پر، سعودی ولی عہد نے انھیں ایک سرپرائز دیا ہے۔ اب، سعودی عرب اور پاکستان کسی بھی حملے کو دونوں پر حملے سے تعبیر کریں گے۔' امریکہ میں پاکستان کے سابق سفیر حسین حقانی نے ایکس پر لکھا کہ 'یہ بالکل ممکن ہے کہ پاکستان اب سعودی عرب کی رقم کو امریکی ہتھیار خریدنے کے لیے استعمال کر سکتا ہے، جس کی اسے ضرورت ہے۔'

## چارلی کرک کا قتل اور آن لائن شکار

حقائق — عفت حسن رضوی

پھٹی جینز ہو یا کاؤ بوائے بوٹ، پولو شرٹ اور خواتین کے تھری پیس سوٹ۔ اگر گنوانے لگ جاؤں تو ایسے درجنوں فیشن ٹرینڈز ہیں، جو دنیا میں سب سے پہلے امریکہ میں رائج ہوئے اور پھر ساری دنیا نے انہیں اندھا دھند اپنایا۔ معاشی پیمانوں میں امریکہ کی ٹکر پر چین اور انڈیا نظر تو آتے ہیں لیکن یہ دونوں ملک عالمی ٹرینڈ سیٹنگ میں امریکہ کے سامنے طفل مکتب ہیں۔ امریکہ کے طاقتوروں نے حال ہی میں امریکہ کے اندر زبان بندی، پکڑ دھکڑ، مخالفین کی سرکوبی اور جمہوریت کے روپ میں فاشزم کا نیا فیشن شروع کیا ہے اور ڈر کا یہ ہے کہ فاشزم کا یہ امریکی ٹرینڈ دیگر فیشن ٹرینڈز کی طرح مقبول نہ ہو جائے۔ امریکہ میں اس وقت صدر ٹرمپ کی سربراہی میں دائیں بازو کی حکومت ہے۔ اس حکومت کے کرتا دھرتا اندر خانے جو کرتے رہیں لیکن ان کا حکومتی موٹو بہت واضح ہے۔ 'ماگا موومنٹ' یعنی 'میک امریکہ گریٹ اگین' کی مہم کے پیچھے ان کے کئی ٹارگٹ ہیں۔ جیسے سفید فام نسل کو طاقتور بنانا، امریکہ کی کرسچن شناخت کو بحال کرنا، سفید فام کے علاوہ ہر رنگ و نسل کو فیصلہ سازی سے باہر کرنا، درجنوں کے حساب سے سامنے آنے والی جنسی شناختوں کو ختم کرنا اور جو کوئی ان تمام ٹارگٹس کے رستے میں آئے اس کا منہ بند کرنا۔ ان تمام مشہور سیاسی نعروں کو مذہب کے تڑکے کے ساتھ پیش کرنے میں نوجوان ایکٹوسٹ، پاڈ کاسٹر اور مباحثوں کے ایکسپرٹ چارلی کرک کا نام بڑا مشہور ہوا۔ چارلی کرک اپنی انہی خصوصیات کی وجہ سے ٹرمپ کی آنکھ کا تارا تھے۔ چارلی کرک غزہ اور فلسطین میں اسرائیلی نسل کشی کو پراپیگنڈہ کہتے تھے اور اسرائیل کے بھی شدید حامی تھے اور اسی لیے لبرل یا ووک کے بھی ناپسندیدہ تھے۔
اس سے قبل کہ چارلی کرک اپنی مقبولیت کو مزید چار چاند لگاتے، چند روز قبل امریکی ریاست یوٹا میں انہیں گولی مار کر جان سے مار دیا گیا۔ چارلی کے قتل کے 48 گھنٹوں میں ہی مبینہ قاتل، نوجوان طالب علم ٹائلر روبنسن، کو گرفتار کر لیا گیا۔ لیکن ان 48 گھنٹوں میں کیا ہوا اور چارلی کے قتل کے بعد سے آج تک امریکہ میں جو ہو رہا ہے، وہ کسی ہیجان سے کم نہیں۔ قتل کے فوری بعد دائیں بازو کے نظریات رکھنے والوں کے ساتھ سفید نسل پرست امریکیوں نے بھی سیٹ سنبھالی اور ہر اس شخص کو نشانہ بنانا شروع کر دیا، جس نے چارلی پر بھی ماضی میں بھی تنقید کی تھی۔
جب تک مبینہ قاتل گرفتار نہیں ہوا تھا، ہر ناقد کو قاتل ٹھہرایا جا رہا تھا۔
یوٹا یونیورسٹی کے ہر اس طالب علم کی آن لائن شناخت کو چھانا گیا، جسے غزہ کے بچوں سے ہمدردی ہے یا جو تارکین وطن افراد کی ظالمانہ بے دخلی کے خلاف ہے۔ تنقید کرنے والوں کو اکثر ایکس اور دیگر پلیٹ فارمز پر نشانہ بنایا گیا۔ ان کی پرانی ٹویٹس کھنگالی گئیں۔ ان پر ذاتی حملے کیے گئے اور انہیں عوامی طور پر شرمندہ کیا گیا۔ دائیں بازو کے حمایتیوں نے یہیں تک بس نہیں کی۔ یہ آن لائن شکار پر نکل گئے، یعنی وہ افراد جنہوں نے کسی بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر چارلی کرک کے نظریات پر تنقید کی، انہیں نوکریوں سے ہاتھ دھونا پڑا۔ صرف کہنا سننا ہو جاتا تو بات اور تھی، یہاں تو کہانی سزاؤں تک جا رہی ہے۔
اب تک ایسے درجنوں افراد اپنی نوکریوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، جنہوں نے چارلی کی شخصیت یا اس کی موت پر کوئی منفی کمنٹ کیا تھا۔ ان افراد میں امریکی پولیس، حساس اداروں کے اہلکار، یونیورسٹی اور سکولوں کے اساتذہ، ڈاکٹرز، پائلٹس یہاں تک کہ امریکہ کے معروف لیٹ نائٹ کامیڈی شو کے اینکر جمی کمل کو بھی کام سے فارغ کر دیا گیا۔ امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ کوئی غیر ملکی بھی اگر تنقید کرے گا تو وہ مستقبل میں امریکہ کا ویزہ بھول جائے۔
ٹرمپ کی ریپبلکن پارٹی اور اس کے حمایتی اس پر بھی مطمئن نہیں۔ اگلا ہدف ایسے افراد کو سزائیں دینا ہے۔ اس وقت امریکہ کے طاقتور حلقوں پر دائیں بازو کے حمایتیوں کا بڑا پریشر ہے۔ ان کی ڈیمانڈ ہے کہ ہر وہ شخص جو کسی بھی زاویے سے، کسی بھی زبان میں اور کسی بھی انداز میں ماگا موومنٹ، سفید فام نسل، ٹرمپ یا امریکی پالیسیوں پر تنقید کرے اسے سزا دی جائے۔ اس ہیجانی پریشر کے نتائج ہمیں نظر آ رہے ہیں کہ امریکہ میں فلسطین کی آزادی کی بات کرنا یا غزہ کے بچوں کے لیے آہ بھرنا بھی قابل گرفت جرم ہو سکتا ہے۔
بس یہی وہ نکتہ ہے جو حاصل گفتگو ہے۔ امریکہ طویل عرصے تک اپنے آئین کی پہلی ترمیم پر فخر کرتا رہا ہے، جس میں امریکہ نے یہ طے کر لیا تھا کہ سیاسی تبصرہ، خواہ توہین آمیز ہو یا غلط، اظہار رائے کا آئینی تحفظ رکھتا ہے۔ لیکن اب امریکہ جیسے فری سپیچ ملک کو بھی زبان بندی کی شدت پسندی کا سامنا ہے۔ بس ہماری مشکل یہ ہے کہ اپنے وطن پاکستان میں جہاں یوں بھی اظہار رائے کی آزادی طاقتور لوگوں کو کچھ زیادہ پسند نہیں، وہاں اس نئے نویلے امریکی ٹرینڈ کے فالوورز پلکیں بچھائے بیٹھے ہیں۔ نئی دنیا کے اس نئے ٹرینڈز میں مکالمے کی موت نظر آ رہی ہے۔

## پاک-سعودیہ شراکت داری: وہ معاہدہ جس کی گونج دنیا نے سنی!

پیام زندگی — باقر سجاد سید

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان 'اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے' پر دستخط کو مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا دونوں کے لیے ایک اہم اور گیم چینجنگ لمحے کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ پہلی نظر میں یہ ایک رسمی معاہدہ ہے جو وعدہ کرتا ہے کہ دونوں ممالک ایک دوسرے کا دفاع کریں گے۔ یہ نیٹو کے آرٹیکل 5 کے اجتماعی دفاع کے عزم سے مماثل ہے جو کہتا ہے کہ ایک شراکت دار پر حملہ دونوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ تاہم اگر غور کریں تو لگتا ہے کہ معاہدے کے دائرہ کار میں دانستہ طور پر ابہام کی گنجائش چھوڑی گئی ہے جس سے گمان ہوتا کہ جیسے یہ صاف الفاظ میں کہے بغیر اسٹریٹجک پیغام بھیجنے کا ایک طریقہ ہے۔ واضح پیغام تو یہ ہے کہ سعودی عرب اب امریکا کو اپنی سلامتی کا واحد ضامن نہیں سمجھتا اور وہ اپنے دفاعی نظام کو ادارہ جاتی شکل دینے کی تیاری کر رہا ہے۔
اس معاہدے کے حوالے سے جو کچھ عوام کو بتایا گیا وہ مختصر اور رسمی تھا۔ سرکاری بیان میں صرف ایک مختصر وضاحت دی گئی جس میں کہا گیا کہ معاہدے کا مقصد 'دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے پہلوؤں کو فروغ دینا اور کسی بھی جارحیت کے خلاف مشترکہ دفاع کو مضبوط بنانا ہے'۔ نپے تلے الفاظ میں سفارتی پردہ برقرار رکھا گیا لیکن اس کے پیچھے ہونے والی گفتگو زیادہ سنجیدہ تھی۔ چونکہ یہ معاہدہ مبہم ہے یا شاید جان بوجھ کر اسے یوں چھوڑا گیا ہے، اس کے بعد ہونے والی بحث بالخصوص مغربی ماہرین نے سب سے پہلے ایک بڑے امکان پر توجہ مرکوز کی ہے۔ وہ یہ ہے کہ کیا اس معاہدے کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان سعودی عرب کو جوہری تحفظ کی چھتری بھی فراہم کرے گا؟ ایک سینئر سعودی اہلکار سے مغربی میڈیا کی جانب سے یہی سوال پوچھا گیا کہ کیا یہ معاہدہ پاکستان کو اس طرح کی کوئی ضمانت فراہم کرنے کا پابند کرسکتا ہے، جس پر انہوں نے جواب دیا، 'یہ ایک جامع دفاعی معاہدہ ہے، جس میں تمام فوجی ذرائع شامل ہیں'۔
سعودی مبصرین نے ٹی وی پر اس نکتے پر زور دیا۔ سیاسی تجزیہ کار منیف الحربی نے کہا، 'دونوں ممالک ضرورت پڑنے پر اپنے پاس جو بھی فوجی ٹولز ہوں گے، استعمال کریں گے۔۔۔ کسی بھی امکان کو خارج نہیں کیا جا رہا، حتیٰ کہ دشمنوں کو خوفزدہ کرنے کے لیے طاقتور ہتھیار کے استعمال کا امکان بھی نہیں'۔ یہ تبصرے مزید قیاس آرائیوں کو ہوا دیتے ہیں کہ معاہدے میں جوہری ہتھیاروں کے اشتراک کے بارے میں کوئی خفیہ شق شامل ہو سکتی ہے کیونکہ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ریاض کا اپنا میڈیا سسٹم اور عوامی دانشوروں کا ماننا ہے کہ اس معاہدے کا مقصد حاصل کرنا ہے۔ مغربی حلقوں میں قیاس آرائیوں کے باوجود جوہری استعمال پر پاکستان کا مؤقف بالکل واضح ہے۔ اسلام آباد کو صرف اپنے دفاع اور اپنے خلاف جارحیت کے جواب میں جوہری صلاحیت تیار کرنے کا پابند کیا گیا تھا اور اس کا مقصد صرف اور صرف اپنے ملک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا تحفظ ہے، دوسری ریاستوں تک اپنی جوہری صلاحیتوں کی توسیع نہیں۔ اس کے باوجود واشنگٹن شاید اسے خطرے کی گھنٹی کے طور پر محسوس کرے گا لیکن وہ ردعمل ظاہر کرنے سے پہلے احتیاط سے سوچے گا۔ اسٹیمسن سینٹر کے ایک اسکالر کرسٹوفر کلیری نے ڈان کو بتایا، 'امریکا، پاکستان یا سعودی عرب میں سے کسی کا دشمن نہیں ہے لیکن وہ ممکنہ طور پر جوہری اشتراک کے کسی بھی واضح انتظام کو تشویش کی نگاہ سے ضرور دیکھے گا'۔
ان کا خیال ہے کہ جوہری اشتراک اور دیگر ممالک کا دفاع کرنا حقیقی زندگی میں اس سے کہیں زیادہ مشکل ہے جتنا کہ نظریہ میں آسان لگتا ہے۔ حتمی حقائق جو بھی ہوں، اس معاہدے نے سیاسی بات چیت کی سمت ہی بدل دی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ ابہام بھی جارحیت کے امکان کو روکنے کی ایک شکل ہے۔ سعودی عرب نے بھی واضح طور پر معاہدے کے زیادہ عام یا معمول کے تعمیراتی حصوں کی وضاحت پیش کی ہے۔ جیسا کہ اسلام آباد میں سعودی سفارت خانے کے پریس اتاشی جمال الحربی نے عرب نیوز میں لکھا، 'نئے معاہدے کا مقصد متعدد شعبوں پر فوجی تعاون کو توسیع دینا ہے جن میں کلیدی عناصر میں آپریشنل تیاری اور باہمی تعاون کو بہتر بنانے کے لیے مشترکہ فوجی مشقیں، ابھرتے ہوئے خطرات خاص طور پر دہشت گردی اور سرحد پار سے ہونے والی شورشوں کا مقابلہ کرنے کے لیے انٹیلی جنس شیئرنگ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، اس میں دفاعی صنعت میں تعاون شامل ہے جس میں ٹیکنالوجی کی منتقلی اور فوجی ساز وسامان کی مشترکہ پیداوار کے ساتھ ساتھ صلاحیتوں کی پیداوار شامل ہیں جبکہ اس میں سعودی افواج کے ساتھ کام کرنے والے پاکستانی فوجیوں کی تاریخ پر ایک دوسرے کی تربیت اور مدد کرنے پر بھی توجہ دی گئی ہے۔ اس میں سائبر سیکیورٹی، ڈرونز اور خلائی دفاعی نظام جیسے نئے شعبوں میں بھی مل کر کام کرنا شامل ہے'۔ واضح الفاظ میں یہ معاہدہ صرف بیان بازی سے گھڑی کی جانے والی ڈھال نہیں۔
اگر شراکت دار مشترکہ منصوبہ بندی، باہمی آپریشن معیارات کو توسیع، انٹیلی جنس کا اشتراک اور اپنی دفاعی صنعتوں کو منسلک کرتے ہیں تو نتیجتاً 1990ء میں امریکا کی جانب سے مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈے قائم کرنے کے بعد سے یہ خلیجی سلامتی میں انتہائی اہم تبدیلی ہوگی۔ اگر وہ گردشی تعیناتیوں کے ساتھ ایک حقیقی، فعال ملٹری تشکیل دیتے ہیں، ہنگامی حالات کے لیے تیار منصوبہ بندی کرتے ہیں اور لاجسٹکس کا اشتراک کرتے ہیں تو یہ ایک مضبوط سیکیورٹی اتحاد ہوگا۔ لیکن اگر ایسا نہیں تو یہ صرف ایک مہنگا شو ہو سکتا ہے جس میں حقیقی طاقت نہیں ہوگی۔
دستاویز کو ٹریٹی کے بجائے معاہدہ کہنے پر لوگوں میں اس بحث نے جنم لیا ہے کہ یہ معاہدہ قانونی طور پر کتنا مضبوط ہے۔ ریسرچ سوسائٹی آف انٹرنیشنل لا کے صدر احمر بلال صوفی نے ڈان کو بتایا کہ ویانا کنونشن ایک سادہ تعریف فراہم کرتا ہے۔ آرٹیکل 2 ٹریٹی کی وضاحت کرتا ہے کہ یہ 'ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے جو ریاستوں کے درمیان تحریری شکل میں ہوتا ہے اور بین الاقوامی قانون کے تحت ہوتا ہے چاہے وہ کسی بھی نوعیت کا ہو'۔ اس اصول کے مطابق معاہدہ کیا کہلاتا ہے، اس سے زیادہ اہم یہ ہے کہ اس معاہدے کا مطلب کیا ہے۔ اگر ممالک ان وعدوں کو تحریری شکل دیتے ہیں جو وہ برقرار رکھنے کا ارادہ بھی رکھتے ہیں تو یہ قانونی طور پر ایک ٹریٹی ہے چاہے دستاویز کا عنوان جو بھی ہو۔ اس معاہدے پر دستخط کا وقت ہی سب بتاتا ہے۔ یہ معاہدہ دوحہ میں ہائی پروفائل اسرائیلی حملے کے بعد ہوا اور خلیجی دارالحکومتوں میں ایک وسیع تر احساس کے درمیان ہوا کہ امریکا شاید سلامتی کا ویسا خودکار ضامن نہ ہو جیسا وہ پہلے تھا۔ ریاض کا عوامی مؤقف یہ ہے کہ معاہدہ کسی ایک ریاست کے خلاف نہیں لیکن نجی طور پر پیغام واضح ہے۔ اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ سعودی عرب بنیادی طور پر کس کو متنبہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے چاہے وہ ایران ہو، اسرائیل ہو یا کوئی اور، حقیقت یہ ہے کہ یہ معاہدہ مشرق وسطیٰ میں طاقت کا توازن بدل سکتا ہے۔ یہ خاص طور پر اس صورت میں ہو سکتا ہے کیونکہ پاکستان کی روایتی وابستہ صلاحیتیں نہ صرف عملی طور پر طاقتور ہیں بلکہ ایک مضبوط پیغام بھی دیتی ہے۔ یہ پیغام دو طریقوں سے کام کرتا ہے۔ اسلام آباد کے لیے یہ معاہدہ پاکستان کے محض علاقائی کھلاڑی سے زیادہ ہونے کے دعوے کی توثیق کرتا ہے۔ ریاض کے لیے یہ پاکستان، چین اور روس کے ساتھ مضبوط تعلقات استوار کرنے کے ساتھ ساتھ امریکا کے قریب رہنے کی ایک زبردست حکمت عملی کی حمایت کرتا ہے۔ منیف الحربی کے بقول 'سعودی عرب ایک اسٹریٹجک پارٹنر کی جگہ دوسرے کو نہیں دیتا، وہ بس اپنی شراکت کو بڑھاتا ہے، پھر وہ شراکت مغرب کے ساتھ ہو، چین کے ساتھ یا روس کے ساتھ۔۔۔ پاکستان کے ساتھ معاہدہ اس طرز پر پورا اترتا ہے'۔ یہ نئی صف بندی ریاض کو نئی دہلی کے ساتھ ایک عجیب پوزیشن میں ڈال سکتی ہے۔ بھارت نے سعودی عرب کو توانائی، تجارت اور سفارتی تعاون کے اعتبار سے پروان چڑھانے میں مستقل طور پر کام کیا ہے

## میرے ذہن میں اٹکے دو موضوعات

برملا — نصرت جاوید



روس کو یوکرین پر جنگ مسلط کئے ہوئے تین سے زیادہ برس گزر چکے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد دنیا میں امن یقینی بنانے کے نام پر وجود میں آنے والی اقوام متحدہ مذکورہ جنگ رکوانے میں قطعاً ناکام رہی۔ امریکہ کی قیادت میں یورپ کے اکثر ممالک کے ساتھ قائم ہوئے فوجی اتحاد نے بھی یوکرین کو مذکورہ جنگ میں فتح دلوانے میں حصہ ڈالنے کے بجائے چند جدید ہتھیاروں کی فراہمی سے اسے طویل تر بنا رہا ہے۔ اپنے پہلے دور صدارت میں ٹرمپ نے نیٹو نامی اتحاد کو امریکی خزانے پر بوجھ ٹھہرانا شروع کر دیا تھا۔ وائٹ ہاؤس میں لوٹ آنے کے بعد وہ یورپی 'اتحادیوں' کی برسر عام تضحیک میں مصروف رہتا ہے۔
ایسے عالم میں جب دنیا کا تقریباً ہر ایک ملک آپا دھاپی کے ماحول میں خود کو تنہا محسوس کر رہا ہے پاکستان اور سعودی عرب کا ایک ملک پر ہوئے حملے کو دوسرے ملک کے برابر قرار دینے والا معاہدہ خوش گوار حیرتوں کے باب کھولے گا۔ میں اس کی جزئیات بیان کرنے کے بجائے آئندہ تین دن نہایت توجہ سے یہ جاننے کی کوشش کروں گا کہ بھارت اور اسرائیل پاکستان اور سعودی عرب کے مابین ہوئے اس معاہدے کو کس انداز میں لیتے ہیں۔ ان دو ممالک کا ردعمل پاک-سعودی عرب معاہدے کی اہمیت کو سراہنے میں مددگار ہوگا۔ ان کا ردعمل عیاں ہونے کے انتظار کے علاوہ ایک اور موضوع نے مجھے بدھ کی صبح سے حیران کر رکھا ہے۔ اپنی حیرانی کو کاغذ پر منتقل کئے بغیر چین نہیں آئے گا۔
جموں سے انگریزی کا ایک موقر روزنامہ شائع ہوتا ہے۔ نام ہے اس کا 'کشمیر ٹائمز'۔ مذکورہ اخبار کے مالک اور ایڈیٹر وید بھسین مقبوضہ کشمیر کی خودمختاری کے مرتے دم تک کٹر حامی رہے۔ اس سوچ کی وجہ سے دلی کی ہر حکومت کے ناپسندیدہ رہے۔ ان کی وفات کے بعد انورادھا بھسین اس اخبار کو چلا رہی ہیں۔ انتہائی ثابت قدمی اور مستقل مزاجی سے وہ بھی مودی حکومت کی جانب سے آرٹیکل 370 کے خاتمے کی مخالفت میں ڈٹ کر کھڑی ہیں جس کی وجہ سے ریاست جموں وکشمیر کی تاریخی شناخت کو لداخ سے کاٹ کر نہ صرف ختم کیا گیا بلکہ اس کو بھارتی آئین کے تحت دی گئی 'خصوصی (خودمختار) حیثیت' بھی ختم کر دی گئی۔ 'کشمیر ٹائمز' کی تاریخ کو ذہن میں رکھتے ہوئے میں اس میں چھپی خبروں اور مضامین کو تھوڑی لگن سے تلاش کرنے کے بعد غور سے پڑھتا ہوں۔
17 ستمبر 2025ء کے 'کشمیر ٹائمز' میں ایک خبر نمایاں انداز میں چھاپی گئی۔ اسے مذکورہ اخبار کے 'ایکس' اکاؤنٹ پر پڑھتے ہوئے میں حیران ہو گیا۔ کئی بار شبہ ہوا کہ 'کشمیر ٹائمز' کی ویب سائٹ کو 'فیک نیوز' پھیلانے کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ تحقیق وتفتیش نے مگر میرے شبے کو غلط ثابت کیا۔
جس خبر نے مجھے پریشان کر رکھا ہے وہ معروف کشمیری حریت پسند یاسین ملک صاحب کے ایک حلف نامے کی تفصیلات پیش کرنے کی دعوے دار ہے۔ یاد رہے کہ آرٹیکل 370 کے خاتمے کے بعد یاسین ملک صاحب کو جو جموں اینڈ کشمیر لبریشن فرنٹ کے چیئرمین بھی ہیں بھارت کی نیشنل انوسٹی گیشن ایجنسی نے دہلی ہائی کورٹ سے بیرون ملک سے رقوم حاصل کرنے اور 'دہشت گرد تنظیموں' کے ساتھ روابط رکھنے کے الزامات کے تحت عمر قید کی سزا دلوائی ہے۔ عمر قید کی سزا نے ایجنسی کو لیکن مطمئن نہیں کیا۔ ایک اپیل کے ذریعے دلی ہائی کورٹ کو اب عمر قید کی سزا پھانسی میں بدلنے کیلئے قائل کیا جا رہا ہے۔ یاسین ملک صاحب کے دوست اور خیر خواہ لہٰذا ان کی زندگی کے بارے میں جائز بنیادوں پر نہایت فکرمند ہیں۔
'کشمیر ٹائمز' نے عدالت میں جمع کروائے جس 'حلف نامے' کی تفصیلات قسط وار پیش کرنا شروع کی ہیں اس میں یاسین ملک نے نہایت جرأت سے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ 'عدالتی ترازو کا جھکاؤ میرے خلاف ہے۔۔۔ میں (اگرچہ) اپنے خلاف آئے فیصلے کو خوش دلی سے اپنا مقدر سمجھوں گا'۔ اپنے خلاف اٹھائے اقدامات کے تناظر میں یاسین ملک مگر یہ انکشاف کرنے کو مجبور ہوئے کہ 1990ء کی دہائی کے آغاز میں انہیں دلی کی مہرولی سب جیل سے مہارانی باغ کے ایک بنگلے میں لے جایا گیا۔ یہ بنگلہ بھارت کے مشہور سیٹھ امبانی کی ملکیت تھا۔ وہاں ان دنوں کے بھارتی وزیر داخلہ راجیش پائلٹ کے علاوہ ایک اعلیٰ سطحی افسر وجاہت حبیب اللہ بھی موجود تھے۔ بھارتی انٹیلی جنس بیورو کے چند افسران بھی اپنا تعارف کروائے بغیر مذکورہ میٹنگ کی نگرانی کرتے رہے۔
یاسین ملک کا دعویٰ ہے کہ بھارتی وزیراعظم نرسمہا راؤ نے اس ملاقات کی اجازت دی تھی۔ موصوف کی شدید خواہش تھی کہ یاسین ملک ہتھیار پھینک کر مین سٹریم سیاست کا حصہ بن جائیں۔ سیٹھ امبانی کے بنگلے میں ہوئی ملاقات کے بعد 1994ء تک بھارتی ریاست کے نمائندوں کے ساتھ تقریباً تین برس تک مسلسل روابط کی بدولت یاسین ملک نے بالآخر 'پرامن، جمہوری اور عدم تشدد پر مبنی سیاست' سے وابستگی کا اعلان کر دیا۔
ان کے اعلان کے بعد یاسین ملک کو تشدد پر مبنی کارروائیوں میں حصہ لینے یا اکسانے کے الزام میں قائم 32 مقدمات میں آسانی سے ضمانت مل گئی۔

## ممدی کے کمبل

خیالات — رسول بخش رئیس

نام تو اس کا محمد بخش تھا مگر ہمارے سرائیکی وسیب میں ناموں کو مختصر کرنے کی روایت کے مطابق لوگ اسے ممدی کہتے تھے جو بولنے میں ممدی بن گیا تھا۔ بچپن میں ہی اپنے چند گھروں پر مشتمل گاؤں میں اسے ہر روز صبح سے لے کر شام تک اونی کمبل اپنی دستی کھڈی پر بنتے دیکھا کرتا تھا۔ گاؤں کے دیگر لوگوں کا پیشہ زراعت اور گلہ بانی تھا۔ زرد، سفید اور دیگر رنگوں میں بنے کمبلوں کے شوقین دور دور سے اسے آرڈر دیتے تھے اور اس کا کام پورا سال جاری رہتا تھا۔ اس علاقے میں بھیڑیں پالنے کا رواج آج بھی ہے، مگر جس زمانے کی میں بات کر رہا ہوں اس وقت تعداد کئی گنا زیادہ تھی کیونکہ ہر طرف جنگلات تھے اور دریا پر بھی کوئی بند نہیں تھا۔ سیلابی پانی دور دور تک پھیل جاتا تو بارشیں ختم ہوتے ہی قدرتی چراگاہیں ہری بھری ہو جاتیں۔ ہزاروں کی تعداد میں دیگر جانوروں کے ساتھ بھیڑیں چرنے کا نقشہ آج بھی ذہن میں ایک نمایاں تصویر کی صورت نقش پذیر ہے، اور کسی افریقی قدرتی جنگل کا خیال دل میں جاگزیں ہوتا ہے۔ اس علاقے میں ہماری بستی سے کچھ دور ایک اور آدمی (جس کا نام یاد نہیں) کمبل بناتا تھا اور ممدی اس کے شاگردوں میں سے تھا۔ جب تک اس کے ہاتھوں میں سکت تھی، وہ یہ کام کرتا رہا۔ اب وہ بوڑھا ہو گیا اور اس کی کھڈی بجائے کیڑوں کی خوراک بنی یا اس کی لکڑیاں غالباً گاؤں والوں نے کسی دن کھانا پکانے کے لیے آگ میں جلا ڈالیں۔ اس سے پہلے اس کا استاد اس جہانِ فانی سے رخصت ہوا۔ اس کے بعد ممدی اور پھر کسی نے کوئی کمبل بنتی ہوئی کھڈی نہ دیکھی۔ وہ کاریگر چلے گئے تو ان کا ہنر بھی ان کے ساتھ دفن ہو گیا۔
ہمارے دیہات کی معیشت آج سے نصف صدی پہلے تک باہمی انحصار، خود کفالت اور ہر ضرورت کی چیز کی مقامی سطح پر تیاری کی بنیاد پر تھی۔ ہماری چھوٹی چھوٹی بستیوں کا سلسلہ خاندانی آبادیوں پر تھا، مگر نزدیک ہی کچھ فاصلے پر ایک قصبہ نما گاؤں تھا جس میں سنار، موچی، ترکھان، تیلی، لوہار، جولاہے، بڑھئی اور مٹی کے برتن بنانے والے کمہار ہوا کرتے تھے۔ ان کے پیشے نسل در نسل چلتے۔ جو بھی بچہ کوئی اوزار پکڑ کر کام کرنے کے لائق ہوتا، والد، چچا یا ماموں اسے اپنے ساتھ بٹھا لیتے۔ پنجاب کے تمام علاقوں میں ہنرمند کاریگر سماج کا لازمی جزو تھے۔ یہ نظام اجرت اور اوزار گی کے لیے فصل برداری پہ ہی تھا۔ یہ کاریگر جن میں کشتیوں کے ملاح اور دیگیں پکانے والے بھی شامل تھے، چاول اور گندم یا کسی اور اجناس کے لیے آتے۔ ممدی جیسے کاریگر ہر کمبل کی اجرت البتہ نقد صورت میں وصول کیا کرتے تھے۔ اگر نقد نہ ہوتا تو اس کے برابر کوئی جنس لے لیتے۔ اجناس کی قدر ہوا کرتی تھی اور نقد کے متبادل بازار میں لائی جاتی۔ ہمارے علاقوں میں آج بھی دیہاتی جن کے پاس نقد نہیں ہوتا، کوئی جنس ساتھ لاتے ہیں اور اس کے بدلے سودا سلف خرید لیتے ہیں۔ سوچتا ہوں کہ تقریباً تمام نوع کے کاریگر، کچھ استثنا کے ساتھ اپنا علم اور ہنر زیرِ زمین کیوں لے گئے؟ ممدی کا ایک بیٹا اور اس کی حادثاتی موت کے بعد ایک پوتا بھی تھا مگر وہ اپنا فن ان میں سے کسی ایک کو بھی منتقل نہ کر سکا۔ اس کا پوتا تو دربدر ٹھوکریں کھاتا رہا اور کسمپرسی کی زندگی گزارتے کسی مہلک بیماری سے دوچار رہا۔
اپنے زمانے کے کئی دستکاروں کو جانتا ہوں جو نہ تو اپنے کام میں کوئی جدت پیدا کر سکے، نہ اسے پھیلایا اور نہ ہی کوئی ہنر قدآور بنایا جہاں کاریگروں کی اگلی نسل پیدا ہو سکتی۔ اس کی بنیادی وجہ میرے خیال میں سماج ہے۔ ہمارا جاگیرداری کا معاشرہ اپنے ہاتھ سے کام کرنے والوں کو کچھ اچھی نگاہ سے نہیں دیکھتا۔ اگر ایسا تھا تو اس حد تک کہ وہ بہت اچھا جوتا بناتا ہے، اچھی حجامت کرتا ہے، 'لکڑی یا برتنوں کا اچھا کام کرتا ہے'۔ معاشرتی درجہ بندی میں یہ سب کسی ذاتوں یا برادریوں میں شمار ہوتے، جو بالکل نچلی سطح کی خیال کی جاتی تھیں۔ ان کی اگلی نسلیں اس کمتر سماجی حیثیت اور گزارے کی حالت سے نکلنے کے لیے تعلیم حاصل کرنے گئیں اور سرکاری شعبوں اور تجارت سے وابستہ ہو گئیں۔ ان میں سے کسی کو اپنے آبائی پیشوں کو جدید خطوط پر استوار کر کے چھوٹے کارخانے یا دستکاریوں کے مراکز قائم کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ اصل مسئلہ نچلے درجے کی سماجی حیثیت کا تھا، جو ان پیشوں سے وابستہ ہو چکی۔ آج تک ہمارا سماج اس 'مصنوعیت'، عدم مساوات اور احساس کمتری یا برتری سے نہیں نکل پایا۔ جاگیرداری اور قبائلی معاشروں کی خاص بات جو انہیں جدید صنعتی معاشروں سے الگ رکھتی ہے وہ یہ ہے کہ آپ کا باپ کیا کام کرتا تھا، نہ کہ آپ اپنی محنت سے کس مقام پر پہنچے ہیں۔ ایک اور بات بھی وہ پیشہ قائم نہ رہنے کی وجوہات میں شامل کر لیں: وہ یہ کہ کاریگر خاندان بے زمین تھے اور زرعی معاشروں میں کسی کی سماجی حیثیت اور مقام کا تعین زمین کی ملکیت سے ہوتا ہے۔ انگریزوں نے بھی نہری نظام کا جال بچھاتے ہوئے زمینیں صرف کاشتکار برادریوں اور قبائلی سرداروں میں تقسیم کیں کہ وہ بھی اس علاقے کے پرانے سماجی درجہ بندی کے نظام میں براہِ راست مداخلت نہیں کرنا چاہتے تھے۔
البتہ انگریزوں نے تعلیم کے دروازے سب پر کھولے تو پھر ہر سطح اور برادری کے لوگ اپنی محنت سے جدید ریاست اور اس سے جڑی معیشت سے وابستہ ہوتے چلے گئے۔ ایک اور تبدیلی صنعتوں کے قیام کے ساتھ شہروں اور دیہات کے ایک نئے لین دین کے نظام کی صورت میں سامنے آئی۔ بدقسمتی سے ہمارے دیہات جو بڑی حد تک خودکفیل تھے اب مصنوعات اور ضرورت کی چیزوں کے لیے شہروں کے محتاج ہو گئے۔ دیہاتی ترقی میں تعلیم، صحت، مواصلات اور امن وسلامتی کے ساتھ دستکاریوں اور چھوٹی صنعتوں پر توجہ مرکوز ہوتی تو آج کروڑوں کی تعداد میں نوجوان بے روزگار نہ ہوتے۔ پرانی سماجی درجہ بندی کا اب تک کتنا گہرا اثر ہے کہ کوئی پڑھا لکھا تو جوان اپنے ہاتھ سے کام کرنے کے لیے تیار نہیں اور نہ کوئی ہنر سیکھنے کے لیے۔ تعلیم حاصل کرنے کا وہ ایک ہی مقصد جانتے ہیں کہ وہ کہیں سرکاری دفتر میں اگر افسر نہیں تو کلرک بن کر کرسی پر بیٹھے رہیں اور مہینے کے آخر میں معقول تنخواہ وصول کریں۔
اکثر نوجوان دیہات میں نوکریوں کے لیے سفارش کی درخواست اس درویش کو اس مغالطے میں کرتے ہیں کہ کہیں کسی کو کہنے سے ان کا کام ہو جائے گا۔ انہیں کیا خبر، ہم تو طاقت کے سرچشموں سے بہت دور سماجی صحرا میں زندگی گزارتے ہیں۔ میرا مشورہ ہمیشہ یہ ہوتا ہے اور بالکل ٹھیک بیٹھتی ہے کہ کوئی ہنر سیکھ لیں۔ اگر تعلیم کم ہے اور کسی کالج اور یونیورسٹی سے فارغ التحصیل نہیں تو مقامی وسائل کے اعتبار سے کوئی پیداوار بازار میں لے آئیں۔ جدید یت اور صنعتی معیشت کا جبر یہ ہے کہ ہمارا نوجوان اس کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔ اگر نہیں تو عاجزی، بے کاری، بے روزگاری اور کاسہ لیسی ہی مقدر ہوگی۔

## اوآئی سی کانفرنس اور بدلتے حالات کے تقاضے

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

اوآئی سی سربراہی اجلاس کے اعلامیے میں نو ستمبر کو دوحہ پر اسرائیلی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور الزام عائد کیا گیا ہے کہ اسرائیل نے غزہ کی جنگ ختم کرنے اور قیدیوں کے تبادلے کے ثالث قطر کے کردار کو جان بوجھ کر نقصان پہنچایا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ہم قطر کے ساتھ اس جارحیت کے خلاف مکمل یکجہتی کا اعلان کرتے ہیں جو تمام عرب اور اسلامی ریاستوں کے خلاف بھی جارحیت ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی کہا گیا کہ رکن ممالک قطر کے کسی بھی اقدام کی حمایت کریں گے جو وہ اس حملے کے جواب میں کر سکتا ہے۔ اعلامیے میں اسرائیلی آبادکاری کی توسیع، فلسطینیوں کی جبری نقل مکانی اور بھوک کو جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی بھی شدید مذمت کی گئی اور ان اقدامات کو انسانیت کے خلاف اور جنگی جرائم قرار دیا گیا۔
کوئی شک نہیں کہ اعلامیہ اچھا ہے اور اس میں اسرائیل اور اس کے حامیوں کے لیے واضح پیغام بھی پوشیدہ ہے لیکن شاید یہ اتنا زوردار نہیں ہے موجودہ حالات میں اس کے جتنا زوردار ہونے کی توقع تھی۔ شاید یہ اتنا زوردار نہیں ہے کہ اسرائیلی قیادت کے کان کھڑے ہو جاتے۔ اس میں اسرائیل سے تعلقات قطع کرنے، تجارت منقطع کرنے اور اس کی جانب سے مزید کسی بھی نوعیت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے جیسے آپشنز کا ذکر نہیں ہے۔ اقوام متحدہ اس وقت دنیا کی سب سے بڑی تنظیم ہے، اس تنظیم کے پلیٹ فارم پر پیش کردہ قراردادوں کو اول تو امریکہ منظور نہیں ہونے دیتا، اگر کسی نہ کسی طریقے سے منظور ہو جائیں تو خود اسرائیل ان قراردادوں کو درخور اعتنا نہیں سمجھتا۔ پوری دنیا کی جانب سے مذمت کی گئی لیکن غزہ میں اسرائیلی بہیمیت ایک لمحے کے لیے نہیں رکی۔ پہلے اس نے غزہ کو پوری طرح تاخت وتاراج کیا، اتنا بارود برسایا کہ اب وہاں کوئی عمارت سلامت نہیں۔ پھر اس نے نہتے شہریوں کو تاک تاک کر نشانہ بنایا۔ اب وہ غزہ کو بھوک کا شکار کر کے خود کو دنیا کا بدترین ملک ثابت کر رہا ہے۔ اسے نہ بلکتے بچے نظر آتے ہیں نہ سسکتی انسانیت۔ اور اس کی ہر طرح سے حمایت کرنے والے اس سے بھی زیادہ پتھر دل اور خون خوار ہیں۔ میں تو یہ کہوں گا کہ ان حامیوں کی دہری اور دوغلی پالیسیوں نے ہی حالات کو اس نہج تک پہنچایا ہے کہ اسرائیل اب کسی کی بات سننے کے لیے تیار نہیں، نہ خود حامیوں کی بھی نہیں۔ یہودیوں کی ہر طرح سے حمایت کرنے اور اسرائیل کو اسلحہ اور مالی امداد فراہم کرنے والے ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے انہیں یعنی ٹرمپ کو اعتماد میں لیے بغیر قطر پر حملہ کیا۔ یہ الگ بات ہے کہ دنیا نے ڈونلڈ ٹرمپ کے اس موقف کو تسلیم نہیں کیا اور کہا ہے کہ امریکہ کی امداد پر پلنے والا ملک کس طرح امریکی صدر کے احکامات کی خلاف ورزی کر سکتا ہے؟ ظاہر ہے کہ ایسی سخت صورتحال اور ایسے کڑے حالات میں نرم اعلامیوں سے اسرائیل کا کچھ نہیں بگڑنے والا۔
اب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ اسرائیل آئندہ قطر پر حملہ نہیں کرے گا لیکن جس اسرائیل نے پہلے ٹرمپ سے پوچھے بغیر قطر پر حملہ کیا وہ اب کیونکر پوچھے گا؟ اس حقیقت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ گزشتہ چند برسوں سے مشرق وسطیٰ میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے، گریٹر اسرائیل کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے ہو رہا ہے، چاہے وہ غزہ کی اینٹ سے اینٹ بجانا ہو یا امریکہ کی جانب سے ہر جائز و ناجائز معاملے میں اسرائیل کی حمایت کرنا۔ آپ نے مجوزہ گریٹر اسرائیل کا نقشہ ملاحظہ کیا ہے؟ نقشے میں گریٹر اسرائیل کو فلسطین کے علاوہ لبنان، شام، اردن (مکمل) اور مصر، عراق، کویت اور سعودی عرب کے بڑے حصوں پر مشتمل دکھایا گیا ہے۔ فلسطین اسرائیل کی جھولی میں پڑا ہے۔ لبنان اور شام پر قبضہ کرنا اسرائیل کیلئے اب چنداں مشکل نہیں۔ اردن پہلے ہی اس کا باجگزار بن چکا ہے۔ باقی ملکوں کے بڑے حصوں پر قبضے کے لیے اسے تھوڑی تگ ودو کرنا پڑے گی، حالات کو پیش نظر رکھیں تو کہا جا سکتا ہے کہ محض خفیف سی کوشش۔ ہو سکتا ہے قطر پر حملہ اس نے یہی چیک کرنے کے لیے کیا ہو کہ اس کا کیا ردعمل آتا ہے۔ ایسے میں ردعمل تگڑا ہوتا تو ہی اگلے کو پتا چلتا ہے کہ اسے سوچ سمجھ کر قدم آگے بڑھانے ہیں۔
گریٹر اسرائیل کا راستہ روکنا ہی مشرق وسطیٰ کے لیے وقت کی اہم ترین ضرورت ہے کیونکہ اسرائیل ہی نہیں قابو میں آ رہا تو گریٹر اسرائیل کو کنٹرول کرنا کتنا مشکل اور محال ہوگا اس کا اندازہ لگانے کے لیے ذہن پر زور دینے کی ضرورت نہیں پڑنی چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ مشرق وسطیٰ ہی نہیں پوری دنیا کے ڈائنامکس تبدیل ہو رہے ہیں۔ امریکہ کی تمام بڑے ممالک کے ساتھ ٹیرف وار چل رہی ہے جن میں چین، کینیڈا، میکسیکو، یورپی یونین اور بھارت شامل ہے۔ روس اکیلا لڑ رہا ہے اور یوکرین کے پیچھے جیسا کہ سب جانتے ہیں پوری مغربی دنیا خصوصاً یورپی یونین اور نیٹو ممالک ہیں۔ یہ جنگ جلد ختم ہوتی نظر نہیں آتی کیونکہ اس جنگ پر پانی ڈالنے والے کم اور تیل ڈالنے والے زیادہ ہیں اور اس ساری کشمکش میں کباڑہ ہو رہا ہے یوکرین کا۔
دنیا یونی پولر سے ایک بار پھر بائی پولر گلوب کی طرف سرک رہی ہے۔ ایک پول امریکہ اور اس کے حامی ممالک کا ہے اور دوسرا پول چین اور اس سے وابستہ ممالک کا ہے جن میں روس بھی شامل ہے۔ یہ جنگ ہر گزرتے دن کے ساتھ شدت اختیار کرتی جا رہی ہے حتیٰ کہ امریکہ نے چین کو شکست دینے کے لیے کواڈ کے عنوان سے ایک اتحاد بھی قائم کر رکھا ہے۔ جنوبی ایشیا کے خطے میں بھی تناؤ واضح طور پر محسوس کیا جا سکتا ہے۔ بنگلہ دیش میں انقلاب آ چکا۔ ویسا ہی ایک انقلاب نیپال میں بھی آ گیا ہے۔ پاکستان اور بھارت ابھی ابھی ایک خوفناک جنگ سے باہر نکلے ہیں۔ افغانستان میں افغان طالبان کی حکومت کو چار سال مکمل ہو چکے ہیں لیکن وہاں دہشت گردی پر تا حال قابو نہیں پایا جا سکا ہے اور دہشت گرد سرحد پار کر کے پاکستان میں بھی اپنے اہداف کو نشانہ بناتے رہتے ہیں۔
ان سارے حالات کا تقاضا ہے کہ ایک تو ان تغیرات پر نظر رکھی جائے اور بدلتے ہوئے حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی کوشش کی جائے، دوسرے اپنی تیاری مکمل رکھی جانی چاہیے تا کہ کسی بھی نوعیت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جا سکے۔ اسے تشویشناک ہی کہا جا سکتا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں تیاری ویسی نہیں جیسی ہونی چاہیے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک شہر کے برابر رقبے والے اسرائیل نے سب کو اپنے آگے لگا رکھا ہے۔ عرب ممالک کے پاس تیل کی دولت ہے۔ وہ اپنی اس دولت کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں لیکن نہیں کر پا رہے۔ وہ اپنی تیل سے ہونے والی آمدنی کو اپنا دفاع مضبوط بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں لیکن نہیں کر رہے۔ بار دگر عرض ہے کہ اگر اسرائیل نے پورے خطے کا جینا حرام کر رکھا ہے

## سعودی عرب پاکستان دفاعی معاہدہ: تاریخی سٹریٹجک اتحاد

احوال عالم — ڈاکٹر علی عوض اسیری

سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان نصف صدی سے زائد عرصے پر محیط دفاعی شراکت داری بدھ کو ایک نئے عروج پر پہنچ گئی جب سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور وزیراعظم شہباز شریف نے ریاض میں سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ اس معاہدے میں اعلان کیا گیا کہ 'کسی ایک ملک کے خلاف کسی بھی جارحیت کو دونوں کے خلاف جارحیت سمجھا جائے گا۔' یہ دفاعی معاہدہ اجتماعی سکیورٹی انتظامات کی عکاسی کرتا ہے جو روایتی طور پر نیٹو اور خلیجی تعاون کونسل جیسے علاقائی اتحادوں سے وابستہ ہیں اور جن کا مقصد ممکنہ جارحیت کرنے والوں کو روکنا ہوتا ہے۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق یہ معاہدہ 'دونوں ممالک کے درمیان سکیورٹی بڑھانے، خطے اور دنیا میں امن و سلامتی کے حصول کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی تعاون کے پہلوؤں کو فروغ دینے اور کسی بھی جارحیت کے خلاف مشترکہ دفاع کو مضبوط بنانے کا ہدف رکھتا ہے۔' سعودی عرب اور پاکستان ایک منفرد اور دیرپا تعلقات کے حامل ہیں جن کا اکثر اہم مواقع پر غیر معمولی یکجہتی کے ذریعے اظہار کیا گیا۔ سعودی عرب کے لیے خلیج عرب میں سلامتی اور استحکام انتہائی اہم ہے۔ پاکستان بھی اس اہم حقیقت کو نظرانداز نہیں کر سکتا۔ خاص طور پر مملکت کے ساتھ اپنے خصوصی تعلقات کے پیش نظر۔ اگرچہ یہ معاہدہ دوحہ میں عرب اسلامی ہنگامی سربراہ کانفرنس کے فوراً بعد ہوا لیکن درحقیقت یہ دونوں اتحادی ممالک کے درمیان برسوں کی مسلسل بات چیت کا نتیجہ ہے۔ یہ کسی خاص ملک یا واقعے پر ردعمل نہیں بلکہ ریاض اور اسلام آباد کے درمیان گہری اور مضبوط شراکت داری کا منظم اظہار ہے۔ مشترکہ اعلامیے میں اس شراکت داری کا بھی ذکر کیا گیا جس میں 'مشترکہ سٹریٹجک مفادات اور قریبی دفاعی تعاون' کو اس معاہدے کی بنیاد قرار دیا گیا، جس کی اصل اہمیت میرے خیال میں اس تاریخی رشتے میں ہے جو سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان موجود ہے۔ یہ دونوں ممالک کے آزمودہ فوجی تعلقات کو ایک نئی بلندی پر لے جاتا ہے۔ یہ معاہدہ دہائیوں پر محیط مسلسل اور مخلصانہ کوششوں کا منطقی نتیجہ ہے جو مختلف قیادتوں اور حکومتوں نے کیں، اور جنہیں سعودی اور پاکستانی عوام کی غیر متزلزل حمایت حاصل رہی۔ لہٰذا اسے صرف موجودہ علاقائی کشیدگی کے تناظر میں نہیں بلکہ مشترکہ تاریخ کے وسیع تر زاویے سے سمجھا جانا چاہیے۔ یہ غیر معمولی گہرا تعلق بدھ کو واضح طور پر نظر آیا، جب شہباز شریف کا طیارہ سعودی فضائی حدود میں داخل ہوا۔ سعودی شاہی فضائیہ کے ایف-15 طیاروں نے ان کا استقبال کیا۔ یہ اعزاز اس سے قبل صرف ڈونلڈ ٹرمپ اور ولادی میر پوتن جیسے رہنماؤں کو دیا گیا تھا۔
اس لمحے کی شان و شوکت کو مزید اجاگر ہوئی جب ریاض کی سڑکوں پر پاکستانی پرچم لہرائے گئے اور اسلام آباد میں سعودی پرچم بلند تھے۔ جیسے ہی یہ خبر پھیلی، دونوں ملکوں کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فخر اور جشن سے روشن ہو گئے، جو دو طرفہ تعلقات میں ایک سنگ میل دیکھنے کے مشترکہ جذبے کی عکاسی تھی۔ سعودی عرب کے سفیر کے طور پر تقریباً ایک دہائی پاکستان میں خدمات انجام دینے کے بعد، میں بخوبی اندازہ لگا سکتا ہوں کہ عوامی جذبات کتنے گہرے ہیں، چاہے ملک اب بھی تباہ کن مون سون سیلابوں سے دوچار ہے۔ پاکستانیوں کے لیے سعودی عرب ایک خاص مقام رکھتا ہے۔ ہر سال لاکھوں افراد حج اور عمرہ کے لیے وہاں جاتے ہیں، جبکہ لاکھوں دیگر اپنی محنت اور لگن سے مملکت کی خوشحالی میں حصہ ڈال رہے ہیں۔ وژن 2030 کے فریم ورک کے تحت ولی عہد نے پاکستان کے ساتھ سعودی عرب کی سیاسی، اقتصادی، دفاعی اور ثقافتی شمولیت کو گہرا کرنے کو ترجیح دی ہے۔ اسلام آباد نے بھی اس ترجیح کو بھرپور انداز میں اپنایا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر، جو پاکستان کے آرمی چیف ہیں، نے بھی شہباز شریف کی طرح سعودی قیادت سے باقاعدہ روابط قائم رکھے ہیں۔ انہوں نے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان کے ساتھ قریبی تعلقات قائم کیے، جنہیں گذشتہ سال نشان پاکستان سے نوازا گیا۔ قیادت اور عوام کے درمیان یہ منفرد ہم آہنگی تاریخ میں گہرائی سے جڑی ہے، جو مملکت کے قیام اور پاکستان کے وجود میں آنے سے بھی پہلے کی ہے، اور ہر گزرتی دہائی کے ساتھ پروان چڑھ رہی ہے۔ جب میں اپنی آنے والی کتاب 'سعودی عرب اور پاکستان: ایک بدلتی دنیا میں دیرپا تعلق' میں اس منفرد رشتے اور اس کی بنیادی منطق پر تفصیل سے بات کروں گا، تو یہاں دفاعی میدان میں چند کلیدی سنگ میلوں کا مختصر خاکہ اس معاہدے کی تاریخی اہمیت کو سمجھانے کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ سعودی عرب پاکستان دفاعی تعاون کی تشکیل 1960 کی دہائی میں شروع ہوئی جب قیادت شاہ فیصل اور صدر ایوب خان کے پاس تھی۔ اس مرحلے پر پاکستان نے سعودی شاہی فضائیہ کو تربیت اور مشاورتی مدد فراہم کی، جس نے ایک ایسے تعلق کی پہلی باضابطہ بنیاد رکھی جو بتدریج وسیع ہوتا گیا۔ 1967 میں پہلا باضابطہ دفاعی تعاون معاہدہ اسلام آباد میں وزیر دفاع شہزادہ سلطان بن عبدالعزیز کے دستخط سے ہوا، جس نے سعودی عرب کے دفاع میں پاکستان کے تسلسل کے ساتھ کردار کا آغاز کیا۔ 1960 کی دہائی کے آخر اور 1970 کی دہائی میں اس معاہدے کو فوجی اہلکاروں اور مہارت کے بڑے پیمانے پر تبادلوں میں ڈھالا گیا۔ سینکڑوں پاکستانی افسر سعودی عرب میں ٹرینر، مشیر اور انجینئر کے طور پر خدمات انجام دیتے رہے، جب کہ ہزاروں سعودی فوجی اور پائلٹ پاکستان میں منظم معاہدوں کے تحت تربیت یافتہ ہوئے۔ 1970 کی دہائی کے اوائل تک پاکستان نے سول ایوی ایشن اور ایئر لائنز کو بھی تکنیکی تعاون فراہم کیا، اور ساتھ ہی یمن کی سرحد کے ساتھ سعودی دفاعی قلعہ بندیاں کیں۔ یہ تعاون صرف تربیت تک محدود نہیں رہا۔ اس نے ایک ایسے سعودی عسکری ڈھانچے کی بنیاد رکھی جو پاکستانی تجربے اور پیشہ ورانہ مہارت پر گہرے طور پر انحصار کرتا تھا۔
1980 کی دہائی میں دو طرفہ دفاعی تعلقات کے حجم اور دائرہ کار میں بڑی توسیع آئی۔ خطے کی بے چینی، خصوصاً سوویت یونین کی افغانستان پر چڑھائی اور ایران عراق جنگ، نے ریاض اور اسلام آباد کو 1982 کے معاہدے کے ذریعے اپنے فوجی تعاون کو منظم شکل دینے پر آمادہ کیا۔ اس پروٹوکول نے سعودی پاکستانی آرمڈ فورسز آرگنائزیشن قائم کی اور سعودی عرب میں پاکستانی افواج کی بڑے پیمانے پر تعیناتی کا موقع فراہم کیا۔ اپنے عروج پر 20 ہزار سے زائد پاکستانی فوجی، جن میں ڈویژنز اور بریگیڈ شامل تھے، تبوک اور مشرقی صوبے جیسے حساس علاقوں میں تعینات رہے، جہاں وہ تربیتی اور آپریشنل دونوں کردار ادا کرتے رہے اور ساتھ ہی سعودی عرب کو کسی بھی خطرے کے خلاف یقینی دہائی فراہم کرتے رہے۔

## شہدا کی قربانیاں ملکی تاریخ کے روشن ابواب' سیدال خان

### جن پر قوم کو فخر، ان کا جذبہ قربانی قومی رہنمائی کا ذریعہ بنتا رہے گا، گفتگو

### قائمقام چیئر مین سینیٹ کی شہید میجر انور کی شہادت پر فاتحہ خوانی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) قائم مقام چیئر مین سینیٹ، سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں پاکستان کی تاریخ کے روشن ابواب ہیں، جن پر پوری قوم کو فخر ہے، شہدا کی یادیں ہمیشہ زندہ رہیں گی اور ان کا جذبہ قربانی قومی رہنمائی کا ذریعہ بنتا رہے گا شہید میجر انور کی شہادت پر فاتحہ خوانی کرتے ہوئے ان کے بلندی درجات اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کیلئے دعا کی سیدال خان شہید کی رہائش گاہ تشریف لے گئے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں پاکستان کی تاریخ کے روشن ابواب ہیں، جن پر پوری قوم کو فخر ہے انہوں نے کہا کہ وطن کے جانثاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر نہ صرف ملک کی سرحدوں کی حفاظت کی بلکہ آنے والی نسلوں کا مستقبل بھی محفوظ بنایا۔ شہدا کی یادیں ہمیشہ زندہ رہیں گی اور ان کا جذبہ قربانی قومی رہنمائی کا ذریعہ بنتا رہے گا اپنے دورہ کوئٹہ کے دوران قائم مقام چیئر مین سینیٹ سیدال خان ناصر نے اپنے حلقے کی مختلف شخصیات کے اہل خانہ سے ملاقاتیں کیں اور ان کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا وہ سابق وفاقی وزیر و سابق سینیٹر سردار فتح محمد محمد حسنی کی رہائش گاہ گئے، جہاں انہوں نے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔ اسی طرح انہوں نے ملک امین الدین بازئی سے بھی ان کے رشتہ دار کے انتقال پر تعزیت کی اور فاتحہ خوانی کی۔ قائم مقام چیئر مین سینیٹ نے میر زمان خان لہڑی کے جواں سال بھائی کے انتقال پر انتہائی رنج و غم کا اظہار کیا اور ان کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔

## شر پسندوں نے سڑک کی تعمیراتی مشینری کو آگ لگا دی

### واقعہ میں کوئی جان نقصان نہیں ہوا، لیویز نے تحقیقات شروع کر دیں

بارکھان (نامہ نگار) ضلع بارکھان میں نامعلوم مسلح افراد نے سڑک کی تعمیر کیلئے استعمال ہونے والی مشینری اور جنریٹر کو آگ لگا دی میڈیا رپورٹ کے مطابق بارکھان میں نامعلوم افراد نے شرپسندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سڑک بنانے کی مشینری اور جنریٹر کو آگ لگا دی، تاہم واقعے میں کوئی جان نقصان نہیں ہوا، لیویز نے مشینری کو آگ لگانے کے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ لیویز حکام نے بتایا کہ نامعلوم ملزمان کو تلاش کیا جا رہا ہے، جلد ہی ملزمان کو گرفتار کر لیا جائے گا، یہ واقعہ گزشتہ شب پیش آیا تھا لیکن خوش قسمتی سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ یاد رہے کہ صوبہ بلوچستان میں ملک دشمن قوتیں سرگرم ہیں اور صوبے کی تعمیر و ترقی کی دشمنی میں شرپسندی کی کارروائیاں کرتی رہتی ہیں، سکیورٹی فورسز کی جانب سے آئے روز ان شرپسندوں کا قلع قمع کرنے کی کارروائیاں بھی کی جاتی ہیں۔ اس سے قبل مارچ 2025 میں بھی بلوچستان کے ضلع قلات کے علاقے منگوچر میں نامعلوم افراد نے تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر فائرنگ کر دی تھی، جس کے نتیجے 4 مزدور جاں بحق ہو گئے تھے۔ ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) قلات کیپٹن (ر) جمیل بلوچ نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا تھا کہ نامعلوم مسلح افراد نے قلات کے علاقے منگچر میں دوپہر تقریباً ڈھائی بجے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں کیمپ میں موجود 4 مزدور جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک مزدور معجزانہ طور پر محفوظ رہا تھا۔ ڈی سی نے بتایا تھا کہ لیویز اہلکار جائے وقوعہ پر پہنچے اور لاشوں کو طبی معائنے کے لیے رورل ہیلتھ سنٹر منڈے حاجی منتقل کیا گیا تھا۔ ضلع بارکھان میں نامعلوم مسلح افراد نے سڑک کی تعمیر کیلئے استعمال ہونے والی مشینری اور جنریٹر کو آگ لگا دی میڈیا رپورٹ کے مطابق بارکھان میں نامعلوم افراد نے شرپسندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سڑک بنانے کی مشینری اور جنریٹر کو آگ لگا دی، تاہم واقعے میں کوئی جان نقصان نہیں ہوا، لیویز نے مشینری کو آگ لگانے کے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

## ضلعی انتظامیہ کھیلوں کے فروغ کیلئے ہمہ وقت کوشاں' ڈی سی قلات

### ٹورنامنٹ کی ونر اور رنر ٹیموں کے کپتانوں میں ٹرافی اور شیلڈ تقسیم کیں

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر): آل قلات شہید میر عبدالخالق لانگو لیدر بال کرکٹ ٹورنامنٹ کے اختتامی میچ میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ نے بطور مہمان خاص شرکت کی اور کونگ اسپورٹس کرکٹ کلب کی جانب سے کھلاڑی کے طور پر شامل ہوئے اور شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے میچ کے اختتام تک ناٹ آؤٹ رہے کیپٹن جمیل بلوچ نے ونگ شاٹ کھیل کر ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کونگ اسپورٹس کرکٹ کلب کے نام کر دیا شائقین کرکٹ اور قلات کے شہری میچ سے بھرپور لطف اندوز ہوئے۔ ڈی سی قلات نے اختتامی تقریب کے موقع پر ٹورنامنٹ کی ونر اور رنر ٹیموں کے کپتانوں میں ٹرافی اور شیلڈ تقسیم کیں ڈی سی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

## بلوچستان کی پسماندگی کیلئے زبانی دعوے کافی نہیں، فیصل جمالی

### پیپلز پارٹی نے ہمیشہ سنجیدہ اور عملی اقدامات کو ترجیح دی، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر برائے لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور عوامی محرومیوں کے خاتمے کے لیے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ سنجیدہ اور عملی اقدامات کو ترجیح دی ہے پیپلز پارٹی کا منشور ایک ایسا جامع روڈ میپ ہے جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کے عوام کو ترقی، روزگار اور مساوی مواقع فراہم کرنے کے پختہ عزم پر مبنی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیئر مین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پارٹی ایک نئے ولولے، جذبے اور وژن کے ساتھ سیاسی میدان میں موجود ہے، اور بلوچستان کے عوام کے دیرینہ مسائل کا مستقل حل پیپلز پارٹی کے ایجنڈے میں سرفہرست ہے۔ صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل جمالی نے کہا کہ بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے کے لیے محض زبانی دعوے کافی نہیں، بلکہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے عملی منصوبہ بندی اور اقدامات کی ضرورت ہے، اور پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اسی سیاست کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی وزارت صوبے میں لائیو اسٹاک، زراعت، تعلیم، صحت، اور دیگر پیداواری شعبوں میں اصلاحات متعارف کروا رہی ہے، جن کے مثبت نتائج آنے والے دنوں میں واضح ہوں گے۔ یہ اقدامات بلوچستان کی معیشت کو مضبوط بنانے اور عوامی معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نوجوانوں کو بااختیار بنانے، روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے، اور یہی وژن پارٹی کے منشور کا اہم حصہ ہے۔

## ژوب، مزاحمت پر ڈاکوؤں نے نوجوان کو گولی ماردی

### پولیس ایریا میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران نواز کاکڑ گولی لگنے سے زخمی

ژوب (نامہ نگار) ڈاکوؤں کی فائرنگ شہری زخمی ذرائع کے مطابق کوئٹہ قومی شاہراہ پر پولیس ایریا میں مسلح ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چھیننے کے دوران فائرنگ کر کے نوجوان نواز خان کاکڑ کو گولی مار کر زخمی کر دیا ڈاکو موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے زخمی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## بانی پی ٹی آئی کو فیئر ٹرائل کا حق دیا جائے، مخدوم ایوب قریشی

### عدالت میں ذاتی طور پر حاضری ملزم کا قانونی اور آئینی حق ہے، بیان

### قانونی حق سے ملزم کو محروم کرنا آرٹیکل 10 کی خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما مخدوم ایوب قریشی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف سربراہ، سابق وزیر اعظم عمران خان کے خلاف مقدمات کو جس بھونڈے طریقے سے چلایا جا رہا ہے یہ طریقہ انصاف دینے کے برعکس اور سیاسی انتقام ہے انتقام کے زمرے میں آتا ہے یہ بات دنیا دیکھ رہی ہے کہ سابق وزیر اعظم کو فیئر ٹرائل کا حق نہیں دیا جا رہا ہے انہوں نے کہا اس سے پہلے بھی اعلیٰ عدالتوں میں ملک کے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو غیر منصفانہ ٹرائل کے ذریعے سزائے موت دی جا چکی ہے اور ملک کی اعلیٰ عدالتوں نے اس بات کو تسلیم بھی کیا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ انصاف کے نام پر عدالتوں کی طرف سے ناانصافی ہوئی ہے جناب بھٹو کو قتل کے ایک نام نہاد مقدمے میں موت کی سزا دی گئی تھی اور اب پھر ایک سابق وزیر اعظم کو شفاف عدالتی طریقہ کار سے محروم رکھا جا رہا ہے، ایوب قریشی نے کہا جب عدالت کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ عمران خان کے مقدمے میں ان کے وکلا سیاسی باتیں نہ کریں تو پھر یہ پوچھنا ضروری ہو جاتا ہے کہ ایک سیاست دان اور ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے بانی سربراہ کے خلاف غیر منصفانہ طریقے سے چلائے جانے والے مقدمے میں اگر کوئی سیاسی بات ہو جائے تو اس میں کیا برائی ہے، نیشنل پارٹی کے رہنما نے کہا عدالت میں ذاتی طور پر حاضری ملزم کا قانونی اور آئینی حق ہے اس قانونی حق سے ملزم کو محروم کرنا آئین کے آرٹیکل 10 کی واضح خلاف ورزی ہے، یاد رہے کہ آرٹیکل 10 آئین میں دیئے گئے بنیادی انسانی حقوق کے باب کا حصہ ہے اور آئین میں دیئے گئے بنیادی انسانی حقوق کو کسی بھی طرح بھی کم یا معطل نہیں کیا جا سکتا ہے ایوب قریشی نے کہا ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ عمران خان اور تحریک انصاف کے تمام گرفتار شدہ کارکنوں اور ماہ رنگ بلوچ سمیت بلوچ یک جہتی کمیٹی کے گرفتار کارکنان کے مقدمات کو جیلوں اور عقوبت خانوں میں نہ چلایا جائے۔

## کوئٹہ شہر کے کئی علاقوں گیس کی بندش قابل مذمت' ایچ ڈی پی

### عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز اٹھانے والا کوئی حقیقی نمائندہ موجود نہیں

### ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی اداروں کے عوام دشمن رویئے کیخلاف احتجاج کریگی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں کوئٹہ شہر کے کئی علاقوں گیس کی بندش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ علمدار روڈ، سید آباد، مومن آباد، مری آباد، ناصر آباد، اور گردونواح جبکہ ہزارہ ٹاؤن کے تمام گلی محلوں اور اطراف کے علاقوں میں کئی مہینوں سے گیس پریشر کم بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے یوں لگتا ہے جیسے ان علاقوں کے رہائشیوں کو دانستہ طور پر گیس اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ و بندش کے ذریعے سزا دی جا رہی ہے بیان میں کہا گیا کہ تمام اداروں و محکموں کو اچھی طرح علم ہے کہ عوام پر فارم 47 کے نمائندے مسلط کئے گئے ہیں اور یہ نمائندے عوامی مسائل و مشکلات سے زیادہ اپنے لگائے گئے سرمائے کی جمع سود واپسی میں دلچسپی رکھتے ہیں ان محکموں کو بھی علم ہے حقیقی عوامی نمائندوں [illegible] ہونے کی وجہ سے اسمبلیوں اور دیگر متعلقہ فورموں پر عوام کے مسائل پر بات کرنے اور عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز اٹھانے والا حقیقی نمائندہ موجود نہیں یہی وجہ ہے کہ مسلط اور جعلی نمائندوں کی وجہ سے اب کوئٹہ کے رہائشیوں کو نہ گیس میسر ہے اور نہ ہی انھیں بجلی فراہم کی جا رہی ہے بیان میں کہا گیا کہ اگر اسی طرح کا رویہ جاری رہا اور عوام کے بنیادی حقوق کی فراہمی میں مختلف محکموں کی جانب سے رکاوٹیں کھڑی کرنے گیس کی فراہمی میں ناکامی پریشر میں کمی یا گیس کی بندش کا سلسلہ یوں ہی جاری رہا تو عوام کے حقیقی قیادت کرنے والی سیاسی جماعتیں بھرپور مہم کا سلسلہ شروع کر کے اداروں کے عوام دشمن رویئے کیخلاف احتجاج کریگی بیان میں گیس کی مکمل پریشر کیساتھ فراہمی کو عوام کا بنیادی حق قرار دیتے ہوئے [illegible]

## بلاول بھٹو عوام کے دلوں میں گھر کر چکے ہیں، علی مدد جتک

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) رکن صوبائی اسمبلی علی مدد جتک نے چیئر مین بلاول بھٹو زرداری کو 37 ویں سالگرہ پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری ترقی پسندانہ سوچ اور جمہوری فکر کیساتھ سیاسی جدوجہد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئر مین بلاول بھٹو عوامی حقوق کے تحفظ، جمہور کی بالادستی اور جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے ایک رہبر کی طرح ہر میدان میں صف اول پر کھڑے ہیں رکن صوبائی اسمبلی نے مزید کہا کہ بلاول بھٹو زرداری اپنی سیاسی بصیرت اور عوام دوست پالیسیوں کے باعث عوام کے دلوں میں گھر کر چکے ہیں اور آج پوری قوم اس حقیقت کا ادراک کر چکی ہے کہ چیئر مین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان ترقی کی منازل طے کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ چیئر مین بلاول بھٹو عوامی حقوق کے تحفظ، جمہور کی بالادستی اور جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے ایک رہبر کی طرح ہر میدان میں صف اول پر کھڑے ہیں

## سبی ڈویژن میں غیر قانونی اور بغیر پرمٹ گاڑیوں کیخلاف کارروائی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) سبی، صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری پی ٹی اے بلوچستان وحید شریف عمرانی کی خصوصی ہدایت پر سبی ڈویژن میں غیر قانونی اور بغیر پرمٹ چلنے والی گاڑیوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی گئی۔ اس آپریشن کی قیادت سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی سبی ڈویژن سید منظور علی شاہ اور اسسٹنٹ پی ٹی اے بلوچستان حاجی جان محمد محمد حسنی نے کی۔ کارروائی کے دوران سبی بائی پاس پر گڈز ٹرانسپورٹ اور پبلک ٹرانسپورٹ گاڑیوں کی سخت جانچ پڑتال کی گئی۔ ٹیم نے گاڑیوں کے کاغذات، فٹنس سرٹیفکیٹ، روٹ پرمٹ اور دیگر ضروری دستاویزات کی تصدیق کی۔ جن گاڑیوں کے کاغذات نامکمل پائے گئے یا جو بغیر اجازت مخصوص روٹس پر چل رہی تھیں، ان کے خلاف موقع پر ہی کارروائی کی گئی۔ متعدد گاڑیاں بند کر دی گئیں جبکہ کئی کو بھاری جرمانے بھی کیے گئے۔

## بی ایم ای کیخلاف احتجاجی تحریک اور لانگ مارچ کا اعلان

خضدار (نامہ نگار) بولان مائننگ انٹرپرائز کے ذمہ داران کے خلاف عوامی احتجاج اور لانگ مارچ کا اعلان کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے فیروز آباد کے عوام نے بولان مائننگ انٹرپرائز (بی ایم ای) اور متعلقہ اداروں کے خلاف احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں عوامی نمائندوں نے کہا ہے کہ بہت جلد بی ایم ای خضدار کے گیٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا جائے گا، جس کے بعد خضدار سے کوئٹہ تک لانگ مارچ کیا جائے گا عوامی کمیٹی کے ترجمان نے کہا کہ آئین پاکستان کے تحت ہر شہری کو پرامن احتجاج کا حق حاصل ہے اور ہم اپنے جائز حقوق کیلئے یہ حق استعمال کریں گے جہاں بھی معدنیات دریافت ہوتی ہیں، وہاں کے مقامی عوام کو تعلیم، صحت اور روزگار جیسی بنیادی سہولتیں فراہم کرنا ریاست اور کمپنیوں کی ذمہ داری ہے، مگر خضدار کے عوام گزشتہ 47 برسوں سے محرومیوں کا شکار ہیں مظاہرین کا موقف ہے کہ خضدار سے قیمتی معدنیات، خصوصاً بیرائیٹ پتھر اور دیگر وسائل کو بیرون ممالک ڈالرز میں فروخت کیا جا رہا ہے۔

## تعلیم کے نام پر کسی بچے کو اذیت نہ دی جائے، ثمینہ ممتاز

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) چیئرپرسن سینٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق نے کہا ہے کہ تعلیم کے نام پر کسی بچے کو اذیت نہیں دی جانی چاہیے۔ ریاست کی اولین ذمہ داری بچوں کا تحفظ ہے، خواہ وہ اسکولوں میں ہوں یا مدارس میں۔ سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے انسانی حقوق کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا جس کی صدارت ثمینہ ممتاز زہری نے کی۔ اجلاس میں پنجاب، خیبر پختونخوا اور سندھ کے وفاقی و صوبائی حکام کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں مدارس میں بڑھتے ہوئے جسمانی سزا، تشدد اور جنسی استحصال کے واقعات اور ان کے تدارک کیلئے مدرسہ انتظامیہ و متعلقہ محکموں کی جانب سے کیے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی گئی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے زور دیا کہ ریاست کی اولین ذمہ داری بچوں کا تحفظ ہے، خواہ وہ اسکولوں میں ہوں یا مدارس میں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ مقصد جائز دینی اداروں کو نشانہ بنانا نہیں بلکہ بدسلوکی کا خاتمہ اور نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانا ہے۔

## کوئٹہ، منشیات کے مجرم کو 20 سال قید' 10 لاکھ روپے جرمانہ

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کوئٹہ ون سید غلام قادر شاہ بخاری نے منشیات برآمدگی کے مقدمہ میں مجرم کو 20 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنا دی ہے عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں ملزم کو مزید قید بھگتنا ہوگی استغاثہ کے مطابق غلام نبی ولد عبدالصمد سکنہ کلی سکی گلستان کی گاڑی نمبر AAL-994 سے پولیس تھانہ نوحصار کے عملے نے رواں سال مخبر خاص کی اطلاع پر 20 کلوگرام چرس برآمد کر کے انہیں گرفتار اور مقدمہ کا چالان عدالت میں پیش کر دیا تھا گزشتہ سماعت کے موقع پر فریقین کے وکلا کے دلائل مکمل ہونے کے بعد مقدمہ کا فیصلہ محفوظ کر لیا گیا تھا جسے گزشتہ روز عدالت کے جج نے سزا دی عدالت نے بعد از اپیل برآمد شدہ منشیات تلف اور چرس کی ترسیل کیلئے استعمال ہونے والی گاڑی بھی بحق سرکار ضبط کرنے کا حکم دے دیا ہے مجرم کو جیل منتقل کر دیا گیا۔

## کوئٹہ، کوچہ شیر علی جوائنٹ روڈ کے مکین پانی کو ترس گئے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے کوچہ شیر علی جوائنٹ روڈ کے مکین ٹیوب ویل خراب ہونے کے باعث پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، واسا حکام کو بار بار آگاہ کیے جانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے کوچہ شیر علی جوائنٹ روڈ کوئٹہ کا ٹیوب ویل گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے خراب ہونے کی وجہ سے پانی کی فراہمی مکمل بند ہونے کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، علاقہ مکینوں کے مطابق ٹیوب ویل خراب ہونے کی وجہ سے علاقے میں پانی کی فراہمی مکمل طور پر بند ہے بار بار صورتحال سے آگاہ کیے جانے کے باوجود واسا حکام کی جانب سے مسئلے کا نوٹس نہیں لیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں میں بے چینی پائی جاتی ہے، علاقہ مکینوں کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے وسط میں واقع ہونے کے باوجود علاقے کو پانی کی عدم فراہمی انتہائی افسوسناک امر ہے۔

## کوئٹہ میں کاغذات نامکمل ہونے پر 27 گاڑیوں کے چالان

### غیر قانونی اور نامکمل دستاویزات رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر): صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ علی درانی کی خصوصی ہدایت پر ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (RTA) کوئٹہ اور ٹریفک پولیس پر مشتمل ٹیم نے ایئرپورٹ روڈ چورنگی پر گاڑیوں کی چیکنگ کی اس کارروائی کے دوران درجنوں گاڑیوں کے کاغذات اور پرمٹ کی جانچ پڑتال کی گئی چیکنگ کے نتیجے میں 27 گاڑیوں کو نامکمل کاغذات پر چالان کیا گیا جبکہ ان کے دیگر ڈاکومنٹس تحویل میں لے لیے گئے اس موقع پر موجود آر ٹی اے حکام نے کہا کہ تمام ٹرانسپورٹ مالکان کو اپنی گاڑیوں کے کاغذات، رجسٹریشن، روٹ پرمٹ اور دیگر قانونی تقاضے مکمل رکھنے چاہئیں تاکہ دوران چیکنگ کسی قسم کی کارروائی سے بچا جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ غیر قانونی اور نامکمل دستاویزات رکھنے والوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رہے گی اور گاڑی مالکان کو تنبیہ کی گئی کہ وہ اپنی گاڑیوں کے کاغذات اور پرمٹ کی تجدید جلد از جلد کروائیں۔ صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ علی درانی کی خصوصی ہدایت پر ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ اور ٹریفک پولیس پر مشتمل ٹیم نے ایئرپورٹ روڈ چورنگی پر گاڑیوں کی چیکنگ کی اس کارروائی کے دوران درجنوں گاڑیوں کے کاغذات اور پرمٹ کی جانچ پڑتال کی گئی چیکنگ کے نتیجے میں 27 گاڑیوں کو نامکمل کاغذات پر چالان کیا گیا جبکہ ان کے دیگر ڈاکومنٹس تحویل میں لے لیے گئے

## کوئٹہ: شادی کور ڈیم سے گوادر شہر کو پانی سپلائی شروع

### یومیہ 20 لاکھ گیلن پانی فراہم کیا جائیگا آنکاڑہ ڈیم گزشتہ چار ماہ سے خشک

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر): وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان کی قیادت اور جی ڈی اے کے شعبہ واٹر کی دن رات محنت کے بعد شادی کور ڈیم سے پانی کی سپلائی جی ڈی اے کی مین ٹرانسمیشن لائن میں شروع ہو گئی ہے تقریباً 83 کلومیٹر طویل اس پائپ لائن کو ساڑھے تین سال بعد فعال بنایا گیا ہے، جس کے نتیجے میں روزانہ 20 لاکھ گیلن پانی سسٹم میں شامل ہو رہا ہے، جو شہر میں پانی کے بحران کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا چیف انجینئر جی ڈی اے سید محمد نے سائٹ پر پہنچ کر سپلائی کے شروع ہونے کا جائزہ لیا پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ، سائٹ انجینئر کامران بھی ہمراہ تھے واضح رہے کہ گوادر میں گزشتہ پونے دو سال سے بارشیں نہ ہونے کے باعث آنکاڑہ ڈیم گزشتہ چار ماہ سے خشک ہو چکا ہے جبکہ سوڈ ڈیم بھی خشک ہونے کے قریب ہے اسی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت بلوچستان نے فوری اقدامات کے تحت شادی کور ڈیم پائپ لائن کو بحال کیا، جس سے اب دو ملین گیلن پانی یومیہ سپلائی ہو رہا ہے پانی کے بحران پر قابو پانے کیلئے سنٹر بورنگ سسٹم اور جی پی اے ڈیسالینیشن پلانٹ کو مکمل کپیسٹی کے ساتھ فعال کرنے پر بھی تیزی سے کام جاری ہے امید ہے کہ ان اقدامات کے نتیجے میں گوادر کے عوام کو پانی کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی۔

## میونسپل کمیٹی کے ریگولر ملازمین تین ماہ سے تنخواہوں سے محروم

### ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں دو وقت کی روٹی کا حصول دشوار

چاغی (نامہ نگار) تحریک آواز چاغی نے اپنے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا ہے کہ بلوچستان کے دیگر شہروں کی طرح دالبندین میونسپل کمیٹی کے ریگولر ملازمین، ڈیلی ویجز، پنشنرز اور خاکروب تین ماہ سے تنخواہوں اور بقایاجات سے محروم ہیں۔ اس سنگین صورتحال کے باعث ملازمین گزشتہ چار دنوں سے احتجاجاً ہڑتال پر ہیں اور شدید مالی مشکلات کا شکار ہو چکے ہیں۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ حکام بالا اور صوبائی وزرا کو بخوبی علم ہے کہ صوبے بھر کی میونسپل کمیٹیاں اور میونسپل کارپوریشنز کے ملازمین گزشتہ تین ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے کے باعث بدترین حالات سے گزر رہے ہیں، لیکن اس کے باوجود کسی صوبائی وزیر یا ذمہ دار نے ان مسائل کو حل کرنے میں کوئی کردار ادا نہیں کیا۔ تنخواہوں اور فنڈز کی عدم فراہمی کے باوجود میونسپل کمیٹی دالبندین نے بڑی مشکل سے اپنی خدمات انجام دی تھیں، مگر اب مقامی دکانداروں اور سبزی فروشوں نے مزید ادھار دینا بھی بند کر دیا ہے جس سے ملازمین کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی دشوار ہو گیا ہے۔ پریس ریلیز کے مطابق، فنڈز نہ ہونے کے باعث شہر اور مضافات میں صفائی ستھرائی کی سرگرمیاں چار دنوں سے مکمل طور پر مفلوج ہو چکی ہیں، جبکہ ٹریکٹرز اور دیگر مشینری کے لیے پٹرول اور ڈیزل کی سپلائی بھی بند کر دی گئی ہے۔ اگر خدانخواستہ آگ لگنے جیسا کوئی ہنگامی واقعہ پیش آ گیا تو فائر بریگیڈ کی گاڑیاں موجود ضرور ہیں، مگر موجودہ صورتحال میں بلدیاتی سرگرمیاں مکمل طور پر رکی ہوئی ہیں۔ شہریوں کے مطالبے پر صرف کناری مہم جاری رکھی گئی ہے تاکہ عوام کو مزید مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

## عالم اسلام کا اتحاد امن وسلامتی کی ضمانت' چودھری شبیر

### پاک سعودی دفاعی معاہدہ صرف مستقبل کیلئے سنگ میل نہیں

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) پاک سعودی دفاعی معاہدہ صرف مستقبل کیلئے سنگ میل ہی نہیں بلکہ خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے اور عالم اسلام کے اتحاد امن سلامتی کی ضمانت ہے یہ بات مسلم لیگ بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات و ترجمان چوہدری شبیر نے پاک سعودی دفاعی معاہدے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہی انہوں نے مزید کہا کہ سفارتی دفاعی اور اقتصادی محاذ پر حالیہ کامیابیاں سیاسی اور عسکری قیادت کی نیک نیتی اور ملک و قوم کے لیے آپس کی مثبت کمٹمنٹ کا ثمر ہے چوہدری شبیر نے مزید کہا کہ ملکی بقا و قومی سلامتی اور دائمی ترقی کیلیے سیاسی و عسکری قیادت کا ایک دوسرے کا باہمی اعتماد و اتفاق اور بھرپور آئینی تعاون پاکستان کے روشن مستقبل کی ٹھوس ضمانت ہی نہیں انتہائی ناگزیر ہے کیونکہ حالیہ کامیابیوں سے جہاں پاکستان کے روشن مستقبل کی نئی راہیں کھلی ہیں وہاں سیاسی اور عسکری قیادت سمیت پوری قوم کو آنے والے دیگر نئے اور بڑے چیلنجز سے مقابلہ کرنے کے لیے باہمی اتفاق و اتحاد کے ساتھ مکمل تیار رہنے کے لیے بھی واضح پیغام ہے۔

## ڈویژن کے مختلف اضلاع میں یکجہتی کو فروغ دیا جائیگا' درابلوچ

### ژوب سپورٹس فیسٹیول نوجوانوں کیلئے کھیلوں کا شاندار موقع ہے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری کھیل بلوچستان درا بلوچ اور ڈی جی سپورٹس یاسر خان بازئی نے کہا ہے ژوب ڈویژن سپورٹس فیسٹیول نوجوانوں کیلئے کھیلوں اور ثقافتی سرگرمیوں کا ایک شاندار موقع ہے جس کا مقصد نوجوان نسل کو صحت مند تفریحی سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا، باصلاحیت کھلاڑیوں کو آجاگر کرنا اور ڈویژن کے مختلف اضلاع میں یکجہتی کو فروغ دینا ہے یہ بات انہوں نے ژوب ڈویژن سپورٹس فیسٹیول کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ژوب ڈویژن سپورٹس فیسٹیول کے انعقاد کا مقصد کھیلوں کو نچلی سطح پر فروغ دینا، نئے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو سامنے لانا نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں میں مصروف رکھنا اور ڈویژن کے اضلاع کے درمیان بھائی چارے اور ہم آہنگی کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ژوب ڈویژن سپورٹس فیسٹیول کے دوران فٹ بال، کرکٹ، شوٹنگ بال، باکسنگ ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، رسہ کشی، ثقافتی کھیل وغیرہ مردوں کے لئے جس میں تمام ژوب ڈویژن کے ڈسٹرکٹ شرکت کریں گے جبکہ خواتین کے مقابلے صرف ژوب ڈسٹرکٹ کے لیے منعقد کیے جائیں گے جن میں ثقافتی کھیل اس کے علاوہ فٹ سال بیڈمنٹن ٹیبل ٹینس اور دیگر کھیلوں کو شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ژوب ڈویژن سپورٹس فیسٹیول 25 ستمبر تک جاری رہے گا اس فیسٹیول کے دوران کھیلوں کے ساتھ ساتھ روایتی بلوچی اور پشتون ثقافتی سرگرمیاں بھی شامل ہوں گی، جن میں موسیقی نامور مقامی فنکاروں کے ساتھ اور اختتامی تقریب پر رنگا رنگ آتش بازی کا بھی انتظام کیا گیا ہے عوام سے پرزور اپیل ہے کہ اس ایونٹ کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

## پاکستان امن اور سلامتی کیلئے اہم کردار ادا کریگا: عبدالقادر

### سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان ہونیوالا معاہدہ اہم سنگ میل: سینیٹر

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاک سعودیہ دفاعی معاہدے میں خطے کے دیگر عرب ممالک کی شرکت کا بہت زیادہ امکان نظر آتا ہے خلیجی ممالک بھی پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے دفاعی معاہدے میں توسیع کے خواہش مند ہیں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والا دفاعی معاہدہ ایک رات میں طے نہیں پایا بلکہ اس میں کئی ماہ کا وقت لگا ہے سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدے کی کوئی خفیہ شرائط نہیں معاہدے کا دائرہ کار دیگر ممالک تک بڑھنے سے اس کا عالمی سطح پر گہرا اثر ہوگا پاکستان ایک ذمہ دار جوہری ملک ہے جسے اپنی جوہری اور عسکری صلاحیتوں کی وجہ سے مسلم ممالک میں نمایاں مقام حاصل ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والا معاہدہ اہم سنگ میل ہے جو خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کیلئے اہم کردار ادا کرے گا ہماری جوہری اور عسکری صلاحیت کا تاثر عربوں کے دشمن پر ہیبت طاری کرے گا چونکہ یہ دو طرفہ معاہدہ ہے اس لئے عرب ممالک بھی پاکستان کی دفاعی اور معاشی مشکلات کے وقت پاکستان کے ساتھ ہر سطح پر تعاون کریں گے اس دو طرفہ معاہدے سے پاکستان کی ہنر مند و غیر ہنر مند افرادی قوت مشرق وسطیٰ کو دستیاب ہوگی جس کی وجہ سے ملک میں خوشحالی آئے گی پاکستان کی افرادی قوت سعودی عرب اور مشرق وسطیٰ کے دیگر ممالک کی تعمیر و ترقی میں نمایاں کردار ادا کر سکتی ہے سعودی عرب سمیت مشرق وسطیٰ کے ممالک کا پاکستان پر بڑھتا ہوا انحصار اور اعتماد پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔

## منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح، سلیم کھوسہ

### تمام امور کو معیاری بنانے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائیگی: صوبائی وزیر

صحبت پور (نامہ نگار) مواصلات و تعمیرات [illegible] بلوچستان کی جانب گامزن ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل بلوچستان حکومت کی اولین ترجیح ہے روڈ نیٹ ورک اور بلڈنگز کے تعمیراتی منصوبوں کے معیار اور شفافیت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا عوامی سہولت کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے نصیر آباد ڈویژن میں کئی منصوبے جاری ہیں ان منصوبوں کے معیار کا جائزہ لینے کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سلیم کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو لعل جان جعفر کے احکامات کی روشنی میں چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات [illegible] نے پروجیکٹ ڈائریکٹر ظفر کھوسہ کے ہمراہ صحبت پور تا کشمور روڈ (فیز II) کے جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے منصوبے کے مختلف حصوں کا باریک بینی سے معائنہ کرتے ہوئے ترقیاتی امور کا مشاہدہ کیا اور ایگزیکٹو انجینئر روڈز صحبت پور جہانگیر کھوسہ سے منصوبے کے معیار اور تکمیل کی رفتار کو مزید تیز کرنے کے حوالے سے تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ چیف انجینئر نے ہدایت کی کہ حکام بالا کے احکامات کی روشنی میں تمام امور کو معیاری بنانے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی منصوبے کو مقررہ مدت اور پی سی ون کے [illegible]

## دالبندین بازار میں فائرنگ، ایک مزدور زخمی

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین بازار میں فائرنگ سے ایک مزدور زخمی ہو گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ شب دالبندین عرب چوک نزد ہسپتال کے قریب، بازار کی سڑک پر کام کرنے والے مزدور پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں عبدالسلام نوتیزئی نامی مزدور زخمی ہو گیا اسے فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا یاد رہے کہ آئے روز ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے والے مزدوروں یا سامان پر حملے ہو رہے ہیں اور عوامی منصوبوں کو نقصان پہنچانا انتہائی افسوسناک عمل ہے انتظامیہ کی جانب سے ان افراد کو گرفتار نہ کرنا اور بازار کے اندر، ناک کے نیچے مزدوروں پر فائرنگ کے بعد حملہ آوروں کا با آسانی فرار ہونا ناقابل برداشت ہے۔ دالبندین بازار میں فائرنگ سے ایک مزدور زخمی ہو گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ شب دالبندین عرب چوک نزد ہسپتال کے قریب، بازار کی سڑک پر کام کرنے والے مزدور پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی۔

## بنیادی حقوق کے حصول کیلئے نیشنل پارٹی ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے، رمضان ہزارہ

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر رمضان ہزارہ کے زیر صدارت ہزارہ ٹاؤن آفس میں جنرل باڈی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں 3 اکتوبر بروز جمعہ جلسہ عام کے سلسلے میں اہم فیصلے کئے گئے جس میں عوام میں پارٹی کی جانب سے ہینڈ بلز اور دعوت نامے تقسیم کرنے کیلئے کمیٹیاں بھی تشکیل دیدی گئیں کمیٹی ممبران میں حاجی اصغر علی ہزارہ، ڈاکٹر ضیاء الدین آغا کربلائی حسن علی ہزارہ طاہر آغا عظیم خان ڈاکٹر حسین ہزارہ اور مرتضیٰ ہزارہ شامل ہیں اسکے علاوہ ہزارہ ٹاؤن بلاک نمبر 1 سے ایک وفد علاقے میں پانی نہ ہونے کی وجہ سے پارٹی آفس تشریف لائیں اور پارٹی کو علاقے کے مسائل کے حوالے سے بھی آگاہ کیا جس پر ممبر سینٹرل کمیٹی ڈاکٹر رمضان ہزارہ نے وفد کو یقین دلایا کہ پارٹی نے عوام کے بنیادی حقوق کو حاصل کرنے کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کی ہیں اور 3 اکتوبر کا جلسہ عام بھی بنیادی حقوق کے حصول کی خاطر کیا جا رہا ہے۔

## بینظیر کے نظریات کو آگے بڑھانے کیلئے پرعزم، سربلند جوگیزئی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے پیپلز پارٹی کے چیئر مین بلاول بھٹو زرداری کو 37 ویں سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالوں کو اپنے نوجوان چیئر مین کی قیادت پر فخر ہے بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پیپلز پارٹی عوام کی خدمت میں کوشاں ہے اور شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کے نظریات کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں۔ اتوار کو یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری قوم کیلئے امید کی کرن اور حقیقی نوجوان لیڈر ہیں چیئر مین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو صرف پاکستان میں ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں مقبول ترین لیڈر ہیں، جن کی قابلیت اور سیاسی بصیرت سے دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے سیاستدان اور وزرا بھی واقف ہیں، بلاول بھٹو نے نہایت کم عرصے میں اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا جس میں محترمہ شہید بی بی بے نظیر بھٹو کی تربیت کا بڑا عمل دخل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیاسی و معاشی استحکام لانے میں پیپلز پارٹی قیادت کا اہم اور مضبوط ترین کردار ہے۔

## تربت یونیورسٹی کی طالبہ کی یو این ڈی پی کے تحت تربیتی پروگرام میں نمایاں کامیابی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز میں زیر تعلیم بی ایس بائیوٹیکنالوجی کی طالبہ ایمان لیاقت علی نے پشاور یونیورسٹی میں منعقدہ دو ہفتے پر مشتمل تربیتی پروگرام کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا ہے۔ تربیتی پروگرام کا موضوع ان سائیڈر میڈی ایشن آن کنفلکٹ ریزولوشن اینڈ پیس بلڈنگ تھا۔ یہ تربیتی پروگرام اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) کے زیر اہتمام اور پاکستان میں جرمن مشن کے تعاون سے منعقد کیا گیا تھا طالبہ ایمان لیاقت نے اس تربیتی پروگرام میں بھرپور شرکت کر کے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا اس موقع پر تربت یونیورسٹی کے فیکلٹی آف سائنس، انجینئرنگ اینڈ آئی ٹی کے ڈین ڈاکٹر نعیم اللہ نے ایمان لیاقت کو اس کامیابی پر دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ماحولیات کی بہتری، امپاورمنٹ اور کمیونٹی کی ترقی و خوشحالی کے لئے مختلف سرگرمیوں میں ان کی بھرپور شرکت اور کارکردگی قابل ستائش ہے۔

## ایف آئی اے کی کارروائی غیر قانونی ایکسچینج پکڑی گئی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے کی کمپوزٹ سرکل تفتان ٹیم نے کوئٹہ میں حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج کے ایک بڑے نیٹ ورک کے خلاف کامیاب کارروائی کی ہے۔ حکام ایف آئی اے کے مطابق ملزم شادی خان کو گرفتار کر لیا گیا ہے جو اس غیر قانونی کاروبار کا کلیدی کردار ادا کر رہا تھا کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 475 ملین ایرانی ریال، 60 امریکی ڈالر، 2 لاکھ 59 ہزار پاکستانی روپے اور ایک موبائل فون برآمد ہوا ہے اس کے علاوہ، حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی ایکسچینج سے جڑے اہم دستاویزات اور ریکارڈ بھی ضبط کیے گئے ہیں جو اس نیٹ ورک کی مزید گہرائیوں کو ظاہر کر سکتے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ ایف آئی اے کا کریک ڈاؤن جاری ہے اور ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے کوئٹہ اور آس پاس کے علاقوں میں چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

## آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے مرکزی صدر کا خضدار پریس کلب کا دورہ

خضدار (نامہ نگار) آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے مرکزی صدر اور صوبائی جنرل سیکریٹری بلوچستان میر احمد راسکو وال نے خضدار پریس کلب کا تفصیلی دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ کوئٹہ کے مقامی اخبارات کے نیوز ایجنٹ عنایت اللہ سیاپاد اور سلطان رحیم بھی موجود تھے۔ خضدار پریس کلب کے صدر عبداللہ شاہوانی، عبدالواحد رند اور دیگر عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے میر احمد راسکو وال نے کہا کہ ژوب سے گوادر تک اخبارات کی صنعت سے وابستہ تمام افراد ایک جسم کی مانند ہیں اور ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبے بھر کے اخبار فروش اور صحافی انتہائی [illegible]

## صحافیوں پر ایف آئی آر آزادی صحافت پر حملہ، اللہ یار ڈومکی

### صحبت پور انتظامیہ کی سینئر صحافیوں کے خلاف ایف آئی آر مسترد کرتے ہیں

بختیار آباد (نامہ نگار) بختیار آباد ڈومکی پریس کلب رجسٹرڈ کے صحافی صدر اللہ یار ڈومکی، جنرل سیکرٹری ملک ریاض بلوچ، نائب صدر لیاقت علی ڈومکی محمد رمضان بھٹو محمد اسلم مینگل و دیگر عہدیداران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صحبت پور انتظامیہ کی جانب سے وہاں کے مقامی سینئر صحافیوں کے خلاف ناجائز درج کی گئی ایف آئی آر کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت پر ایک سنگین حملہ قرار دیا ہے انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ صحبت پور کے مقامی صحافی مشتاق عزیز کھوسہ، جمل خان بلوچ اور حوران خان جھکرانی پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے جس کا مقصد صحافیوں کو خاموش کرانا اور دباؤ میں لانا ہے انہوں نے کہا ہے کہ صحبت پور کے صحافیوں نے ہمیشہ حق و سچ کا ساتھ دیتے ہوئے عوام کی آواز بلند کی ہے اور مجبور و لاچار غریب عوام کی آواز حکومتی ایوانوں تک پہنچائی ہے ان کی داد رسی کیلیے انتظامیہ کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا جس کی وجہ سے صحبت پور انتظامیہ نے صحافیوں کا گلہ دباتے اور ان کی آواز ختم کرنے کی ناکام کوشش کر رہی ہے، جس کی بختیار آباد ڈومکی پریس کلب (ر) کے صحافی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ حق و سچ لکھنے والے صحافیوں کے خلاف صحبت پور انتظامیہ کی ایسی انتقامی کارروائیاں نہ صرف آزادی اظہار پر قدغن ہیں بلکہ یہ جمہوریت کی بنیادوں کو بھی کمزور کرنے کے مترادف ہیں۔

## طلبا کرپشن کے ناسور کے تدارک کیلئے کردار ادا کریں: نیاز حسن

### بدعنوانی کے خاتمہ میں طلبا کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، ڈائریکٹر نیب بلوچستان

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) چیئر مین نیب کے وژن کے مطابق اور انسداد بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم کے تحت، قومی احتساب بیورو (بلوچستان) نے یونیورسٹی کوئٹہ کے طلباء اور اساتذہ کے ایک وفد کو مدعو کیا وفد کی قیادت عماد تبسم اسسٹنٹ پروفیسر نے کی ڈائریکٹر نیب (بلوچستان) نیاز حسن نے ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان کی جانب سے وفد کا خیر مقدم کیا انہوں نے شفافیت کے عمل کو فروغ دینے میں اس طرح کے پروگرام کی اہمیت پر زور دیا۔ وفد نے نیب بلوچستان کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کام کے طریقہ کار، بشمول شکایات پر کارروائی، انکوائری اور پراسیکیوشن کے عمل کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ عمران مجید ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب نے "بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کا کردار" کے عنوان سے ایک معلوماتی لیکچر دیا۔ انہوں نے نیب کی سہ جہتی حکمت عملی Prevention،Awareness اور Enforcement اور نیب کے کام کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلباء اپنے اخلاق اور پیشہ ورانہ مہارت میں عبور حاصل کر کے بدعنوانی سے بہتر انداز میں نبرد آزما ہو سکتے ہیں

## پاکستان کے روشن مستقبل کی نئی راہیں کھلی ہیں: چودھری شبیر

### پاک سعودی دفاعی معاہدہ عالم اسلام کے اتحاد امن سلامتی کی ضمانت ہے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات و ترجمان چوہدری شبیر نے کہا ہے کہ پاک سعودی دفاعی معاہدہ صرف مستقبل کے لیے سنگ میل ہی نہیں بلکہ خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے اور عالم اسلام کے اتحاد امن سلامتی کی ضمانت ہے یہ بات پاک سعودی دفاعی معاہدے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہی انہوں نے مزید کہا کہ سفارتی دفاعی اور اقتصادی محاذ پر حالیہ کامیابیاں سیاسی اور عسکری قیادت کی نیک نیتی اور ملک و قوم کے لیے آپس کی مثبت کمٹمنٹ کا ثمر ہے۔ چوہدری شبیر نے مزید کہا کہ ملکی بقا و قومی سلامتی اور دائمی ترقی کیلیے سیاسی و عسکری قیادت کا ایک دوسرے کا باہمی اعتماد و اتفاق اور بھرپور آئینی تعاون پاکستان کے روشن مستقبل کی ٹھوس ضمانت ہی نہیں انتہائی ناگزیر ہے۔ کیونکہ حالیہ کامیابیوں سے جہاں پاکستان کے روشن مستقبل کی نئی راہیں کھلی ہیں وہاں سیاسی اور عسکری قیادت سمیت پوری قوم کو آنے والے دیگر نئے اور بڑے چیلنجز سے مقابلہ کرنے کے لیے باہمی اتفاق و اتحاد کے ساتھ مکمل تیار رہنے کے لیے بھی واضح پیغام ہے۔

## 188 ملازمین کی برطرفی غیر انسانی اقدام ہے: محی الدین لہڑی

### ایس بی کے یونیورسٹی کے ملازمین کو فارغ کرنیکا نوٹیفکیشن قابل مذمت

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کوئٹہ کے سینئر نائب صدر ملک محی الدین لہڑی اور ڈپٹی سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی نے ایس بی کے یونیورسٹی کی جانب سے کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز ملازمین کو فارغ کرنے کے نوٹیفکیشن کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے مزدور کش اور عوام دشمن پالیسی قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی اور بے روزگاری کی بدترین صورتحال کے باوجود دو دہائیوں سے خدمات انجام دینے والے ایک سو اٹھاسی ملازمین کو برطرف کرنا سراسر ناانصافی اور غیر انسانی اقدام ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بی این پی اس فیصلے کو مسترد کرتی ہے اور حکومت بلوچستان و متعلقہ اداروں سے مطالبہ کرتی ہے کہ فوری طور پر یہ نوٹیفکیشن واپس لیا جائے اور تمام کنٹریکٹ و ڈیلی ویجز ملازمین کو ان کی ملازمتوں پر برقرار رکھا جائے بی این پی رہنماؤں نے واضح کیا کہ اگر یہ فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو پارٹی ملازمین کے ساتھ بھرپور احتجاجی تحریک شروع کرے گی اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی اور جمہوری راستہ اختیار کیا جائے گا۔

## گوادر کرکٹ اکیڈمی نئی کٹ کی رونمائی کر دی گئی

### پروفیشنل کرکٹ اکیڈمی کا قیام گوادر میں کسی نعمت سے کم نہیں، اسد شفیق

### اُمید ہے گوادر سے جلد بہترین ٹیلنٹ ابھرے گا اور ملک کا نام روشن کریگا: خطاب

کراچی (این این آئی) پاک چین اقتصادی راہداری کے مرکزی پیک کے گوادر کی پہلی پروفیشنل اکیڈمی (گوادر کرکٹ اکیڈمی) کی نئی پروفیشنل ڈریس کی رونمائی کر دی گئی قومی سلیکشن کمیٹی کے رکن سابق ٹیسٹ کرکٹر اسد شفیق نے گوادر کرکٹ اکیڈمی کی نئی پروفیشنل ڈریس کی رونمائی کی۔ ان کے ہمراہ گوادر کرکٹ اکیڈمی کے بانی صدر حنیف حسین اور جونیئر کرکٹرز مبین میرک بھی موجود تھے گوادر کرکٹ اکیڈمی کی نئی پروفیشنل کٹ کراچی کے ملک برادران نے اسپانسر کی ہے حنیف حسین نے کھیلوں سے بے پناہ محبت کرنے والے ملک عماد کی جانب سے گوادر کرکٹ اکیڈمی کے بچوں اور نوجوان کھلاڑیوں کیلئے نئی پروفیشنل کٹ کی فراہمی پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس کاوش پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ قومی سلیکشن کمیٹی کے رکن سابق ٹیسٹ کرکٹر اسد شفیق نے اپنے خطاب میں کہا کہ گوادر کی نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سمیت دیگر سماجی برائیوں سے بچا کر معاشرے کا مفید شہری بنانے کے مشن پر گامزن گوادر کرکٹ ایسوسی ایشن کے سابق صدر اور گوادر کرکٹ اکیڈمی کے بانی صدر حنیف حسین نے گوادر میں پروفیشنل کرکٹ اکیڈمی بنا کر نوجوان کرکٹرز کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے کے جو مواقع دیے ہیں پورے بلوچستان میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی، گوادر میں پروفیشنل کرکٹ اکیڈمی کا قیام یہاں کے بچوں کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں ہے لہٰذا بلوچستان بالخصوص ضلع گوادر کی نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ اس اکیڈمی سے بھرپور استفادہ حاصل کریں۔

## کنٹریکٹ لیکچرار کو کنٹرولر امتحانات اور اکاؤنٹس پاور دینے کا انکشاف

### اختیارات کا ناجائز استعمال سرکاری قواعد و ضوابط کے سراسر خلاف ورزی ہے

پنجگور (نامہ نگار) زرعی کالج پنجگور میں ایک حیران کن اور غیر قانونی اقدام سامنے آیا ہے۔ معتبر ذرائع کے مطابق، پرنسپل زرعی کالج پنجگور نے اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے ایک کنٹریکٹ لیکچرار کو کالج کے کنٹرولر امتحانات اور اکاؤنٹس پاور جیسی حساس ذمہ داریاں سونپ دی ہیں، ذرائع کا کہنا ہے کہ حال ہی میں تعینات ہونے والی کنٹریکٹ لیکچرار مسکان ذوالفقار کو نہ صرف کنٹرولر امتحانات کا چارج دیا گیا ہے، بلکہ انہیں کالج کے مالی معاملات (اکاؤنٹس پاور) کا اختیار بھی دے دیا گیا ہے یہ فیصلہ موجودہ قوانین اور سرکاری قواعد و ضوابط کے سراسر خلاف ورزی ہے، حالانکہ سرکاری قواعد کے مطابق اکاؤنٹس پاور صرف اکاؤنٹ آفیسر یا کیشئر کے پاس ہو سکتی ہے، اس غیر آئینی اور مشکوک فیصلے پر حکومت بلوچستان فوری نوٹس لے، وزیر زراعت بلوچستان میر علی حسن زہری، چیف سیکرٹری بلوچستان اور سیکرٹری زراعت بلوچستان اس معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائیں تاکہ سرکاری اداروں میں قانون کی حکمرانی اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

## پاکستان اور سعودی عرب دفاعی معاہدہ خوش آئند' یوسف خلجی

### دیگر اسلامی ممالک کو بھی معاہدے میں شامل کیا جائے، سربراہ بلوچستان امن جرگہ

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ خوش آئند ہے یہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن و استحکام کا ضامن ہوگا دیگر اسلامی ممالک کو بھی اس معاہدے میں شامل کیا جائے ایک بیان میں لالا یوسف خلجی نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ نہ صرف دونوں ممالک کی طویل المدتی دوستی اور تعاون کا مظہر ہے بلکہ یہ معاہدہ موجودہ عالمی اور علاقائی حالات کے تناظر میں ایک غیر معمولی سفارتی پیش رفت بھی ہے پاک سعودی اسٹریٹجک دفاعی معاہدہ دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز ہے سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کا مخلص دوست اور قابل اعتماد شراکت دار رہا ہے، دفاعی معاہدہ نہ صرف دفاعی میدان میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو فروغ دے گا بلکہ خطے کے امن، استحکام اور ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا مشترکہ دفاعی معاہدہ طاقت کے اظہار کی بجائے دفاع کا ضامن ہوگا اس کا مقصد خطے میں امن کا فروغ اور توازن برقرار رکھنا ہے ایک بار پھر پاک فوج کی صلاحیتوں کا اعتراف ہوا ہے معاہدے سے خطے میں دفاعی استحکام کو دوام ملے گا یہ معاہدہ پاکستان کے دفاع کو مضبوط بنانے اور خطے میں امن و سلامتی کے فروغ کیلئے تاریخی اقدام ہے۔ لالا یوسف خلجی نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے معاہدے کو توسیع دیتے ہوئے اس میں دیگر اسلامی ممالک کو بھی شامل کیا جانا چاہیے۔

## تعمیراتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے: علی حسن

### باب بلوچستان کی نئی تعمیر حب شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرے گی

حب (نامہ نگار) ترجمان صدر آصف علی زرداری و صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹوز بلوچستان میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ باب بلوچستان کی نئی تعمیر نہ صرف حب شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرے گی بلکہ صوبے کی نمائندگی کرنے والی ایک شاندار یادگار بھی بنے گی۔ وہ حب میں باب بلوچستان کے زیر تعمیر منصوبے کا معائنہ کر رہے تھے صوبائی مشیر برائے ماحولیات نسیم الرحمان بھی ہمراہ موجود تھے۔ میر علی حسن زہری نے باب بلوچستان منصوبے کے تحت جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ، معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایت۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ حب میں باب بلوچستان کو گرانے کے بعد ماسٹر پلان کے تحت نئے سرے سے تعمیراتی کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر دورے کے دوران متعلقہ افسران نے صوبائی وزیر کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں اور تعمیراتی ڈیزائن کے حوالے سے بریفنگ دی۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ

# اسپورٹس

# بھارت کیخلاف صرف کھیل پر توجہ، ہیسن کا قومی ٹیم کو پیغام

## دباؤ والے میچز میں جذبہ آنا فطری بات ہے مگر ہمیں اپنی توانائی کھیل پر مرکوز رکھنی ہوگی، جیت کیلئے دباؤ زیادہ دیر تک برقرار رکھنا ہوگا

### ٹیم نے مسلسل کامیابیوں کے بعد اعتماد حاصل کیا ہے اور اب کھلاڑی اس تاریخی موقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے پرعزم ہیں، قبل ہیڈ کوچ

دبئی (سپورٹس ڈیسک) ایشیا کپ کے فائنل میں روایتی حریف پاکستان اور بھارت کے مابین بڑے ٹاکرے سے قبل قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کھلاڑیوں کو اہم پیغام جاری کیا ہے۔ پاکستانی ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے ٹیم پاکستان کو واضح پیغام دیا ہے کہ بھارت کے خلاف صرف کھیل پر توجہ دی جائے، دباؤ والے میچز میں جذبہ آنا فطری بات ہے مگر ہمیں اپنی توانائی کھیل پر مرکوز رکھنی ہوگی۔ دبئی کرکٹ سٹیڈیم میں پریس کانفرنس میں نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے کوچ مائیک ہیسن نے تسلیم کیا کہ بھارت کے خلاف پہلے میچ میں پاکستان کی کارکردگی کمزور تھی مگر دوسرے میچ میں ٹیم نے بہتر فائٹ کی تھی۔ مائیک ہیسن نے نے جیت کے عزم کو ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے پچھلے میچ میں بھارت کو کافی دیر تک دباؤ میں رکھا، مگر میچ ختم کرنے کے لیے ہمیں یہ دباؤ زیادہ دیر تک برقرار رکھنا ہوگا، یہی ہماری اصل آزمائش ہے۔ پاکستان کے ہیڈ کوچ کا کہنا تھا کہ ٹیم نے مسلسل کامیابیوں کے بعد اعتماد حاصل کیا ہے اور اب کھلاڑی اس تاریخی موقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے پرعزم ہیں۔ پاکستانی کھلاڑیوں کی فائٹ پر فخر ہونا چاہیے، شاندار میچ جیتا ہے چند ماہ میں پاکستانی ٹیم نے کئی میچز اپنے نام کیے ہیں۔ ہیڈ کوچ نے کہا کہ دبئی کی پچ چیلنجنگ تھی، ابتدائی اوورز میں بیٹنگ مشکل رہی۔ مائیک ہیسن کا مزید کہنا تھا کہ شاہین شاہ آفریدی نے نظم وضبط سے بولنگ کی، شاندار نتائج سامنے آئے۔

سوواں: جنوبی کوریا کی کم گا کیخلاف کوریا اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے میچ میں انڈونیشیا کی پتری کوسوما بیٹرن شاٹ کھیلتے ہوئے



دبئی: بھارت کیخلاف ایشیا کپ کے میچ میں لنکن بالر تھیکشانا بالنگ کرتے ہوئے

## ٹینس پلیئرز کا گرینڈ سلام کی انعامی رقم بڑھانے کا مطالبہ

### ٹورنامنٹ ریونیو 16 سے 22 فیصد کرکے پرائز منی شیئر میں اضافہ کیلئے انتظامیہ کو خط

میڈرڈ (سپورٹس ڈیسک) سٹار ٹینس پلیئرز نے گرینڈ سلام ٹینس ٹورنامنٹ کی انعامی رقم بڑھانے کا مطالبہ کردیا۔ ٹاپ 10 ٹینس پلیئرز نے 4 گرینڈ سلام ٹینس کے منتظمین کو دوسری مرتبہ خط لکھا ہے، یہ مطالبہ کرنے والوں میں ارینا سبالنکا، یانک سنر، کوکو گوف اور کارلوس الکاریز شامل ہیں۔ ٹینس پلیئرز نے پنشن، صحت اور ولادت سے متعلق مراعات کی رقم میں مزید اضافے کا مطالبہ کیا ہے۔ ان کھلاڑیوں نے ٹورنامنٹ ریونیو 16 سے 22 فیصد بڑھا کر پرائز منی شیئر میں اضافے کا کہا ہے۔ کھلاڑیوں نے 2030 تک اسی شیئر کے ساتھ اضافے کا مطالبہ کیا ہے، یہ مطالبہ مان لیا گیا تو آسٹریلین اوپن کا پرائز پول 100 ملین ڈالرز اور یو ایس اوپن کا پول 150 ملین ڈالرز سے بڑھ جائے گا۔ یو ایس ٹینس ایسوسی ایشن نے کھلاڑیوں کے خط کا تفصیلی جواب دے دیا ہے۔ یو ایس ٹی اے کے مطابق انعامی رقم بڑھانے کے خواہشمند رہے ہیں، 5 برسوں میں پول میں 57 فیصد اضافہ ہو چکا ہے، رواں برس بھی یو ایس اوپن کی انعامی رقم میں اضافہ کیا گیا تھا۔

## نیشن کپ سکواش، اشعب عرفان نے بھارتی کھلاڑی کو ہرادیا

ٹورنٹو (سپورٹس ڈیسک) نیشن کپ سکواش ٹورنامنٹ میں پاکستان کے اشعب عرفان نے بھارتی کھلاڑی ویر چھوترانی کو شکست دے دی۔ کینیڈا میں جاری نیشن کپ سکواش میں اشعب عرفان نے سیڈ نمبر 4 ویر چھوترانی کو 3-2 سے شکست دی۔ بھارتی پلیئر کے خلاف اشعب عرفان کی جیت کا سکور 11-11، 9-11، 4-11، 8-11-8 اور 8-11 رہا۔ بھارتی پلیئر کو شکست دے کر اشعب عرفان ایونٹ کے سیمی فائنل میں پہنچے۔ اس کے علاوہ پاکستان کے نور زمان بھی ایونٹ کے سیمی فائنل میں پہنچے۔ انہوں نے کوارٹر فائنل میں کولمبیا کے رونالڈ پولامینو کو شکست دی۔ کینیڈا میں جاری نیشن کپ سکواش کی انعامی رقم 31 ہزار 250 ڈالرز ہے۔

## جاپان اوپن ٹینس، کارلوس اور ٹیلر دوسرے راؤنڈ میں داخل

ٹوکیو (سپورٹس ڈیسک) سپین کے ٹینس سٹار اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈڈ کارلوس الکاراز اور امریکا کے ٹینس سٹار، ایونٹ کے سیکنڈ سیڈڈ ٹیلر فرٹز اے ٹی پی جاپان اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ انداز میں آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے جبکہ فرانس کے ہوگو ہمبرٹ شکست کے بعد ایونٹ سے باہر ہوگئے۔

## روسٹن چیز بھارت کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں ویسٹ انڈیز کے کپتان

جمیکا (سپورٹس ڈیسک) کرکٹ ویسٹ انڈیز نے بھارت کے خلاف دو ٹیسٹ میچز کی ہوم سیریز میں قومی ٹیم کی قیادت روسٹن چیز کو سونپ دی۔ روسٹن بھارت کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں ٹیم کی قیادت کریں گے۔ ویسٹ انڈیز نے بھارت کے خلاف آئندہ دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے لیے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔

## بھارتی ویمنز کرکٹ ٹیم کو میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ

دبئی (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی نے گزشتہ دنوں کھیلے گئے ایک میچ میں بھارتی ویمنز کرکٹ ٹیم کو سزا سناتے ہوئے میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ عائد کردیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی سی سی نے یہ 10 فیصد جرمانہ بھارت کی خواتین ٹیم کو آسٹریلیا کے خلاف ہوم ون ڈے سیریز کے تیسرے اور فیصلہ کن ون ڈے میچ میں سلو اوور ریٹ برقرار رکھنے پر عائد کیا ہے۔

## گیری سٹیڈ نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے ہائی پرفارمنس کوچ مقرر

ویلنگٹن (سپورٹس ڈیسک) نیوزی لینڈ کے سابق ہیڈ کوچ گیری سٹیڈ نے نیوزی لینڈ کرکٹ میں ہائی پرفارمنس کوچ کی حیثیت سے نئی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔

بیجنگ: چائنہ اوپن ٹینس کے میچ میں پوائنٹ لینے پر اٹلی کے لورینزو کا پرجوش انداز

## ٹرافی وصول نہ کرنے پر بھارتی ٹیم کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

### کھیل کے اصولوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی، احتساب ہونا چاہیے، راشد لطیف

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سابق کرکٹر راشد لطیف نے محسن نقوی سے ٹرافی وصول نہ کرنے پر بھارتی ٹیم کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ قومی ٹیم کے سابق کپتان راشد لطیف نے سوشل میڈیا پر بھارت کی کرکٹ ٹیم پر ایشیا کپ کی ٹرافی وصول کرنے پر شدید تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی ٹیم نے اے سی سی کے چیئرمین محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کیا جو معطلی کا سیدھا کیس بنتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر یہ کسی اور کھیل میں ہوتا تو فوری کارروائی کی جاتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ چونکہ آئی سی سی کے چیئرمین، سی ای او، سی ایف او، کمرشل چیف اور ہیڈ آف ایونٹس و کمیونیکیشن سب بھارتی ہیں اس لئے بھارتی ٹیم کی معطلی کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ قومی ٹیم کے سابق کپتان نے اس واقعہ کو کرکٹ کیلئے ایک بدنما دن قرار دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کی جانب سے کھیل کے سپرٹ اور جنٹلمین گیم کے اصولوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی گئی ہے، ان کے اس رویہ پر سخت احتساب ہونا چاہیے۔

## بھارتی کھلاڑی فرضی ٹرافی کے ساتھ دل بہلانے لگے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ایشیا کپ میں اصل ٹرافی نہ ملنے پر بھارتی کھلاڑیوں نے سوشل میڈیا پر فرضی تصاویر کا سہارا لینا شروع کر دیا۔ بھارتی کھلاڑی ابھیشیک شرما اور شبھمن گل نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ شیئر کی جس میں دونوں ایک ٹرافی کے ساتھ کھڑے دکھائی دیتے ہیں حالانکہ بھارتی ٹیم کو ان کی ہٹ دھرمی کے باعث ٹورنامنٹ کی اصل ٹرافی دی ہی نہیں گئی تھی۔ شائقین کرکٹ نے سوشل میڈیا پر کڑی تنقید کرتے ہوئے سوال کیا کہ جب اصل ٹرافی نہیں ملی تو فرضی تصاویر بنا کر کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں؟ یاد رہے کہ بھارتی ٹیم نے اے سی سی کے صدر محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کردیا تھا تاہم محسن نقوی بھی اپنے فیصلے پر ڈٹے رہے اور بھارتی ٹیم تقریب میں کسی اور سے بھی ٹرافی وصول نہ کرسکی۔

## سنر کا یو ایس اوپن کے بعد کھیل میں تبدیلیوں کا اعلان

بیجنگ (سپورٹس ڈیسک) اٹلی کے ٹینس سٹار اور عالمی نمبر ٹو جینک سنر نے کہا کہ انہوں نے رواں سال کے چوتھے اور آخری گرینڈ سلام یو ایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں شکست کے بعد اپنے کھیل میں کئی اہم تبدیلیاں کی ہیں اور اپنی فٹنس پر کافی غور وفکر کیا ہے۔ جینک سنر نے کہا کہ ہم نے بہت سی چھوٹی چھوٹی چیزوں پر کام کیا ہے اور خود کو بہتر بنانے کی کوشش جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان تبدیلیوں کے باعث فی الحال ان سے غلطیاں زیادہ ہو رہی ہیں لیکن وہ پرامید ہیں کہ ان تبدیلیوں کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ یاد رہے کہ یو ایس اوپن کے فائنل میں جینک سنر کو سپین کے کارلوس الکاراز کے ہاتھوں 4 سیٹس میں شکست ہوئی تھی، جس کے بعد انہوں نے تسلیم کیا تھا کہ جیتنے کے لیے انہیں مزید غیر متوقع اور تخلیقی انداز اپنانا ہوگا۔

سڈنی: سلالوم ورلڈ چیمپئن شپ میں آسٹریلیا کی خاتون کشتی دوڑاتے ہوئے

## بھارت کا دباؤ توڑیں، ڈٹ کر کھیلیں: شعیب اختر

### جیسے ہی شروع میں انکا بڑا کھلاڑی آؤٹ ہوگا، وہ دباؤ میں آجائینگے، سابق پیسر

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے پاکستان کرکٹ ٹیم کو بھارت کے خلاف ایشیا کپ کے تاریخی فائنل سے قبل جارحانہ اور بے خوف رویہ اپنانے کا مشورہ دے دیا۔ ایک انٹرویو دیتے ہوئے شعیب اختر نے کہا کہ کھلاڑیوں کو بھارت کے خلاف اسی جذبے کے ساتھ میدان میں اترنا ہوگا جس طرح انہوں نے بنگلادیش کے خلاف سیمی فائنل میں کھیل پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس مائنڈ سیٹ سے نکلیں، بھارت کے دباؤ کو توڑیں اور میدان میں اتر کران کا سامنا کریں، ہمیں صرف 20 اوور پورے نہیں کرنے بلکہ وکٹیں لینا ہیں، جیسے ہی شروع میں ان کا بڑا کھلاڑی آؤٹ ہوگا، وہ دباؤ میں آجائیں گے۔ شعیب اختر نے مزید کہا کہ کھلاڑیوں کو بھارت کے نمبر ون ہونے کے تاثر میں نہیں آنا چاہیے بلکہ اپنی بہترین کارکردگی پر توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ یہ نہ سوچیں کہ ہم دنیا کی سب سے بہترین ٹیم ہیں، بلکہ یہ سوچیں کہ ہم بہترین کمبی نیشن کے ساتھ میدان میں ہیں، اپنے کھیل پر فوکس کریں اور سمجھداری سے کرکٹ کھیلیں۔ سابق فاسٹ بولر نے ٹیم پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے پاس بڑے سکور کرنے اور حریف کو آؤٹ کرنے کی بھرپور صلاحیت ہے۔

## صائم ایوب کی جگہ حسن نواز کو کھلانا چاہیے: باسط علی

### چاہتے ہیں بھارت پاکستان کیخلاف جیت کی ہیٹ ٹرک نہ کرے، کامران اکمل

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سابق ٹیسٹ کرکٹر باسط علی نے کہا ہے کہ صائم ایوب کی جگہ حسن نواز کو ٹیم میں کھلانا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں باسط علی نے کہا کہ ہم نے بیٹنگ کوچ اس کو بنایا ہے جو پیر اشوٹ کے ذریعے آیا، جس نے کبھی انٹرنیشنل کرکٹ کھیلی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن کو صورت حال سنبھالنی نہیں آتی وہ ٹیم میں کھیل رہے ہیں۔ باسط علی نے کہا کہ ایشیا کپ ٹورنامنٹ براڈ کاسٹرز نے ہی کروایا ہے، میں اس کو ایشیا کپ نہیں براڈ کاسٹرز کپ کہتا ہوں۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ ہماری ٹیم کی مڈل آرڈر پرفارم کر ہی نہیں رہی ہے، 10 اوور کے بعد کم رنز بنتے ہیں تو یہ بیٹرز کی نااہلی ہے۔ اس موقع پر سابق کرکٹر کامران اکمل نے کہا کہ پہلی بار ایشیا کپ فائنل میں پاکستان اور بھارت کا میچ ہوگا، چاہتے ہیں کہ بھارت پاکستان کے خلاف جیت کی ہیٹ ٹرک نہ کرے، بیٹرز کو اپنی شاٹ سلیکشن کو دیکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بنگلادیش کی ٹیم دسویں نمبر پر ہے میچ میں کچھ غلطیاں کیں۔

## شاہد آفریدی کی کھیل میں سیاست لانے پر نریندر مودی پر تنقید

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق کپتان شاہد آفریدی نے کھیل میں سیاست لانے پر نریندر مودی پر تنقید کی۔ شاہد آفریدی نے ایکس پر جاری بیان میں بھارتی وزیراعظم کو جواب دیتے ہوئے پاک فضائیہ کے ہاتھوں بھارتی طیاروں کی تباہی کو یاد کرایا اور کہا کہ 'یہ ہے اصل فرق، ہم ہمیشہ خاص سپورٹس مین شپ کے ساتھ کھیلتے ہیں اور جنگ کو کھیل سے دور رکھا، مگر دنیا نے دیکھ لیا کہ جب جنگ کا نتیجہ آیا تو سکور بورڈ پر سکور 7-0 تھا۔

## قومی ٹیم نے فائنل کی فیس بھارتی حملے کے شہدا کے نام کردی

دبئی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم نے بھارت کے خلاف ایشیا کپ کے فائنل کی پوری فیس رواں برس 7 مئی میں بھارت کی جانب سے کیے جانے والے حملے میں شہید ہونے والے شہریوں کے نام کردی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے سوشل میڈیا پر ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم ایشیا کپ کے فائنل کی تمام فیس 7 مئی کو ہونے والے حملے میں شہید ہونے والے بچوں اور عام شہریوں کے نام کرتی ہے۔

## کرس ووکس کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

لندن (سپورٹس ڈیسک) انگلینڈ کے تجربہ کار آل راؤنڈر کرس ووکس نے 15 سالہ شاندار کیریئر کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے یہ اعلان انسٹاگرام پر جاری بیان کے ذریعے کیا۔ کرس ووکس نے 62 ٹیسٹ میچز میں 2034 رنز بنائے اور 192 وکٹیں لیں جبکہ 121 ون ڈے میں 1524 رنز بنائے، 173 وکٹیں لیں، انہوں نے 33 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میں 147 رنز بنائے اور 31 وکٹیں حاصل کیں۔ ووکس کندھے کی انجری کے باعث ایشیز سکواڈ سے باہر ہوگئے تھے۔

## اٹلی نے والی بال مینز ورلڈ چیمپئن شپ جیت لی

منیلا (سپورٹس ڈیسک) دفاعی چیمپئن اٹلی مردوں کی والی بال ٹیم نے اپنی شاندار کارکردگی کی بدولت مسلسل دوسری مرتبہ ایف آئی وی بی والی بال مینز ورلڈ چیمپئن شپ جیت لی۔ اٹلی کی ٹیم نے فائنل میچ میں بلغاریہ کو شکست دے کر مسلسل دوسری اور مجموعی طور پر پانچویں مرتبہ ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ اٹلی کی فتح کا سکور 25-21، 25-17، 17-25 اور 25-10 رہا۔

## آسٹریلوی سپنر سوفی مولینو کی طویل عرصہ بعد ویمنز ٹیم میں واپسی

کینبرا (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلوی ویمنز کرکٹ ٹیم کی سپنر سوفی مولینو کی طویل عرصے کے بعد سکواڈ میں واپسی نے ٹیم مینجمنٹ کو ورلڈ کپ کے آغاز سے قبل مشکل انتخابی فیصلوں سے دوچار کر دیا ہے۔ کوچ شیلی نچکے کا کہنا ہے کہ ٹیم میں دستیاب باصلاحیت کھلاڑیوں کی بڑی تعداد کے باعث فائنل الیون کے انتخاب میں کچھ سخت فیصلے کرنے ہوں گے۔

ایریزونا: مرکری کیخلاف ویمنز باسکٹ بال میچ میں ٹیم لنکس کی جیسیکا گیند باسکٹ کرتے ہوئے

## ویمنز ورلڈ کپ کا آج آغاز، 8 ٹیموں میں ٹائٹل کی جنگ

### پاکستان ٹیم اپنی مہم کا آغاز 2 اکتوبر کو بنگلہ دیش کے خلاف میچ سے کرے گی

دبئی (سپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام خواتین کرکٹ ورلڈ کپ کا تیرہواں ایڈیشن آج سے میزبان ممالک سری لنکا اور بھارت میں شروع ہوگا۔ پاکستان کی ٹیم اپنی مہم کا آغاز 2 اکتوبر کو بنگلہ دیش کے خلاف میچ سے کرے گی۔ 8 مختلف ممالک کی ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے نبرد آزما ہوں گی جن میں میزبان سری لنکا اور بھارت، نیوزی لینڈ، دفاعی چیمپئن آسٹریلیا، بنگلہ دیش، انگلینڈ، پاکستان اور جنوبی افریقہ شامل ہیں۔ ایونٹ کا ابتدائی میچ میزبان ممالک بھارت اور سری لنکن ٹیموں کے درمیان بارساپارہ کرکٹ سٹیڈیم، گوہاٹی میں کھیلا جائے۔

## کپل دیو کا تنازعات بات چیت سے حل کرنیکا مطالبہ

لاہور (سپورٹس ڈیسک) سابق بھارتی کرکٹر کپل دیو نے پاکستان اور بھارت کے درمیان تنازعات بات چیت سے حل کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کپل دیو کا کہنا تھا کہ ایک ملک کا کھلاڑی ہونے کی حیثیت سے اپنے ملک کے لیے احساسات ہونا قدرتی بات ہے، جذبات اپنی جگہ لیکن کھیل میں جاکر ہاتھ ملانا کوئی بڑی بات نہیں۔ کپل دیو نے کہا کہ پاکستان اور بھارت پڑوسی ہیں اور انہیں اچھے پڑوسی ہونا چاہیے، آگے بڑھنے کا ایک ہی راستہ ہے کہ بات چیت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بڑے بھائی کی حیثیت سے مسائل حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، جو ہوا اسے بھول کر بہتر کل کے لیے دونوں ملک بات چیت سے مسائل حل کریں۔

## باکسنگ میں بھارت رسوا، پاکستان کے سمیر عالمی چیمپئن

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) باکسنگ کے میدان میں پاکستانی باکسر سمیر خان نے تاریخ رقم کردی۔ پہلی بار یوتھ ورلڈ بنٹم ویٹ عالمی ٹائٹل سمیر خان نے پاکستان کے نام کردیا۔ سمیر خان نے بھارتی حریف بنٹی سنگھ کو ناک آؤٹ کرکے ٹائٹل جیت لیا۔ 52 کلوگرام کیٹگری کے مقابلہ میں سمیر خان کھیل کے آغاز سے ہی حریف بھارتی باکسر پر حاوی رہے۔ سمیر خان کے "جیت سلیبریشن" انداز نے بھارتی حریف کا اعتماد متزلزل کر دیا۔ ریفری کے متفقہ فیصلہ نے سمیر خان کو فاتح قرار دیا۔ سمیر خان نے ٹائٹل جیتنے پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں تمام پاکستانیوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے میرا ساتھ دیا اور دعاؤں میں یاد رکھا، میں اپنی کامیابی کو پاک فوج اور پاک فوج کے شہدا کے نام کرتا ہوں۔

دبئی: سری لنکا کیخلاف ایشیا کپ کے میچ میں بھارتی بیٹر ابھیشیک شاٹ کھیلتے ہوئے

## جنوبی افریقہ سے ٹیسٹ سیریز کیلئے ممکنہ قومی سکواڈ فائنل

### صائم ایوب کی چھٹی، سکواڈ میں محمد نواز اور امام الحق کو شامل کرنیکا امکان ہے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں سلیکشن کمیٹی نے ہیڈ کوچ اور کپتان کی مشاورت سے ٹیسٹ سکواڈ کو حتمی شکل دیدی۔ جنوبی افریقہ کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے سلیکشن کمیٹی، ہیڈ کوچ اور کپتان کی مشاورت ہوئی، ایشیا کپ میں ناقص فارم کے باعث صائم ایوب کی چھٹی کا امکان ہے، قومی ٹیسٹ سکواڈ میں محمد نواز اور امام الحق کو شامل کرنیکا امکان ہے، اس کے علاوہ نسیم شاہ کو ٹیسٹ سکواڈ کا حصہ نہ بنائے جانے کا امکان ہے۔ جنوبی افریقہ کیخلاف ممکنہ سکواڈ میں شان مسعود، امام الحق، عبداللہ شفیق، سعود شکیل، بابر اعظم، محمد رضوان، سلمان علی آغا، محمد نواز، فیصل اکرم، نعمان علی جبکہ ساجد خان، شاہین شاہ آفریدی، محمد علی کو بھی شامل کئے جانے کا امکان ہے۔ ٹیسٹ سکواڈ اپروول کیلئے بھیجا جاچکا ہے، جس کا اعلان دو روز میں متوقع ہے، قومی ٹیسٹ سکواڈ کا کیمپ 29 ستمبر سے لگایا جائے گا۔

## ویمنز ورلڈ کپ، میچ آفیشلز کی ذمہ داریاں خواتین کے سپرد

دبئی (سپورٹس ڈیسک) ویمنز ورلڈ کپ میں پہلی مرتبہ تمام میچ آفیشلز کی ذمہ داریاں خواتین ادا کریں گی۔ میگا ایونٹ میں آئی سی سی کی میچ آفیشلز کے لیے دبئی میں ایمریٹس گروپ ہیڈکوارٹر میں خصوصی تقریب کا انعقاد ہوا۔ اس موقع پر میچ آفیشلز کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے ان کی تعیناتی کو صنفی مساوات کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا گیا۔ کھیلوں میں خواتین کی حمایت کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کرکٹ فیوچر لیڈرز پروگرام کی بھرپور تائید کی گئی۔ 2 نومبر تک جاری رہنے والے عالمی ویمنز کپ میں 10 مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والی 14 امپائرز اور 4 میچ ریفری ذمہ داریاں ادا کریں گی۔

## حارث، رونالڈو کے بعد ڈی ویلیئرز نے بھی رافیل گرادیئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بھارت کی فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش چار ماہ گزر جانے کے باوجود ذلت و رسوائی کا سبب بن رہی ہے۔ پاک بھارت میچ کے دوران حارث رؤف نے بھارتی شائقین کی جانب سے غیر اخلاقی جملے کہے جانے پر ہاتھ سے رافیل گرنے کا اشارہ کیا۔ بعد ازاں دنیائے فٹبال کے عظیم کھلاڑیوں میں سے ایک کرسٹیانو رونالڈو نے بھی رافیل گرنے کا اشارہ کرکے بھارتیوں کو آگ بگولہ کردیا جس کی ویڈیو چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بھی شیئر کی۔ اب "مسٹر 360" کے نام سے مشہور جنوبی افریقہ کے عظیم بلے باز اے بی ڈی ویلیئرز کی بھی ویڈیو وائرل ہورہی ہے جس میں وہ ہاتھ سے بالکل ایسے ہی اشارہ کررہے ہیں جیسے حارث رؤف اور کرسٹیانو رونالڈو نے کیا تھا۔

## شاہد آفریدی سکسر کرکٹ کے آئیکون پلیئر بن گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور جارح مزاج آل راؤنڈر شاہد آفریدی سکسر کرکٹ کے آئیکون پلیئر بن گئے۔ ویب تھری پر مبنی چھکے لگانے والا گیم سکسر کرکٹ جلد ٹیلیگرام پر متعارف کرایا جائے گا۔ شاہد آفریدی خصوصی فین کلبز کی قیادت سمیت محدود ایڈیشن کلیکٹیبلز اور انعامات بھی فراہم کریں گے۔

## قومی ویمنز ٹیم کا پریکٹس سیشن

کولمبو (سپورٹس ڈیسک) پاکستان ویمنز ٹیم نے کولمبو کرکٹ گراؤنڈ میں پریکٹس سیشن میں حصہ لیا۔ ہیڈ کوچ محمد وسیم کی نگرانی میں پلیئرز کو بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ کی عملی مشقیں کرائی گئیں۔ پاکستان ویمنز ٹیم دوسرا وارم اپ میچ 28 ستمبر کو جنوبی افریقہ کے خلاف کھیلے گی۔

## حارث رؤف ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹس میں 50 وکٹیں لینے والے پہلے پاکستانی

دبئی (سپورٹس ڈیسک) فاسٹ بالر حارث رؤف ٹی ٹونٹی کرکٹ کے ٹورنامنٹس میں 50 وکٹیں لینے والے پہلے پاکستانی بالر بن گئے۔ انہوں نے یہ اعزاز بنگلہ دیش کے خلاف حاصل کیا۔ واضح رہے کہ یہ ٹی 20 وکٹیں نہیں بلکہ ملٹی نیشنل ٹورنامنٹس کی وکٹیں ہیں۔ حارث نے سنگ میل 32 میچوں میں عبور کیا ہے۔

## ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے بھارتی ٹیم کا اعلان

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک) بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا نے ویسٹ انڈیز کے خلاف دو ٹیسٹ میچز کی ہوم سیریز کے لیے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ شبھمن گل کو ٹیم کا کپتان مقرر کیا گیا ہے جبکہ تجربہ کار آل راؤنڈر رویندر جدیجا کو نائب کپتان کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ زخمی وکٹ کیپر بلے باز رشبھ پنت کی عدم موجودگی میں وکٹ کیپنگ کے فرائض دھرو جوریل اور این جگدیشن انجام دیں گے۔

## کھیل کو جنگ سے جوڑنا مایوسی ظاہر کرتا ہے: نقوی

### جنگ میں بھارت کو ہمیشہ پاکستان کے ہاتھوں شکستوں کا سامنا رہا، مودی کو جواب

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین اور ایشین کرکٹ کونسل کے صدر محسن نقوی کا بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے متنازعہ بیان پر سخت ردعمل سامنے آگیا۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے ایشیا کپ فائنل میں پاکستان کے خلاف بھارت کی جیت پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ایکس" پر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ کھیل کے میدان میں آپریشن سندور، یہاں بھی نتیجہ ویسا ہی ہے، انڈیا جیت گیا، ہمارے کرکٹرز کو مبارک ہو۔ مودی کی اس ٹویٹ پر جہاں کچھ بھارتی صارفین نے ان کی تعریف کی وہیں کئی صارفین نے اسے غیر مناسب اور اشتعال انگیز بیان قرار دیا۔ اس بیان پر ردعمل دیتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ اگر جنگ تمہارے فخر کا پیمانہ ہے تو تاریخ گواہ ہے کہ بھارت کو ہمیشہ پاکستان کے ہاتھوں ذلت آمیز شکستوں کا سامنا رہا ہے اور کوئی کرکٹ میچ اس حقیقت کو تبدیل نہیں کرسکتا۔ محسن نقوی نے مزید کہا کہ کھیل کو جنگ سے جوڑنا صرف مایوسی ظاہر کرتا ہے۔

## بی سی سی آئی کا ٹرافی کا معاملہ آئی سی سی میں اٹھانے کا فیصلہ

### ہمیں امید ہے کہ بہت جلد ٹرافی میڈلز بھارت کو واپس کیے جائیں گے، سیکرٹری

ممبئی (سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے ایشیا کپ کے فائنل میں ٹرافی کا معاملہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) میں اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے سیکرٹری دیوا جیت سائکیا نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ آئی سی سی کا اجلاس نومبر کے پہلے ہفتے میں دبئی میں ہو رہا ہے، ہم ایشین کرکٹ کونسل کے چیئرمین کے خلاف شدید احتجاج کریں گے۔ دیوا جیت سائکیا کا کہنا ہے کہ بھارتی بورڈ پہلے دن سے حکومتی پالیسی پر عملدرآمد کر رہا ہے، یہ ایشیا کپ ملٹی نیشنل ٹورنامنٹ ہے، ہم باہمی سیریز نہیں کھیلتے۔ ہم نے اے سی سی چیئرمین محسن نقوی سے ٹرافی نہ لینے کا فیصلہ کیا، کیونکہ وہ پاکستان حکومت کے مرکزی لیڈر ہیں۔ واضح رہے کہ بھارتی کرکٹ ٹیم نے سپورٹس مین سپرٹ کی دھجیاں بکھیر دیں، ایشیا کپ جیتنے کے بعد ایشین کرکٹ کونسل کے سربراہ محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کیا تھا۔

## ساف انڈر 17 چیمپئن شپ، بنگلا دیش نے پاکستان کو شکست دیدی

کولمبو (سپورٹس ڈیسک) ساف انڈر 17 چیمپئن شپ میں بنگلا دیش نے سیمی فائنل میں پاکستان کو شکست دے کر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ سری لنکا میں جاری چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں بنگلا دیش نے پاکستان کو 2-0 سے شکست دی۔ دوسرا سیمی فائنل بھارت اور نیپال کے درمیان کھیلا جائے گا۔ سیمی فائنل میں پاکستان کو شکست دے کر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ سری لنکا میں جاری چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں بنگلا دیش نے پاکستان کو 2-0 سے شکست دی۔

بیجنگ: برطانیہ کی ایما راڈوکانو کیخلاف چائنہ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے میچ میں امریکا کی جیسیکا پیگو لا ریٹرن شاٹ کھیلتے ہوئے

## جنوبی افریقہ کیخلاف چیلنجز کے پیش نظر تیاری کی: اظہر

### ریڈ بال کیمپ میں کھلاڑیوں پر ٹیکنیکل پوائنٹ آف ویو پر کام کیا، عبوری کوچ

لاہور (سپورٹس ڈیسک) قومی ریڈ بال ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ اظہر محمود نے کہا ہے کہ ریڈ بال کیمپ کا مقصد جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز کی تیاری تھی۔ آئندہ ماہ جنوبی افریقہ کی ٹیم پاکستان کا دورہ کرنے والی ہے، جس سے قبل کھلاڑی ریڈ بال کوچ اظہر محمود اور اکیڈمی کے دیگر کوچز کی نگرانی میں ٹریننگ کر رہے ہیں، جو 28 ستمبر تک جاری رہے گی۔ عبوری ہیڈ کوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کی پرفارمرز کو دیکھنا اور ان کے ساتھ کام کرنا ہمارا مقصد تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنگ کھلاڑیوں میں اذان اویس اور حسین نے بہت متاثر کیا۔ کیمپ کے پہلے ہفتے میں کھلاڑیوں پر ٹیکنیکل پوائنٹ آف ویو پر کام کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنوبی افریقہ کے خلاف چیلنجز کو مدنظر رکھ کر تیاری کی۔ کیمپ میں کھلاڑیوں کو ان کنڈیشنز میں لمبی بیٹنگ کرنے کے لیے تیار کرنا مقصد تھا۔ اظہر محمود نے امید ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ آنے والے ٹیسٹ میچز میں ہمیں اچھے رزلٹس ملیں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان سیریز میں 2 ٹیسٹ، 3 ون ڈے اور 3 ٹی ٹونٹی میچز شامل ہیں۔

## یورپ نے رائیڈر کپ ٹائٹل اپنے نام کرلیا

نیویارک (سپورٹس ڈیسک) یورپی گالف ٹیم نے رائیڈر کپ میں امریکا کی ٹیم کے خلاف 15-13 پوائنٹس کی فیصلہ کن برتری حاصل کرتے ہوئے ٹائٹل کا نہ صرف کامیاب دفاع کیا بلکہ مسلسل دوسری مرتبہ ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ آئرلینڈ کے شین لاوری نے اعصاب شکن مقابلے میں 6 فٹ کا برڈی پٹ لگا کر نہ صرف میچ برابر کیا بلکہ یورپ کو چیمپئن برقرار رکھنے کے لئے درکار فیصلہ کن پوائنٹ بھی دلایا۔

## قومی ویمنز ٹیم کی کولمبو میں ٹریننگ

کولمبو (سپورٹس ڈیسک) ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کے سلسلے میں قومی ٹیم نے کولمبو میں ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا۔ خواتین کھلاڑیوں نے چار گھنٹے کے طویل ٹریننگ سیشن میں فزیکل ٹریننگ کے ساتھ بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں، ویمن کرکٹ ورلڈ کپ کا آغاز ہوگا۔ ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کے سلسلے میں قومی ٹیم نے کولمبو میں ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا۔ خواتین کھلاڑیوں نے چار گھنٹے کے طویل ٹریننگ سیشن میں فزیکل ٹریننگ کے ساتھ بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کیں

## صائم ایوب کا ٹی ٹونٹی میں ناپسندیدہ ورلڈ ریکارڈ برابر

ابوظہبی (سپورٹس ڈیسک) پاکستانی بیٹر صائم ایوب نے ٹی ٹونٹی کرکٹ کا ناپسندیدہ ورلڈ ریکارڈ برابر کر دیا۔ بائیں ہاتھ کے بیٹر صائم ایوب ایشیا کپ ٹی ٹونٹی میں بنگلادیش کے خلاف میچ میں ایک بار پھر صفر پر آؤٹ ہوگئے۔ صائم متحدہ عرب امارات میں جاری ایونٹ میں چوتھی اور رواں سال میں چھٹی بار صفر پر پویلین لوٹے ہیں۔ مسلسل صفر پر آؤٹ ہونے کے بعد صائم ایوب نے ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میں ایک کلینڈر ائیر میں سب سے زیادہ صفر پر آؤٹ ہونے کا ورلڈ ریکارڈ برابر کردیا۔ صائم ایوب 2025 میں سب سے زیادہ 6 بار صفر پر آؤٹ ہوئے۔ اس سے قبل زمبابوے رچرڈ انگاروا 2024 میں ٹی ٹونٹی میں 6 مرتبہ بغیر کوئی رن بنائے پویلین لوٹے تھے۔

## بقیہ 1

ہیں اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عوام اور سکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ہم شہداء کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ صوبے میں قیام امن کے لیے حکومت عوام اور ادارے یکجا ہیں اور دہشتگردوں کو کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ دریں اثناء۔۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ یہ ریاست ہم سب کی ہے اور اس کے تحفظ کے لیے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے، دہشتگرد صحت کے مراکز، تعلیمی ادارے بند کرانا چاہتے ہیں مگر ہماری بچیاں اور نوجوان جس جرات اور عزم کے ساتھ ڈٹے ہیں وہ نہ صرف قابل تحسین بلکہ قوم کے لیے باعث فخر ہے نوجوان پاکستان مخالف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیں کیونکہ یہ ریاست سب کی مشترکہ امانت ہے وزیراعلیٰ نے یہ بات منگل کے روز گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں شہید پروفیسر ناظمہ طالب کے نام سے منسوب نئے بلاک اور 10 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے جدید اسمارٹ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب میں صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، راحیلہ حمید خان درانی، میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی میر علی مدد جتک، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، سابق سیکرٹری حافظ محمد طاہر، کالج کی پرنسپل سعدیہ فاروقی سمیت اعلیٰ حکام اور طالبات کی بڑی تعداد شریک تھی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جس پر پوری قوم اپنے غیور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فوج، پولیس، ایف سی، لیویز، عام شہری اور وہ افراد جنہوں نے صوبے میں امن و ترقی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا یہ سب تاریخ کے حقیقی ہیرو ہیں انہوں نے کہا کہ زہری میں جاری آپریشن کے نتیجے میں دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے اور ان کی چیخیں سنائی دے رہی ہیں وزیراعلیٰ نے پروفیسر ناظمہ طالب کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ کراچی سے کوئٹہ صرف تعلیم کی خدمت کے جذبے سے آئیں مگر انہیں بزدلانہ دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا اسی طرح جسٹس نواز مری کو بھی قوم سے چھین لیا گیا وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ سرینہ چوک کو شہید جسٹس نواز مری کے نام سے منسوب کیا جائے گا تاکہ ان کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں ایسا جدید تعلیمی ماحول پیدا کیا جا رہا ہے جہاں دنیا کے کسی بھی حصے سے ماہرین آن لائن لیکچر دے سکیں گے گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں اضافی کلاسز تعمیر ہوں گی اور طالبات سے کیا گیا لیپ ٹاپ کی فراہمی کا وعدہ ہر حال میں پورا کیا جائے گا انہوں نے اعلان کیا کہ کالج میں ڈیجیٹل سہولیات اور جدید انفراسٹرکچر فراہم کر کے طالبات کو عالمی معیار کی تعلیم دی جائے گی وزیراعلیٰ نے تقریب میں تلاوت، ملی نغمہ اور اسٹیج کی ذمہ داریاں سنبھالنے والی طالبات کے لیے 50 ہزار روپے فی کس انعام کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ ملی نغمہ پیش کرنے والی باصلاحیت طالبہ موسیقی کے شعبے میں آگے بڑھنا چاہتی ہے تو ان کے تمام اخراجات حکومت برداشت کرے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب کے اختتام پر نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو دلیل اور عمل سے شکست دیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بچے اور بچیاں ہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں اور ان کے حوصلے دشمن کے ہر وار سے زیادہ مضبوط ہیں اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید

# سپر ٹیکس کیس ہر سال کوئی نہ کوئی نئی چیز سامنے آجاتی ہے، جسٹس علی مظہر

فنانس بل آئندہ آنیوالے برس کیلئے ہوتا ہے، گزرے سال کیلئے نہیں، کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس

پاہ رہے ہیں کیس جلد ختم کریں، 7 اکتوبر سے 26 ویں ترمیم کی سماعت شروع کر رہے ہیں، جسٹس امین الدین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس علی مظہر نے سپر ٹیکس کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہر سال کوئی نہ کوئی نئی چیز سامنے آجاتی ہے، دوران سماعت مختلف کمپنیوں کی جانب سے وکیل شہزاد عطا الٰہی نے دلائل مکمل کرلیے، شہزاد عطا الٰہی نے کہا ٹیکس وہ ہوتا ہے جو روز مین میں لاگو ہو، جسٹس علی مظہر نے استفسار کیا فنانس بل کا سٹرکچر کیا ہوتا ہے؟ فنانس بل آئندہ آنیوالے سال کیلئے ہوتا ہے، گزرے سال کیلئے نہیں کمپنیز کے وکیل شہزاد عطا الٰہی نے دلائل میں کہا سارا ٹیکس دینے کیلئے تیار ہیں لیکن چاہتے ہیں رات سوئیں اور صبح نیا ٹیکس لاگو نہ ہو، ایکٹ بنانے کا کیا مقصد تھا، (بقیہ نمبر 34 صفحہ 07)

## سوراب، ٹریفک حادثے میں 4 افراد جاں بحق، 2 زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سوراب کے علاقے میں ٹریفک حادثے کے دوران 4 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سوراب کے علاقے تغاز کے ایریا میں تیز رفتار کار اور مزدا کے درمیان تصادم کے نتیجے میں کار ڈرائیور عنایت اللہ سکنہ کوئٹہ عبدالستار ایچی بیگ اور زینب جاں بحق ہوگئی حادثے میں طلحہ اور حذیفہ زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 07)

## شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

یہ بزدلانہ کارروائی دہشت گردوں کی ناکام سازش ہے، صوبائی وزیر، واقعہ کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اینڈ واسا سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے آج کوئٹہ میں ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بزدلانہ کارروائی دہشت گردوں کی ناکام سازش ہے۔ صوبائی وزیر نے فورسز کی بروقت اور جرات مندانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی اداروں نے چار دہشت گردوں (بقیہ نمبر 35 صفحہ 07)

## دہشتگردی کو قومی اتحاد اور حوصلے سے ناکام بنایا جائے گا، سیدال خان ناصر

اس طرح کے حملے ملک کے امن و استحکام کو متزلزل کرنے کی ناکام سازشیں ہیں

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ، سیدال خان نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹرز کے قریب کار بم دھماکے میں کم از کم 10 قیمتی انسانی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 07)

## حکومت دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے، نور محمد دمڑ

سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کو موقع پر ہی جہنم واصل کردیا، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی امن دشمن عناصر کی سازش ہے جس کا مقصد صوبے کے پرامن ماحول کو خراب کرنا ہے حاجی نور محمد دمڑ نے واضح کیا کہ حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور کسی کو (بقیہ نمبر 38 صفحہ 07)

گوادر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی گوادر میں پانی بحران سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# اسرائیل اور امریکہ نے فلسطین میں ظلم کی انتہا کردی، جمعیت نظریاتی

غزہ میں جاری خوفناک بمباری سے روزانہ سیکڑوں بچے خواتین جوان اور بوڑھے لقمہ اجل بن رہے ہیں

ہسپتالوں کو نشانہ بنانا جنگی جرائم کی بدترین شکل ہے، مولانا عبدالقادر لونی و دیگر، کوئٹہ میں بم دھماکے کی مذمت

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی و دیگر کاسی روڈ اور مدرسہ روڈ کے دورہ کے دوران مختلف وفود تاجروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی صدر اور اسرائیلی وزیراعظم کی ملاقات کے بعد قطر حملہ کی لفظی معذرت اور ٹرمپ کے حماس مجاہدین کی غزہ سے بیدخلی، ہتھیار ڈالنے اور اسلامی دنیا سے اسرائیل کو تسلیم کرانا امریکی سازش ہے غزہ میں دوسال سے اسرائیل و امریکہ گٹھ جوڑ سے مظلوم فلسطینیوں (بقیہ نمبر 39 صفحہ 07)

## معصوم جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، جمعیت

اداروے شرپسندوں کی بیخ کنی کیلئے اقدامات کریں، مولانا حسین احمد شرودی و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا شاہ محمد حاجی سید عبدالواحد آغا مولانا محمد ساسولی مولانا محمد ہاشم خلجی مولانا حفیظ اللہ ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی رحیم الدین ایڈووکیٹ نعمت افغان چوہدری محمد (بقیہ نمبر 40 صفحہ 07)

## بلوچستان میں ڈیجیٹل مالیاتی نظام کا باقاعدہ آغاز ہو گیا

ای فائلنگ سمیت کئی جدید ڈیجیٹل سہولیات شامل کی گئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان حکومت نے مالیاتی نظام میں اصلاحات کے اپنے پرانے مالیاتی طریقہ کار کو تبدیل کرتے ہوئے ایک نیا ڈیجیٹل مالیاتی نظام متعارف (بقیہ نمبر 42 صفحہ 07)

## سانحہ کوئٹہ فارم 47 کی حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، پی کے میپ

دہشتگردی کی ہر صورت اور بے گناہ انسانوں کا خون بہانا قابل صد مذمت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کوئٹہ شہر حالی روڈ پر بم دھماکے کے نتیجے میں بے گناہ انسانی جانوں کے ضیاع اور دہشتگردی کے اس واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بم دھماکے کے نتیجے میں سیکورٹی اہلکاروں سمیت 11 افراد کی شہادتیں اور 30 کے قریب افراد کے زخمی (بقیہ نمبر 43 صفحہ 07)

## کوئٹہ واقعہ انسانیت کیخلاف سفاکانہ اور شرمناک عمل ہے، رحمت صالح بلوچ

دہشتگردوں نے سینکڑوں خاندانوں کو دکھ اور کرب میں مبتلا کیا ہے، رہنما نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کوئٹہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی (بقیہ نمبر 44 صفحہ 07)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

# سپریم کورٹ نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو کام سے روکنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا

کسی جج کو عبوری حکم کے ذریعے جوڈیشل ورک سے نہیں روکا جا سکتا، عدالت عظمیٰ نے واضح کردیا

اسلام آباد ہائیکورٹ کو کووارنٹو درخواست کی سماعت میں پہلے اعتراضات کا فیصلہ کرنا ہوگا، حکم نامہ

اسلام آباد، کراچی (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو کام سے روکنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا، عدالت عظمیٰ نے واضح کیا کسی جج کو عبوری حکم کے ذریعے جوڈیشل ورک سے نہیں روکا جا سکتا، سماعت کے دوران اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے مؤقف اختیار کیا جج کو عبوری آرڈر (بقیہ نمبر 46 صفحہ 07)

## دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیاں حوصلے پست نہیں کرسکتیں، سینیٹر منظور احمد کاکڑ

سکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر دہشتگردوں کے مکروہ عزائم کو ناکام بنادیا، رہنما بی اے پی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے کہا کہ ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب دردناک واقعہ کے شدید مذمت کرتے کی (بقیہ نمبر 45 صفحہ 07)

## دشمن کے ناپاک عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہوں گے، میاں خان بگٹی

سبی (اے این این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم اینڈ انرجی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ خوف وہشت کا ماحول پیدا کرکے بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنانے والے اپنے ناپاک عزائم میں افواج پاکستان کی موجودگی (بقیہ نمبر 48 صفحہ 07)

## حکومت عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے، ملی یکجہتی کونسل

ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خودکش حملہ، بے گناہ لوگوں کی شہادت قابل مذمت ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ملی یکجہتی کونسل کے رہنماء اور جماعت اسلامی کے صوبائی امیر و ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ اسرائیل، بھارت اور امریکہ کی فلسطین اور مسلمانوں کے خلاف جاری خون کی ہولی اور جارحیت کے خلاف 7 اکتوبر کو بلوچستان (بقیہ نمبر 47 صفحہ 07)

## ایف سی ہیڈکوارٹر پر ہونے والے حملہ قابل مذمت ہے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حملے کے نتیجے میں بیگناہ و معصوم شہریوں و سیکورٹی اہلکاروں کی (بقیہ نمبر 49 صفحہ 07)

کوئٹہ، صدر ملی یکجہتی کونسل بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

# قدرتی آفات، سیلاب ترقی کیلئے خطرہ، پاکستان میں مہنگائی بڑھے گی، ایشیائی ترقیاتی بینک

آئی ایم ایف پروگرام کے تحت معاشی اصلاحات میں پیشرفت، ترقی کے امکانات مثبت ہیں لیکن ڈھانچہ جاتی چیلنجز برقرار ہیں

سیلاب سے سپلائی چین متاثر، خوراک کی قیمتوں میں اضافہ متوقع، گیس ٹیرف بڑھنے سے مہنگائی اڑان پکڑے گی، آؤٹ لک رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایشیائی ترقیاتی بینک نے کہا ہے پاکستانی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہے، مہنگائی بڑھے گی، آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026 میں جی ڈی پی گروتھ 3 فیصد رہنے کا امکان ہے، پالیسی ریفارمز، استحکام سے معیشت میں بہتری جاری رہے گی، آئی ایم ایف پروگرام کے تحت پاکستان میں معاشی اصلاحات میں پیشرفت ہوئی، ترقی کے امکانات مثبت ہیں لیکن ڈھانچہ جاتی چیلنجز برقرار ہیں، بار بار آنے والی قدرتی آفات اور حالیہ سیلاب ترقی کیلئے خطرہ ہیں، اے ڈی بی کے مطابق اصلاحات، پالیسی عملدر (بقیہ نمبر 50 صفحہ 07)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا انڈیویجول لینڈ کے زیراہتمام انسانی حقوق اور میڈیا خواندگی سے متعلق منعقدہ کانفرنس کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

## دہشتگرد بلوچستان کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، صادق عمرانی

بم دھماکے میں معصوم شہریوں کی شہادت ناقابل تلافی نقصان ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل (بقیہ نمبر 51 صفحہ 07)

## ملکی سلامتی کیلئے جانیں قربان کرنیوالے قوم کا فخر ہیں، جمال شاہ

سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی سے بڑے نقصان کو ٹالا گیا، ایم این اے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے ایف سی ہیڈکوارٹرز کوئٹہ کے قریب حملے کی (بقیہ نمبر 53 صفحہ 07)

# حماس نے منصوبہ مسترد کیا تو کام تمام کردینگے، اسرائیلی وزیراعظم کی دھمکی

فلسطینی ریاست کی بات معاہدے میں شامل نہیں، فوج غزہ کے بیشتر حصوں میں موجود رہے گی، نیتن یاہو

معاہدہ جنگ کے خاتمے کیلئے اسرائیلی اصولوں سے مطابقت رکھتا، منصوبہ یقینی بنائے گا غزہ اب خطرہ نہیں، بیان

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے حماس نے منصوبہ مسترد کیا تو کام تمام کردیں گے، اپنے بیان میں نیتن یاہو نے کہا امریکی صدر سے فلسطینی ریاست پر اتفاق نہیں کیا اور فلسطینی ریاست کی بات معاہدے میں بھی نہیں لکھی، بات واضح ہے فلسطینی ریاست کی سختی سے مخالفت کریں گے، فوج غزہ کے بیشتر حصوں میں موجود رہے گی، اسرائیلی وزیراعظم نے دھمکی دیتے ہوئے کہا ٹرمپ کے مجوزہ غزہ جنگ بندی منصوبے کو حماس نے رد کیا تو اسرائیل اپنا کام مکمل کریگا، منصوبہ جنگ کے خاتمے کیلئے اسرائیلی اصولوں (بقیہ نمبر 55 صفحہ 07)

## نہتے شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا ناقابل معافی عمل ہے، علی حسن زہری

اس طرح کے حملے ملک کے امن و امان کو تباہ کرنے کی ناکام سازش ہیں، صوبائی وزیر زراعت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے صوبائی وزیر برائے زراعت و کوآپریٹیو میر علی حسن زہری نے کوئٹہ میں ہونے والے المناک دھماکے پر گہرے دکھ اور رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اس بزدلانہ کارروائی کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے نہتے شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا، قابل افسوس اور (بقیہ نمبر 57 صفحہ 07)

## دہشت گردی کیخلاف جنگ میں کامیابی فورسز کی ہوگی، تحریک انصاف

کوئٹہ میں نہایت المناک اور دل دہلا دینے والا سانحہ رونما ہوا، شہدا کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب ہونے والے افسوسناک بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ (بقیہ نمبر 58 صفحہ 07)

## بچوں کے بہتر مستقبل کیلئے اقدامات قابل ستائش ہیں، ثاقبہ رحیم الدین

پاکستان چلڈرن اکیڈمی ٹرسٹ کی نومنتخب ایگزیکٹو کمیٹی دلجمعی سے فرائض ادا کریگی

کوئٹہ (سٹی رپورٹ) پاکستان چلڈرن اکیڈمی ٹرسٹ بیگم ثاقبہ رحیم الدین نے پاکستان چلڈرن اکیڈمی ٹرسٹ کی نومنتخب ایگزیکٹو کمیٹی کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کیا ہے۔ اپنے جاری کردہ ایک تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ نیا باب آپ کے لیے نئی قوت، لگن اور وژن لے کر آئے تاکہ آپ ہمارے بچوں اور ان (بقیہ نمبر 59 صفحہ 07)

## سبی: ضلعی انتظامیہ کی جانب سے طلباء و طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم

سبی (خ ن) تعلیم کے فروغ اور طلبہ کو جدید سہولیات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ سبی کی جانب سے ڈپٹی کمشنر آفس سبی کے کانفرنس ہال میں ایک پروقار تقریب ہوئی جس میں میٹرک اور انٹرمیڈیٹ امتحانات میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے 20 ہونہار (بقیہ نمبر 41 صفحہ 07)

## دہشت گرد امن سبوتاژ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، مشیر بلدیات

فورسز کی موجودگی میں دہشتگردوں کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونگے، نوابزادہ امیر حمزہ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر برائے بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے فرنٹیئر کور کو فتنہ خوارج اور دہشت گردوں کے خلاف بروقت (بقیہ نمبر 60 صفحہ 07)

سبی، صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی ضلعی انتظامیہ کی جانب انٹرمیڈیٹ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کررہے ہیں

# مقدمات حقوق کے حصول میں رکاوٹ نہیں بن سکتے، اے این پی

نام نہاد حکمران و اشرافیہ اولس کے اتفاق و اتحاد کو دیکھ کر حواس باختگی کا شکار ہوچکے ہیں، اصغر اچکزئی

دہشتگردی کسی بھی صورت میں ہو ایک لعنت ہے، اجلاس سے خطاب، کوئٹہ میں بم دھماکے کی مذمت

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ 11 اکتوبر کو چمن میں منعقدہ اولسی اجتماع (اولسی پاسون) معاشی سیاسی مشکلات کے حل میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے جب بھی پشتونوں کی حقیقی قومی سیاسی و مذہبی جماعتوں نے یک آواز ہوکر جہد کی وہ رنگ لے آئی نام نہاد حکمران و اشرافیہ اولس کے اتفاق و اتحاد کو دیکھ کر حواس باختگی کا شکار ہوچکے مقدمات حقوق کے حصول میں رکاوٹ نہیں بن سکتے دہشت گردی ایک لعنت ہے وہ چاہے فرد، گروہ، فرقہ یا کسی قوم کی جانب سے ہی کیوں نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں بے گناہ (بقیہ نمبر 62 صفحہ 07)

## نوشکی: موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

نوشکی (آن لائن) نوشکی کلی جمالدینی میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی تفصیلات کے مطابق نوشکی کے علاقہ کلی جمالدینی میں موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے عبد الطیف ولد لشکری عبد الرزاق قوم جمالدینی شدید زخمی ہوئے جن کو میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کردیا گیا ڈاکٹروں کے مطابق زخمی شخص کو تین گولیاں پاس پر لگے ہیں۔ پولیس واقعہ کی مزید تفتیش کررہی ہے،

## سانحہ کوئٹہ وطن عزیز کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش ہے، حاجی علی مدد جتک

دشمن کے اشاروں پر کام کرنے والے ملک کے امن و سلامتی کے بڑے دشمن ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی اسمبلی کے رکن اور مرکزی کمیٹی کے سینئر رہنما حاجی علی مدد جتک نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈکوارٹر پر دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی وطن عزیز کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کے اشاروں پر کام کرنے والے خوارج (بقیہ نمبر 63 صفحہ 07)

## کوئٹہ دھماکہ اسلام و پاکستان دشمنوں کی ناپاک کاروائی ہے، علی محمد ابوتراب

جب تک قوم متحد ہے بزدل دشمن ہمارا بال بھی باکا نہیں کرسکتا، مولانا عبدالغنی زامرانی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی جمعیت اہلحدیث بلوچستان کے امیر مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب سرپرست اعلیٰ مولانا عبدالغنی زامرانی نائب امیر مولانا عبدالرزاق (بقیہ نمبر 64 صفحہ 07)

## فورسز نے دہشتگردوں کے مذموم مقاصد ناکام بنائے، علی مردان ڈومکی

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور ناقابل قبول عمل ہے، سابق وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے میں منگل کو ہونے والے بم دھماکے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور (بقیہ نمبر 65 صفحہ 07)

## پشتون قوم کیخلاف نسلی امتیاز پر مبنی پالیسیوں کا خاتمہ ناگزیر ہے، پی کے نیپ

پشتونوں کو دیوار سے لگانے پر مبنی منفی طرز عمل کا رویہ ترک کیا جائے، مرکزی بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتون قوم کے خلاف نسلی امتیاز پر مبنی پالیسیوں اور پشتون دشمن اقدامات کا خاتمہ کیا جائے (بقیہ نمبر 68 صفحہ 07)

## پی پی رہنماؤں کے بیانات غیر سنجیدہ، بے بنیاد ہیں، عظمیٰ بخاری

صوبے کے وسائل، خزانے اور پانی پر سب سے پہلے پنجاب کے عوام کا حق ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے پی پی رہنماؤں کے حالیہ بیانات کو غیر سنجیدہ، بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا صوبے کے وسائل، خزانے اور پانی پر سب سے پہلے پنجاب کے عوام کا حق ہے پھر کسی اور کا، پی پی رہنما پنجاب کے سیلاب پر سیاست کر رہے ہیں، کیا مشورہ مودی نے دیا؟ صوبائی و لسانی سیاست کو ہوا دینے کی کوشش پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 69 صفحہ 07)

## پلاسٹک بیگز کا مسلسل استعمال ماحول کیلئے بڑا چیلنج، پروفیسر فرخندہ

بروقت تدارک ناگزیر ہے، ہماری نسلوں کو نقصانات کا سامنا کرنا پڑے گا

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) پلاسٹک بیگز کا مسلسل استعمال ماحول کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے جس کی بروقت تدارک ناگزیر ہے، پلاسٹک کا استعمال مسلسل ماحول (بقیہ نمبر 71 صفحہ 07)

مولانا عبدالقادر لونی، سید عبدالستار شاہ چشتی عالم دین کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

# میڈیا کے منفی اثرات پر قابو پانا وقت کی ضرورت ہے، گورنر بلوچستان

میڈیا پر جعلی خبروں کی بھرمار ہے، دنیا بھر کیلئے افواہوں اور پروپیگنڈہ پر قابو پانا چیلنج بن چکا ہے

میڈیا کے مثبت استعمال اور احساس ذمہ داری کیلئے شعور اجاگر کرنا ہوگا، جعفر مندوخیل کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ میڈیا پر جعلی خبروں کی بھرمار ہے جو دنیا بھر کی حکومتوں کیلئے افواہوں اور پروپیگنڈے پر قابو پانا ایک چیلنج بن چکا ہے۔ اس ضمن میں قانون سازی خاص طور پر مشکل ثابت ہوتی ہے کیونکہ یہ آزادی اظہار کے درمیان نازک توازن کو تلاش کرتی ہے جو ہر ملک کے آئین میں درج ایک بنیادی حق ہے۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر مکمل پابندی کی صورت میں عالمی خدشات پیدا ہوتے ہیں لہٰذا سردست سیمینارز، کانفرنسز اور ورکشاپس وغیرہ کے ذریعے جعلی خبروں کے منفی اثرات کو کم کرنے کیلئے (بقیہ نمبر 72 صفحہ 07)

## کوئٹہ گاڑی میں جھلسنے والا شخص جاں بحق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے نواں کلی میں لگنے والی آگ سے گاڑی میں جھلسنے والا شخص ہلاک ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے (بقیہ نمبر 52 صفحہ 07)

## ایف سی ہیڈکوارٹر کوئٹہ پر حملہ قابل مذمت ہے، جمال رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم این اے رہنما نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے ایف سی ہیڈکوارٹر کوئٹہ پر ہونے والے بزدلانہ خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ ہمارے شہدا اور معصوم شہریوں کی عظیم قربانیوں پر براہ راست وار ہے۔ دشمن کے ایسے بزدلانہ (بقیہ نمبر 54 صفحہ 07)

## معصوم اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا گھناؤنی ذہنیت ہے، شعیب نوشیروانی

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہمارے عزائم غیر متزلزل ہیں، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے پشین سٹاپ ایف سی ہیڈکوارٹر کے قریب ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا بزدل دہشت گردی کا نشانہ بنانا ناکام سوچ اور گھناؤنی سازشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات سے عوام کے حوصلے ہرگز پست نہیں (بقیہ نمبر 73 صفحہ 07)

## قوم دہشت گردی کے تمام شکلوں کے خلاف ہے، میر سلیم کھوسہ

سکیورٹی فورسز کی جرات مندانہ حکمت عملی سے دہشت گردوں کے منصوبے ناکام ہورہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کا کوئٹہ دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت صوبائی (بقیہ نمبر 74 صفحہ 07)

## عبدالغفار خان کاکڑ کو پی ٹی آئی کا مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مقرر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم کے دستخط سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق عبدالغفار خان کاکڑ کو مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مقرر کیا گیا ہے۔

## تربت میں اعلیٰ سطحی اجلاس، امن و امان اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا

ترقیاتی اسکیمات بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کی جائیں، صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی

تربت (یو این اے) بلوچستان کے صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقی میر ظہور احمد بلیدی کی زیر صدارت کمشنر آفس تربت میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کیچ کے امن و امان اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سابق وزیراعلیٰ و ایم پی اے تربت ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزراء اینا مجید بلوچ، حاجی برکت رند، میر اصغر رند (بقیہ نمبر 75 صفحہ 07)

تربت، صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، میر اصغر رند، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم کو ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

# حکومت عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہے، چیف سیکرٹری

ہر فرد کو بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت اور صاف پانی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جارہی ہے، شکیل قادر خان

معاشی بہتری کیلئے کیش لیس اکانومی کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، کمشنرز و ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی خدمت، فلاح و بہبود اور ان کا معیار زندگی مزید بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہے، ہر فرد کو بنیادی سہولیات جیسے تعلیم، صحت، صاف پانی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جارہی ہے۔ صوبائی حکومت نے گڈ گورننس کے اصولوں کو مضبوط کرتے ہوئے عوام کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح قرار دیا ہے۔ تمام متعلقہ ادارے مل کر عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے کوشاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 76 صفحہ 07)

## متنازع ٹویٹ کیس میں ایمان مزاری، ہادی چٹھہ پر فرد جرم عائد

فرد جرم کی نقل فراہم کر دیں، وکیل، طریقہ کار کے ذریعے درخواست دیں، عدالت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے متنازع ٹویٹ کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کر دی، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج افضل مجوکہ نے کیس پر کی، عدالت نے استفسار کیا ایمان مزاری، ہادی علی چٹھہ کہاں ہیں؟ ملزم کس سے اجازت لے کر گئے؟ دوران سماعت عدالت کی جانب سے فرد جرم پڑھ (بقیہ نمبر 77 صفحہ 07)

## لورالائی: مغویہ بازیاب، قتل و اغوا میں ملوث دو ملزمان گرفتار

لورالائی (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی رینج جنید احمد شیخ کے احکامات اور ایس ایس پی لورالائی احمد سلطان کی ہدایات پر پولیس ڈی پی او کریم مندوخیل کی زیر نگرانی، ایس ایچ او تھانہ شہید محمد اشرف ترین سٹی لورالائی محمد انور جلاالزئی کی سربراہی میں (بقیہ نمبر 61 صفحہ 07)

## پی پی ترجمان سیاست کریں گے تو جواب بھی ملے گا، مریم اورنگزیب

صوبوں کی ایک دوسرے پر بلاجواز تنقید ملکی مفاد میں نہیں، پیپلز پارٹی کو سمجھنا ہو گا

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے پی پی ترجمان گندم، سیلاب پر سیاست کریں گے تو جواب بھی ملے گا، وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 78 صفحہ 07)

## حکومت عوام کے تحفظ میں بُری طرح ناکام ہوچکی، پشتونخوامیپ

دہشتگردی کے مسلسل واقعات حکومت اور اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ حالی روڈ پر بم دھماکہ اور بے گناہ انسانی جانوں کے ضیاع کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بم دھماکے کے نتیجے میں سیکورٹی اہلکاروں سمیت 11 افراد شہید اور 30 کے قریب افراد کے زخمی ہوئے ہیں جو کہ سول ہسپتال ٹراما سینٹر میں زیر علاج ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ دہشتگردی (بقیہ نمبر 79 صفحہ 07)

## بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم طلباء نے نیب دفتر کا دورہ کیا

شکایات پر کارروائی، انکوائری اور پراسیکیوشن کے بارے میں آگاہی حاصل کی

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین نیب کے وژن کے مطابق اور انسداد بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم کے تحت، قومی احتساب بیورو (بلوچستان) نے 30 ستمبر 2025 کو (بقیہ نمبر 80 صفحہ 07)

ڈائریکٹر جنرل نیب ڈائریکٹر و ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء کے وفد سے بدعنوانی کے خاتمے کے حوالے سے خطاب کررہے ہیں

# حکمران اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف، بلوچستان کے حالات سنگین ہوچکے، مولانا واسع

کوئٹہ کو خون میں نہلا دیا گیا، معصوم شہریوں کی قیمتی جانیں ضائع ہوگئیں، حکمران سب اچھا کی رٹ لگائے ہوئے ہیں

بم دھماکہ انسانیت دشمنی ہے، ملوث عناصر کو گرفتار زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں، صوبائی امیر جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر اور سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کوئٹہ میں ہونے والے حالیہ المناک دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی سے کوئٹہ ایک بار پھر خون میں نہلا دیا گیا ہے اور معصوم شہریوں کی قیمتی جانیں ضائع ہوگئیں۔ یہ حملہ نہ صرف انسانیت (بقیہ نمبر 66 صفحہ 07)

## خیبرپختونخوا کے 2 وزرا، فیصل ترکئی، عاقب نے استعفیٰ دیدیا

دونوں وزرا کو وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور بہت پہلے ہٹانا چاہتے تھے، ذرائع

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے 2 وزراء نے استعفیٰ دیدیا، صوبائی وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم فیصل ترکئی، صوبائی وزیر آبپاشی عاقب نے استعفیٰ تحریری طور پر وزیر (بقیہ نمبر 81 صفحہ 07)

## فورسز کا فتنہ خوارج کے حملے کو پسپا کرنا قابل تحسین، نواب زہری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان، نواب ثناء اللہ خان زہری نے ایف سی ہیڈکوارٹر کوئٹہ پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے نواب ثناء اللہ خان زہری نے (بقیہ نمبر 67 صفحہ 07)

## گورنمنٹ گرلز ہائی سکول الہ آباد میں آئی ٹی لیب کا افتتاح

غریب آباد ہائی اسکول میں آئی ٹی لیب کیلئے علیحدہ سولر سسٹم فراہم کردیا گیا

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے ورلڈ بینک اسپائر پروجیکٹ کے تحت گورنمنٹ گرلز ہائی سکول الہ آباد میں آئی ٹی لیب کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر طارق الماس اور (بقیہ نمبر 82 صفحہ 07)

## سابق وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی کوئٹہ دھماکے کی مذمت

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ کے علاقے پشین اسٹاپ میں پیش آنے والے خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعہ کو بزدلانہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے سکیورٹی فورسز خصوصاً ایف (بقیہ نمبر 70 صفحہ 07)

پشتونخوامیپ کے عبدالحق ابدال عبدالقہار ودان سول ہسپتال ٹراما سینٹر میں بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کررہے ہیں

# حکومت نے استعمال شدہ گاڑیاں کمرشل بنیادوں پر درآمد کرنیکی اجازت دیدی

استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل درآمدات کی اجازت ماحولیاتی و حفاظتی معیارات کی سخت تعمیل سے مشروط ہوگی

امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 میں درکار ضروری ترامیم، وزارت تجارت نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے استعمال شدہ گاڑیاں کمرشل بنیادوں پر درآمد کرنے کی اجازت دیدی، وزارت تجارت نے باضابطہ نوٹی فکیشن جاری کردیا، نوٹی فکیشن کے مطابق امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 میں درکار ضروری ترامیم کردی گئی، استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل درآمدات کی اجازت ماحولیاتی وحفاظتی معیارات کی سخت تعمیل سے مشروط ہوگی، ابتدائی طور پر صرف 5 سال سے پرانی نہ ہونے والی گاڑیوں کو 30 جون 2026 تک درآمد کرنے کی اجازت ہوگی، اضافی ڈیوٹی 30 جون 2026 تک نافذ العمل رہے گی۔